☆ ''گُستاخِ رسول کی شرعی سزا'' غزالی دوراں علامہ احمد سعید کاظمی، جمعیت اِشاعتِ اہلسنّت پاکستان، نوٹ! یہ دونوں رسالے جمعیت اشاعت اہلسنّت نے ایک ساتھ شائع کئے، پھر انوار القرآن، کراچی نے اور یہی رسالے ''تحفّظ عقائدِ اہلسنّت'' میں بھی شائع ہوئے۔

☆ ''گُستاخِ رسول کا شرعی حکم'' شیخ القرآن مولانا غلام علی اوکاڑوی، دارالعلوم جامعہ حنفیہ اشرف المدارس، اوکاڑہ

☆ ''گُستاخِ رسول کی شرعی حیثیت'' اردو، مفتی محمد گل رحمٰن قادری، فرید بک اسٹال، لاہور

☆ گُستاخِ رسول کی سزائے موت'' علامہ سید حسین شاہ صاحب، جماعت اہلسنّت پاکستان، کراچی، ماہنامہ مصلح الدین، کراچی، ماہنامہ دلیلِ راہ، لاہور، سہ ماہی سفینۂ بخشش، کراچی

☆ ''گُستاخِ رسول کی سزائے موت'' مع تخریج، حواشی وتقدیم علامہ سید ریاض حسین شاہ صاحب، جمعیت اِشاعتِ اہلسنّت، پاکستان، نور مسجد میٹھادر، کراچی، اور یہ آپ کے ہاتھوں میں ہے

☆ ''گُستاخِ رسول واجب القتل ہے'' علامہ محمد حسن فیض، بزمِ فیضیہ، احمد پور شرقیہ، بہاولپور

☆ ''گُستاخِ رسول کی سزا'' (سلمان رُشدی کے ردّ میں) صاحبزادہ سید افتخار الحسن زیدی، مکتبہ نوریہ رضویہ، گلبرگ، فیصل آباد

☆ ''گُستاخی واہانتِ رسول کی عالمی مہم'' علامہ نسیم احمد صدیقی، انجمن ضیائے طیبہ، کھارادر، کراچی

☆ ''گُستاخوں کا بُرا انجام'' فیضِ ملّت علامہ فیض احمد اویسی، سیرانی کُتُب خانہ، بہاولپور

☆ ''جُرم توہینِ رسالت'' (فقہ حنفی کی روشنی میں) مفتی محمد اقبال سعیدی شیخ الحدیث مدرسہ انوار العلوم ملتان، صقہ فاؤنڈیشن، لاہور

ـ اور مذاہب عالم کی روشنی میں'' پروفیسر حبیب اللہ

ج القرآن پبلی کیشنز، لاہور

ـانی خرافات'' علامہ محمد ظہیر الدین قادری، فرید بک

ہ'' ڈاکٹر شمس الدین فاسی (لندن) ترجمہ: ڈاکٹر محمد

دریہ جامعہ نظامیہ، لاہور

ـں، جہانگیر بک ڈپو، لاہور

ـف قادری رضوی، مکتبہ ضیائیہ بوہڑ بازار، راولپنڈی

ـد سلطان شاہ، بزم رضویہ رجسٹرڈ، لاہور

ـدری، قادری رضوی کتب خانہ، لاہور

ـخ حنفی قادری، یہ رسالہ ''حُرمتِ رسول پر سب کچھ

ـعبداللہ رضا ناصر، مکتبہ تحفّظِ ایمان، کراچی، یہ رسالہ
ـے الزام میں سزائے موت پانے والی آسیہ مسیح کیس

ـمکتبہ تحفّظِ ایمان، کراچی اور یہ رسالہ بھی مسیحی خاتون

ـء، ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ)، محمد شہزاد قادری تُرابی اور یہ
ـانین رسالت ﷺ کے الزام میں سزا پانے والی
ـنے، قانون توہینِ رسالت ﷺ کو ''کالا قانون''
ـشق کے مخالف، سوئر کھانے والے اور شراب پینے
ـے میں مفید معلومات پر مشتمل ہے۔

اِن میں بعض سے کُتُب و رسائل شائع ہو چکے ہیں اور کچھ تو کئی بار شائع ہوئے اور بعض ہنوز شائع نہیں ہو سکے اور وہ کُتُب ان کے علاوہ ہیں کہ جن میں شاتمانِ انبیاء علیہم السّلام کا حکم بیان کرنے کے لئے ابواب مختص کئے گئے ہیں جیسے ''شفا قاضی عیاض'' ''الاعلام بقوطع الاسلام'' ''مقام رسول ﷺ'' وغیرہا۔

محمد عطاء اللہ نعیمی

خادم دار الحدیث والافتاء بجامعۃ النور

جمعیت اشاعت اہلسنّت، پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

گُستاخِ رسول کی سزا ئے موت ...... چند ضروری وضاحتیں

از علامہ سید ریاض حسین شاہ

''روز نامہ جنگ'' کی ایک اشاعت میں مضمون نظر سے گزرا ''عُلَماء کنفیوژن دُور کریں''۔ مضمون نگار کے اُسلوب سے خلوص اور مذہبی متانت محسوس ہو رہی تھی۔ لوگوں کے ذہن میں سلمان تاثیر کے قتل سے کئی ایک سوال پیدا ہو گئے۔ جماعت اہلِ سنّت پاکستان کے دارالافتا'' سے صادر ہونے والے فتویٰ'' (۱) نے ملّتِ اسلامیہ کی مذہبی سوچوں کو ایک رُخ دیا

۱۔ اور یہ اخبارات میں شائع ہوا جس میں (گورنر پنجاب) سلمان تاثیر کی نماز جنازہ پڑھنے اور اُس کے قتل پر افسوس کرنے سے منع کیا گیا اور چنانچہ ''روز نامہ جنگ'' میں ہے: جماعت اہلسنّت پاکستان کے مرکزی امیر پروفیسر سید مظہر سعید شاہ کاظمی، سید ریاض حسین شاہ، علامہ سید شاہ تراب الحق قادری، علامہ ضمیر ساجد، پیر خالد سلطان، پیر غلام صدیق نقشبندی، علامہ سید خضر حسین شاہ، الحاج امجد چشتی، علامہ غلام سرور ہزاروی، علامہ سید شمس الدین بخاری، پیر سید عاشق علی شاہ جیلانی، مفتی محمد اقبال چشتی، علامہ فضل جمیل رضوی، آغا محمد ابراہیم نقشبندی مجددی، مولانا محمد ریاض قادری، مولانا گلزار نعیمی، علامہ سید غلام یٰسین شاہ اور جماعت اہلسنّت سے وابستہ پانچ سو سے زائد علماء و مفتیانِ کرام نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کی عبرتناک موت پر اپنے مشترکہ بیان میں مسلمانوں کو ہدایت کی ہے کہ نہ کوئی اُس کی نماز جنازہ پڑھے نہ پڑھانے کی کوشش کرے اور گورنر کی ہلاکت پر کسی قسم کے افسوس یا ہمدردی کا اظہار ہرگز نہ کیا جائے۔ گُستاخِ رسول کا حمایتی بھی گُستاخ ہے۔ قائدین علماء اہلسنّت نے کہا کہ گورنر کو ہلاک کرنے والے عاشقِ رسول غازی ملک ممتاز حسین قادری کی جُرأت، بہادری، ایمانی غیرت و دینی حمیّت کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ اِس جانباز نے اُمت کی چودہ سو سالہ روایت کو باقی رکھا اور دنیا کے ڈیڑھ ارب مسلمانوں کا سر فخر سے بلند کر دیا۔ قائدین و علماء اہلسنّت نے کہا کہ قانونِ ناموسِ رسالت کی مخالفت اور گُستاخانِ رسول کی حمایت کرنے والے وزراء، سیاستدان، نام نہاد دانشور، اینکر پرسن و دیگر گورنر پنجاب کی موت سے عبرت حاصل کریں۔ قائدین و علماءِ اہلسنّت نے کہا کہ کتاب وسنّت، اِجماعِ اُمّت اور تصریحاتِ آئمہ کے مطابق توہینِ رسول کی سزا صرف قتل ہے اور توہین کی نیّت کے بغیر بھی حضور کی شان میں توہین کا کلمہ کہنا کُفر ہے۔ اِس مسئلے پر عہدِ

۔ حقیقت یہ ہے کہ دینی مطالعہ نہ ہونے کی وجہ سے شکوک ذہن میں بے چینی پیدا کرنے لگے وگر نہ یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں جانی گئی ہے کہ افراد کی موت کوئی معنی نہیں رکھتی ایمان اور عقیدے کی حیات قومی زندگی کا محور ہوا کرتا ہے۔ چونکہ فی نفسہٖ مسئلہ کا تعلق قانون، فقہ، عدالت اور اسلامی تاریخ کے ساتھ ہے اِس لئے اسلامی قانون کے اصل مراجع کے بغیر صورت حال پوری طرح واضح نہیں کی جاسکتی۔

رسول زمین پر اللہ کے نائب ہوتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اَوامر اور نَواہی کا نُفوذ نبی اور رسول ہی کرتے ہیں۔ رسولوں کی تعظیم اور تکریم دراصل اللہ تعالیٰ ہی کی تعظیم اور تکریم ہوتی

نبوی اور عہدِ صحابہ سے لے کر آج تک سب علماءِ اُمّت اور اہلِ فتویٰ کا اِجماع ہے۔ خلفائے راشدین کے دَور میں گُستاخانِ نبی قتل کئے جاتے رہے بلکہ غلافِ کعبہ سے لپٹے ہوئے توہینِ رسول کے مُرتکب مُرتد کو مسجد حرام میں قتل کرنے کا حکم رسول اللہ ﷺ نے دیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ نہ ماننے والے ایک منافق مسلمان کا اپنی تلوار سے سر کاٹ دیا تھا۔ حضور نبی کریم ﷺ کو حق تھا کہ وہ اپنے گُستاخ کو معاف فرما دیں لیکن اُمّت کے لئے جائز نہیں کہ وہ حضور اکرم ﷺ کے گُستاخ کو معاف کر دے۔ قائدین و علماءِ اہلسنّت نے کہا کہ پچھلی چودہ صدیوں میں صرف ایک سو افراد کو گُستاخی رسول پر قتل کیا گیا جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ بغیر ثبوت کے کسی کی بلاوجہ جان نہیں لی گئی۔ قانونِ ناموسِ رسالت کی مخالفت کرنے والے کُفر کا ارتکاب کر رہے ہیں انہیں توبہ اور تجدیدِ ایمانی کرنی چاہئے، نیز حکمران قانونِ ناموسِ رسالت میں ترمیم نہ کرنے کا اعلان کر کے اپنا ایمان بچائیں۔ (روز نامہ جنگ، کراچی، جلد ۵۷، نمبر ۵، بروز بدھ، ۲۹ محرم الحرام ۱۴۳۲ھ، ۵ جنوری ۲۰۱۱ء) اور ''روز نامہ ایکسپریس'' میں ہے کہ ''جماعت اہلِ سنّت سے وابستہ پانچ سو سے زائد علماء و مفتیانِ کرام نہ گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے قتل پر اپنے مشترکہ بیان میں مسلمانوں کو ہدایت کی کہ نہ کوئی اُس کی نماز جنازہ پڑھے نہ پڑھانے کی کوشش کرے اور گورنر کی ہلاکت پر کسی قسم کے افسوس یا ہمدردی کا اظہار ہرگز نہ کیا جائے، گُستاخِ رسول ﷺ کا حمایتی بھی گُستاخ ہے۔ قائدین اہلِ سنّت نے گورنر کے ہلاک کرنے والے ممتاز حسین قادری کو ''غازی'' قرار دیا۔ قائدین و علماءِ اہلِ سنّت نے کہا کہ قانونِ ناموسِ رسالت ﷺ کی مخالفت اور گُستاخانِ رسول ﷺ کی حمایت کرنے والے وزراء، سیاست دان، نام نہاد دانشور، اینکر پرسن و دیگر گورنر کی موت سے عبرت حاصل کریں۔ (روز نامہ ایکسپریس، کراچی، بدھ ۵ جنوری ۲۰۱۱ء)

ہے۔ صرف اتنا ہی نہیں کہ رسولوں کی تکریم لازم کی گئی (۲) بلکہ رسولوں سے منسوب جملہ اشیاء کی تعظیم بھی ضروری قرار دی گئی ہے۔ قرآن مجید نے صاف طور پر کہا:

﴿فَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِهٖ وَ عَزَّرُوْهُ وَ نَصَرُوْهُ وَ اتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِیْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَO﴾ (۳)

''سو جو اُن پر ایمان لایا اور اُن ﷺ کی خوب تعظیم کی اور اُن کی مدد کی اور اُس نُور کی پیروی کی جو اُن کے ساتھ نازل ہوا تو وہی لوگ فلاح پانے والے ہیں''۔

حضور ﷺ کی بارگاہ میں آوازوں کو بلند کرنے سے منع کر دیا گیا۔ مزید یہ کہ رسول رحمت ﷺ کو عامیانہ انداز سے مخاطب کرنے کو حرام قرار دیا گیا ہے اور وہ لوگ جو اِس تادیب کے باوجود باز نہ آئے اُن کے اعمال اکارت چلے جانے کی خبر سنائی گئی۔ (۴)

۲۔ حضور سرورِ کائنات ﷺ کی عزّت کی بے حُرمتی اللہ عزّ وجلّ کے دین کے کلیۃً منافی ہے، پس عزّت کی بے حُرمتی کی جائے تو نبی کریم ﷺ کا احترام و تعظیم ساقط ہو جائیں گے، پس وہ سب کچھ بھی ساقط ہو جائے گا جو آپ ﷺ اللہ عزّ وجلّ کی طرف سے لے کر آئے، اِس طرح دین باطل ہو جائے گا، لہٰذا حضور ﷺ کی مِدحت، تعظیم و توقیر کا قیام پورے دین کا قیام ہے اور اُس کا سُقوط پورے دین کا سُقوط ہے، پس جب معاملہ یہ تھا تو رسول اللہ ﷺ کی تعظیم و توقیر کو لازم قرار دے دیا گیا اور ہم پر رسول اللہ ﷺ کی اُس شخص سے مدد لازم ہو گئی جس نے آپ کی عزّت کی بے حُرمتی کی ہو، اور حضور ﷺ کی یہ مدد اُس مُوذی کو صفحۂ ہستی سے مٹا کر ہے۔

۳۔ الأعراف: ۱۵۷/۷

۴۔ جب آواز بلند کرنا اور اونچی آواز سے بُلانا کبھی اعمال کی بربادی کی طرف لے جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اُونچی آواز کرنے سے ممانعت کی علّت یہ قرار دی ہے کہ اعمال برباد ہونے سے بچ جائیں اور تصریح فرما دی کہ اِس فاسد عمل میں بربادیٔ اعمال کی گنجائش ہے اور جو چیز اعمال کی بربادی پر منتج ہو اُس کا ترک بہت ضروری ہوا کرتا ہے اور اِس حقیقت سے کسی کو انکار نہیں کہ کُفر سے عمل برباد ہو جاتے ہیں جیسا کہ ''سورۂ بقرہ'' میں ارشاد ہوا کہ ''جو اپنے دین سے پھر جائے اور اسی حالتِ کُفر میں مر جائے تو ایسے لوگوں کے عمل ارکات گئے'' (البقرہ: ۲/۲۱۵) اور اللہ عزّ وجلّ کے اَوامر و نواہی کا انکار کُفر ہے جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حلال کیا انہیں حرام جاننے والا اور جن کو حرام کیا اُنہیں حلال سمجھنے والا دولتِ ایمان سے محروم ہو جاتا ہے اور اُس کے سارے اعمال برباد ہو جاتے ہیں چنانچہ ''سورۂ مائدہ'' میں

﴿یٰٓـاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ وَ لَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ كَجَهْرِ بَعْضِكُمْ لِبَعْضٍ اَنْ تَحْبَطَ اَعْمَالُكُمْ وَ اَنْتُمْ لَا تَشْعُرُوْنَO﴾ (۵)

''اے ایمان والو! اپنی آوازوں کو نبی ﷺ کی آواز سے اونچا نہ ہونے دو اور اُن کے سامنے اُونچے نہ بولو جیسے تم ایک دوسرے کے ساتھ بلند آواز میں بولتے ہو ایسا نہ ہو کہ تمہارے اعمال ضائع ہو جائیں اور تمہیں پتا بھی نہ چل سکے''۔

ایسے الفاظ جن کے استعمال سے کوئی دوسرا شخص فائدہ اٹھا کر گُستاخی کر سکتا ہے، اُن جائز الفاظ کا استعمال بھی ممنوع قرار دے دیا گیا۔

﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَ قُوْلُوا انْظُرْنَا وَ اسْمَعُوْا ؕ وَ لِلْكٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌO﴾ (۶)

ارشاد ہوا کہ ''جو ایمان (کی باتوں کو نہ ماننے اور اُن) کا مُنکر ہو اُس کے عمل برباد ہو گئے اور آخرت میں بھی وہ نقصان اُٹھانے والوں میں ہو گا'' (المائدہ: ۵/۵)

اِس سے معلوم ہوا کہ اعمال کو وہی چیز ضائع کرتی ہے تو اُس کے منافی ہو اور مطلقاً کوئی چیز ایمان کے منافی نہیں سوائے کُفر کے، ملّا علی قاری لکھتے ہیں کہ اہلِ سنّت کے نزدیک گُناہ خواہ کبیرہ ہو یا صغیرہ نیکیوں اور اعمالِ صالحہ کو باطل و اکارت نہیں کرتے، صرف کُفر اعمالِ صالحہ کو اکارت و باطل کرتا ہے اور یہ اُس وقت ہوتا ہے جب بارگاہِ مصطفیٰ ﷺ میں رفعِ صوت ایسی ہو جس سے نہ تو حضور ﷺ کے مَنصبِ نبوت و رسالت کو اہمیت دی جائے اور نہ آپ کی عزّت و ناموس کا لحاظ کیا جائے۔ (شرح الشّفا، القسم الرّابع، الباب الأول، فصل: فی الحجة إلخ، تحت قوله: و قال الله تعالیٰ: ﴿یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْٓا﴾ الآیة، ۲/۴۰۲ (۴/۳۵۱) پھر جب قرآن کریم کی تصریح سے یہ بات ثابت ہے حضور ﷺ کی بارگاہ میں آواز بلند کرنا اعمال کے ضائع ہو جانے کا موجب ہے اور جب آواز کو بلند کرنا اذیّت، تخفیفِ شان اور بے ادبی کا سبب ہے تو جان بوجھ کر اذیّت دینے والا، بے ادبی کرنے والا، تنقیصِ شان کا مُرتکب بطریقِ اَولیٰ کافر ہو گا۔

۵۔ الحجرات: ۲/۴۹

۶۔ البقرہ: ۲/۱۰۴

اے ایمان والو ''رَاعِنَا ''مت کہو، کہنا ہی ہو کچھ تو عرض کرو'' نظر میں رکھیے ہمیں'' اور سُنا کرو اور مُنکرین کے لئے دردناک عذاب ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں ایمان کی ایک علامت یہ بیان فرمائی کہ مومن ایسے لوگوں سے قلبی روابط اور تعلقات رکھنے کو جائز نہیں سمجھتے جو حضور ﷺ کے گُستاخ ہوں اور اُن کی مخالفت کرتے ہوں۔ ''سورۃ مجادلہ'' میں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

﴿لَا تَجِدُ قَوۡمًا یُّؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰہِ وَ الۡیَوۡمِ الۡاٰخِرِ یُوَآدُّوۡنَ مَنۡ حَآدَّ اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ وَ لَوۡ کَانُوۡۤا اٰبَآءَ ہُمۡ اَوۡ اَبۡنَآءَ ہُمۡ اَوۡ اِخۡوَانَہُمۡ اَوۡ عَشِیۡرَتَہُمۡ ؕ اُولٰٓئِکَ کَتَبَ فِیۡ قُلُوۡبِہِمُ الۡاِیۡمَانَ وَ اَیَّدَہُمۡ بِرُوۡحٍ مِّنۡہُ ؕ وَ یُدۡخِلُہُمۡ جَنّٰتٍ تَجۡرِیۡ مِنۡ تَحۡتِہَا الۡاَنۡہٰرُ خٰلِدِیۡنَ فِیۡہَا ؕ رَضِیَ اللّٰہُ عَنۡہُمۡ وَ رَضُوۡا عَنۡہُ ؕ اُولٰٓئِکَ حِزۡبُ اللّٰہِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ حِزۡبَ اللّٰہِ ہُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ۝﴾ (۷)

''آپ نہیں پائیں گے کوئی قوم جو اللہ اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتی ہو (۸) کہ پیار کریں ایسے لوگوں سے جو اللہ اور اُس کے رسول کے دشمن ہوں (۹)

۷۔ المجادلۃ: ۲۲/۵۸

۸۔ یعنی، ایسی قوم میرے بندوں کے اندر نہیں رہ سکتی جو مجھے مانے اور آخرت کے دن کو نہ مانے، جو اول آخر ایمان کی حدود تھیں، اُن کو بیان کر دیا گیا۔ مطلب یہ ہے کہ مجھے مانے، میرے نبی ﷺ کو مانے اور فرشتوں کو مانے، کتابوں کو مانے، قرآن کو مانے اور آخرت کے دن کو مانے، بعث بعد الموت کو مانے اور اُس کے ساتھ اُس کا Practical Life میں کیا معاملہ ہو۔ (فہم دین، تحفظ ناموس رسالت ایک فرض ایک قرض، ص۴۲۲)

۹۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، ایسا کوئی مؤمن نہیں ہوسکتا، مطلب کیا ہے؟ کہ اگر کوئی ایسا کرتا ہے تو وہ مؤمن نہیں، جو ایمان رکھنے کے بعد اللہ کے دشمنوں سے اور رسول اکرم ﷺ کے دشمنوں سے محبت کرتا ہو اور اُن کے ساتھ پیار کرتا ہو اور دوستی کی پینگیں اُن کے ساتھ بڑھاتا ہو، ایسا بندہ کسی لحاظ سے مؤمن نہیں ہوسکتا، اللہ تعالیٰ کا فرماتا ہے: جو مجھے مانتا ہے، اور ایمان کے تقاضے پورے کرتا ہے، مومن بن گیا ہے، وہ کبھی بھی اُس شخص کے ساتھ اتحاد نہیں کر سکتا جو میرا باغی ہو اور میرے نبی ﷺ کا باغی ہو (فہم دین، تحفظ ناموس رسالت ایک فرض ایک قرض، ص۴۲۲)

اگرچہ (۱۰) وہ لوگ اُن کے آباؤ اجداد (۱۱) ....

۱۰۔ پھر اللہ تعالیٰ نے رشتوں کا شمار کر کے بتایا کہ اگر وہ بندے کا فلاں لگتا ہو اس کے ساتھ بندے کا فلاں رشتہ ہو، پھر بھی وہ اُس سے پیار نہیں کرے گا، اگرچہ وہ رسول اللہ ﷺ کی گُستاخی کرنے والا مومنوں میں سے کسی مومن کا باپ ہو، تو یہ مومن اُس باپ سے محبت نہیں کرے گا، اپنے بیٹے سے پیار نہیں کرے گا اگر اُس کا بیٹا اللہ تعالیٰ کی اور اُس کے رسول ﷺ کی مخالفت کرتا ہے، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ایسا مومن نہیں ہوسکتا جو مجھے مانے اور پھر اپنے اُس بیٹے سے پیار کرے، جو بیٹا میرا دشمن ہے اور میرے نبی ﷺ کا دشمن ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: وہی مومن ہو سکے گا جو ایمان کے بعد یہ تقاضے پورے کرتا ہے، وہ جتنا بھی قریبی کیوں نہ ہو اگر وہ ہمارے دربار سے تعلق نہیں رکھتا تو وہ مومن نہیں، بلکہ مومن وہ ہوگا جو اپنے گُستاخ بیٹے سے بھی تعلق نہیں رکھے گا۔ ''خواہ اُن کے بھائی کیوں نہ ہوں''۔ مومن وہ ہوگا جو گُستاخ بھائی سے بھی تعلق نہیں رکھے گا۔ ''خواہ وہ اُن کے خاندان ہی کیوں نہ ہوں''۔ اُن سے بھی اپنا تعلق ختم کرتا ہے، اُن گُستاخوں سے رابطہ منقطع کرتا ہے، یہ اصل میں حقیقی مومن ہے، جو اللہ اور اُس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہے، اللہ تعالیٰ کی اور رسول اکرم ﷺ کی محبت دونوں یکجا محبتیں ہیں، یہ ایک طرف ہیں اور دوسری طرف بیٹے کی محبت، دوسری طرف بھائی کی محبت ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، مومن وہ ہوتا ہے جو اللہ اور رسول اللہ ﷺ کی محبتوں کا جھنڈا ساری محبتوں پر غالب کر دیتا ہے، اُن محبتوں سے کوئی ایسی محبت نہیں ہے جو اُس کو راہِ حق سے پیچھے ہٹا سکے وہ کبھی بھی اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول ﷺ کے دشمنوں کے ساتھ نہیں بیٹھ سکتا اور اُن کے ساتھ وہ نرم رویہ نہیں رکھ سکتا، اُن کے ساتھ مُوَدَّت نہیں کر سکتا، اُن کے ساتھ دوستی کا ہاتھ نہیں بڑھا سکتا۔ ایمان اس چیز کا نام ہے کہ بندے کو معاملاتی زندگی کے اندر اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ محبت کا یوں ثبوت دینا پڑے گا کہ اُن کے دشمنوں کے ساتھ مکمل بائیکاٹ کرنا پڑے گا اور دشمنوں کے ساتھ رابطہ رکھنا بالکل جائز نہ ہوگا، اللہ تعالیٰ نے خاص رشتوں کا ذکر کیا تو مطلب کیا تھا؟ کہ جب اِن قریبوں سے پیار کرنا جائز نہیں تو اجنبیوں سے کیسے جائز ہوگا، جب کوئی پہلے مسلمان ہو اور پھر وہ گُستاخ بن جائے اور وہ بھائی ہو یا بیٹا ہو، وہ باپ ہو یا چچا ہو، اُس کے ساتھ رابطہ جائز نہیں ہے تو ایک عیسائی کے ساتھ کیسے جائز ہے؟ اور ایک یہودی کے ساتھ کیسے جائز ہے؟ یا ایک اجنبی مسلمان کے ساتھ جس نے گُستاخی کی ہے تعلق کیسے ہوسکتا ہے؟ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، ایسا مومن نہیں ہوگا۔ مطلب یہ کہ مومن وہی ہوتا ہے، جب ایمان آجاتا ہے، پھر اِن ذوات کا جو دشمن ہوتا ہے، وہ مومن اُن سے دشمنی رکھتا ہے اُن کے ساتھ محبت نہیں کرتا، اُن کے ساتھ نرمی نہیں کرتا، بلکہ اُس کا ایمان اُس کو مجبور کرتا ہے کہ وہ اِس انداز میں زندگی گزارتا ہے کہ ہر ماحول کے اندر اپنے ایمان کی متاع کو محفوظ کر کے رکھتا ہے۔ (فہم دین، تحفُّظ ناموسِ رسالت ایک فرض ایک قرض، ص۴۲۳ تا ۴۲۶)

۱۱۔ ابن جریج نے کہا کہ مجھے حدیث بیان کی گئی کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ (کہ جن کو اسلام میں

یا آل اولاد (۱۲) یا بھائی برادر (۱۳) یا کنبے قبیلے (۱۴) سے ہوں، اللہ نے
اُن کے دلوں میں ایمان کو راسخ کر دیا ہے اور اپنی خصوصی توجہ سے اُن

یہ اعزاز حاصل ہے کہ اُن کے والد بھی صحابی، بیٹے بھی صحابی اور پوتے بھی صحابی) کے والد حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ نے (اسلام لانے سے قبل) نبی کریم کو سبّ کیا (یعنی گالی دی) تو اُن کے بیٹے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اِس پر انہیں اپنا تھپڑ مارا کہ وہ منہ کے بل گر پڑے، سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے اور ماجرا سُنایا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے صدیق! کیا تم نے واقعی ایسا کیا ہے؟'' (تو حضرت صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی ہاں یارسول اللہ!) تو آپ ﷺ نے فرمایا: ''آئندہ ایسا نہ کرنا''، اِس پر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کہا: یارسول اللہ! مجھے خُدا کی قسم ہے جس نے آپ کو سچا نبی بنایا ہے، اگر میرے پاس تلوار ہوتی تو میں اپنے باپ کا سر اُتار دیتا اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضرت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ نے غزوۂ اُحد میں اپنے باپ جراح کو قتل کیا) (الجامع لأحكام القرآن، سورة المجادلة، ۵۸/۲۲، ۹/۱۷/۳۰۷)

۱۲۔ بدر کے روز جب صفیں بنیں تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دیکھا کہ اُن کا بیٹا مخالف صف میں کھڑا ہے (تو نبی کرے ﷺ سے اجازت طلب کہ جنگ بعد میں ہوگی میں چاہتا کہ باپ بیٹے کی لڑائی پہلے ہوجائے) آپ نے اپنے بیٹے کو مقابلے کے لئے پکارا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''اے ابوبکر! اپنی جان سے مجھے فائدہ دو تم میرے لئے کتنے ضروری ہو'' (الجامع لأحكام القرآن، سورة المجادلة: ۵۸/۲۲، ۹/۱۷/۳۰۷)

۱۳۔ حضرت مصعب بن عمیر نے بدر کے دن اپنے بھائی عبید بن عمیر کو قتل کیا (الجامع لأحكام القرآن، سورة المجادلة: ۵۸/۲۲، ۹/۱۷/۳۰۷، ۳۰۸)

۱۴۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے ماموں عاص بن ہشام بن مغیرہ کو بدر کے دن خود قتل کیا اور اِسی طرح حضرت علی اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہما نے بدر کے دن اپنی برادری کے لوگوں عتبہ، شیبہ اور ولید کو قتل کیا (الجامع لأحكام القرآن، سورة المجادلة: ۵۸/۲۲، ۹/۱۷/۳۰۸) اور اپنی تلوار سے اِس بات کو ثابت کر دیا ساری محبتوں سے بالاتر جو محبت ہے وہ اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ ﷺ کی محبت ہے اور یہ ثابت کیا ہمیں جو دین ملا ہے اُس کی بقا کے لئے ضروری ہے کہ جو بھی ہمارے آقا ﷺ کے خلاف آئے گا تو ہم یہ نہیں دیکھیں گے کہ اُس سے رشتہ داری کیا ہے، ہم یہ دیکھیں کہ یہ ہمارے نبی ﷺ کا گستاخ ہے اور اُن کا فیصلہ ہماری تلواریں کریں گی۔ یہ مقدس شخصیات کا کردار تھا جن کے پیش نظر اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی، اِن لوگوں نے یہ کام کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ انعام دیا اور قیامت تک کے لئے اللہ تعالیٰ نے یہ پیغام دیا کہ قیامت تک مومن وہی رہے گا جو اِس نقشِ قدم پر چلے گا۔

کی مدد فرمائی ہے اور اللہ انہیں باغات میں داخل فرمائے گا جن کے نیچے نہریں رواں دواں ہونگی وہ ہمیشہ انہی میں رہیں گے، اللہ اُن سے راضی اور وہ اللہ سے راضی، یہی لوگ اللہ کی جماعت ہیں، سُنتا ہے جو اللہ کی جماعت ہے وہی مراد کو پہنچنے والے ہیں''۔

کتابُ اللہ نے شاتمینِ رسول اور مخالفینِ انبیا کو ذلیل ترین مخلوق (۱۵) قرار دیا۔

ارشادِ باری ہے:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یُحَآدُّوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗۤ اُولٰٓئِکَ فِی الْاَذَلِّیْنَ۝﴾ (۱۶)

''بے شک وہ لوگ جو اللہ اور اُس کے رسول کی مخالفت کرتے ہیں وہ سب لوگ انتہائی ذلیل لوگوں میں ہیں''۔

وہ لوگ جو رسول اللہ ﷺ کو دُکھ اور اِیذا دیتے ہیں اُن کے بارے میں قرآن مجید نے فرمایا:

﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ اللّٰہَ وَ رَسُوْلَہٗ لَعَنَھُمُ اللّٰہُ فِی الدُّنْیَا وَ الْاٰخِرَۃِ وَ اَعَدَّ لَھُمْ عَذَابًا مُّھِیْنًا۝﴾ (۱۷)

''بیشک وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسول کو اِیذا پہنچاتے ہیں (۱۸) اللہ بھی انہیں دنیا اور آخرت میں اپنی رحمت سے دُور کر دیتا ہے اور اُس نے ایسے لوگوں کے لئے رُسوا کُن عذاب تیار کر رکھا ہے''۔

۱۵۔ آدمی انتہائی ذلیل اُسی وقت ہوسکتا ہے جب اُسے دشمنی کے اظہار کی وجہ سے جان و مال کا خطرہ ہو کیونکہ اگر اُس کی جان و مال معصوم ہو، مباح نہ ہو تو وہ انتہائی ذلیل نہیں ہوسکتا، جس سے یہ واضح ہوا کہ شاتم رسول ﷺ مباح الدّم ہے۔

۱۶۔ المجادلة: ۵۸/۲۰

۱۷۔ الأحزاب: ۳۳/۵۷

۱۸۔ اللہ تعالیٰ نے نبی کریم ﷺ کی ایذا کو اپنی ایذا کے ساتھ تو ملایا ہے جس طرح نبی کریم ﷺ کی طاعت کو اپنی طاعت کے ساتھ ملایا جیسا کہ سورۂ آل عمران (آیت: ۱۳۲) میں ہے، ''پس جس نے نبی کریم ﷺ کو ایذا پہنچائے اُس نے اللہ تعالیٰ کو ایذاء پہنچائی'' اور جو اللہ تعالیٰ کو ایذاء پہنچائے وہ بلا شبہ کافر ہے۔

اس آیت کی تشریح میں جمہور مُفسّرین نے یہ بات نقل کی ہے: مدینہ میں کچھ اَوباش آوارہ صفت، بدمزاج اور منافقین شاتمین حضور ﷺ کے گھر والوں کے لئے تشبیب بکتے۔ گھرانۂ رسول کی توہین کرتے، افواہیں پھیلاتے، دُکھ دینے والی باتیں کرتے۔ قرآن حکیم نے انہیں ملعون کہا اور صاف واشگاف اعلان کر دیا۔ یہ دھتکارے ہوئے ملعون لوگ جہاں ملیں گرفتار کر لیے جاہیں اور انہیں قتل کر دیا جائے۔ اِس گینگ کا سرغنہ کعب بن اشرف تھا۔ حضور ﷺ نے مسجد نبوی میں اعلان فرمایا کہ تم میں سے کوئی ہے جو مجھے کعب بن اشرف کے بارے میں سکون دے۔ (حضرت) محمد بن مسلمہ (رضی اللہ عنہ) نے اجازت چاہی کہ اُسے آئینہ میں اُتارنے کے لئے مجھے کچھ کمزور باتیں کرنے کی بھی اجازت دی جائے۔ بارگاہِ نبوت سے اجازت ملی اب اگلا ماجرا ''بخاری'' کی روایت کردہ حدیث میں تفصیلاً ملاحظہ ہو۔

امام بخاری نے اپنی ''جامع'' کی دوسری جلد میں صفحہ پانچ سو چھہتر پر یہ حدیث بیان کی:

قَالَ رَسُولُ اللّٰہ ﷺ: "مَنْ لِكَعْبِ بْنِ الْأَشْرَفِ، فَإِنَّهُ قَدْ آذَى اللّٰهَ وَ رَسُولَهُ" فَقَامَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَتُحِبُّ أَنْ أَقْتُلَهُ؟ قَالَ: "نَعَمْ" قَالَ: فَأْذَنْ لِي أَنْ أَقُولَ شَيْئًا، قَالَ: "قُلْ" فَأَتَاهُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، فَقَالَ: إِنَّ هٰذَا الرَّجُلَ قَدْ سَأَلَنَا صَدَقَةً، وَ إِنَّهُ قَدْ عَنَّانَا، وَ إِنِّي قَدْ أَتَيْتُكَ أَسْتَسْلِفُكَ، قَالَ: وَ أَيْضًا وَ اللّٰهِ لَتَمَلُّنَّهُ، قَالَ: إِنَّا قَدِ اتَّبَعْنَاهُ، فَلَا نُحِبُّ أَنْ نَدَعَهُ حَتَّى نَنْظُرَ إِلَى أَيِّ شَيْءٍ يَصِيرُ شَأْنُهُ، وَ قَدْ أَرَدْنَا أَنْ تُسْلِفَنَا وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ، وَ حَدَّثَنَا عَمْرٌو غَيْرَ مَرَّةٍ، فَلَمْ يُذْكُرْ وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ، أَوْ: فَقُلْتُ لَهُ: فِيهِ وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ؟ فَقَالَ: أُرَى فِيهِ وَسْقًا أَوْ وَسْقَيْنِ۔ فَقَالَ: نَعَمْ، ارْهَنُونِي، قَالُوا: أَيَّ شَيْءٍ تُرِيدُ؟ قَالَ: ارْهَنُونِي نِسَاءَ كُمْ، قَالُوا: كَيْفَ نَرْهَنُكَ نِسَاءَ نَا وَ أَنْتَ أَجْمَلُ الْعَرَبِ، قَالَ: فَارْهَنُونِي أَبْنَاءَ كُمْ، قَالُوا كَيْفَ نَرْهَنُكَ أَبْنَاءَ نَا، فَيُسَبُّ أَحَدُهُمْ، فَيُقَالُ: رُهِنَ بِوَسْقٍ أَوْ وَسْقَيْنِ، هٰذا عَارٌ عَلَيْنَا، وَ لٰكِنَّا نَرْهَنُكَ اللَّأْمَةَ۔ قَالَ سُفْيَانُ: يَعْنِي

السِّلَاحَ۔ فَوَاعَدَهُ أَنْ يَأْتِيَهُ، فَجَاءَ هُ لَيْلًا وَ مَعَهُ أَبُو نَائِلَةَ، وَ هُوَ أَخُو كَعْبٍ مِنَ الرَّضَاعَةِ، فَدَعَاهُمْ إِلَى الْحِصْنِ، فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ، فَقَالَتْ لَهُ امْرَأَتُهُ: أَيْنَ تَخْرُجُ هٰذِهِ السَّاعَةَ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا هُوَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَ أَخِي أَبُو نَائِلَةَ، وَ قَالَ غَيْرُ عَمْرٍو، قَالَتْ: أَسْمَعُ صَوْتًا كَأَنَّهُ يَقْطُرُ مِنْهُ الدَّمُ، قَالَ: إِنَّمَا هُوَ أَخِي مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ، وَ رَضِيعِي أَبُو نَائِلَةَ، إِنَّ الْكَرِيمَ لَوْ دُعِيَ إِلَى طَعْنَةٍ بِلَيْلٍ لَأَجَابَ، قَالَ: وَ يُدْخِلُ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ مَعَهُ رَجُلَيْنِ۔ قِيلَ: سَمَّاهُمْ عَمْرٌو؟ قَالَ: سَمَّى بَعْضُهُمْ۔ قَالَ عَمْرٌو: جَاءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ، وَ قَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: أَبُو عَبْسِ بْنُ جَبْرٍ وَ الْحَارِثُ ابْنُ أَوْسٍ وَ عَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ۔ قَالَ عَمْرٌو: جَاءَ مَعَهُ بِرَجُلَيْنِ، فَقَالَ: إِذَا مَا جَاءَ فَإِنِّي قَائِلٌ بِشَعَرِهِ فَأَشَمُّهُ، فَإِذَا رَأَيْتُمُونِي اسْتَمْكَنْتُ مِنْ رَأْسِهِ فَدُونَكُمْ فَاضْرِبُوهُ۔ وَ قَالَ مَرَّةً: ثُمَّ أُشِمُّكُمْ فَنَزَلَ إِلَيْهِمْ مُتَوَشِّحًا وَ هُوَ يَنْفَحُ مِنْهُ رِيحُ الطِّيبِ، فَقَالَ: مَا رَأَيْتُ كَالْيَوْمِ رِيحًا، أي أَطْيَبَ، وَ قَالَ غَيْرُ عَمْرٍو: قَالَ: عِنْدِي أَعْطَرُ نِسَاءِ الْعَرَبِ، قَالَ عَمْرٌو: فَقَالَ أَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَشَمَّ رَأْسَكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، فَشَمَّهُ ثُمَّ أَشَمَّ أَصْحَابَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَتَأْذَنُ لِي؟ قَالَ: نَعَمْ، فَلَمَّا اسْتَمْكَنَ مِنْهُ، قَالَ: دُونَكُمْ، فَقَتَلُوهُ ثُمَّ أَتَوُا النَّبِيَّ ﷺ فَأَخْبَرُوهُ (١٩)

رسول محتشم ﷺ نے فرمایا: ''کعب بن اشرف کا ذمہ کون لیتا ہے؟ اُس نے اللہ اور اُس کے رسول کو ایذا دی ہے'' محمد بن مسلمہ کھڑے ہوئے اور عرض کی آپ پسند فرماتے ہیں کہ میں اُسے قتل کر دوں آپ نے فرمایا۔ ''جی ہاں'' محمد بن مسلمہ نے کہا پھر آپ مجھے اجازت مرحمت فرما دیں کہ میں اُسے کچھ تعریضی کلمات کہہ سکوں۔ رسول اللہ ﷺ نے اجازت مرحمت فرما دی، محمد بن مسلمہ، کعب بن اشرف کے پاس

۱۹۔ صحیح البخاری، کتاب المغازی، باب قتل کعب بن الأشرف، برقم:٤٠٣٧، ٣/٢٥-٢٦

گئے اور کہا یہ محمد ﷺ ہم سے صدقہ طلب کر رہے ہیں انہوں نے ہمیں تنگ کر رکھا ہے میں تجھ سے مقرر میعاد پر سودا کرنے آیا ہوں۔ کعب بن اشرف نے کہا آپ لوگ محمد سے ضرور کبیدہ ہوں گے۔ محمد بن مسلمہ نے کہا ہم نے اُن کی اطاعت کی ہے لیکن اب چاہتے ہیں کہ چھوڑ دیں، دیکھتے ہیں اُن کی دعوت کا انجام کیا ہوتا ہے۔ ہم چاہتے ہیں کہ تو ایک یا دو وَسق (۲۰) پر سودا اُدھار دے۔ کعب بن اشرف نے کہا کہ دے دوں گا لیکن اِس شرط پر کہ تم اپنی عورتیں میرے پاس رہن (یعنی، گروی) رکھ دو جواباً کہا گیا کہ عورتیں تمہارے پاس کس طرح رہن رکھی جاسکتی ہیں فتنہ کا ڈر ہے اِس لئے کہ تُو عربوں میں حسین شخص ہے۔ پھر کعب بن اشرف نے کہا کہ بیٹے رہن رکھ دو کہا گیا کہ تو اگر انہیں گالی دے گا تو یہ چیز باعث عار ہوگی لیکن اگر تم قبول کرو تو تم ہم اسلحہ رہن رکھ سکتے ہیں، اس طرح سودا مکمل کرنے کے لئے محمد بن مسلمہ نے کعب کو رات کے وقت بلا لیا۔ جب وہ قلعہ سے اُتر کر اُن کے پاس آیا تو محمد بن مسلمہ اور کعب کے رضاعی بھائی ابو نائلہ نے اُسے ٹھکانے لگا دیا۔ کعب بن اشرف کا قتل حضور ﷺ کی گستاخی کی سزا تھی (تلخیص)

گستاخ رسول ﷺ کی سزا پر امام بخاری کی روایت کردہ ایک دوسری حدیث ملاحظہ ہو۔ اِس حدیث کو حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ نے روایت کیا:

قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ إِلَى أَبِي رَافِعٍ الْيَهُودِي رِجَالًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَأَمَّرَ عَلَيْهِمْ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَتِيكٍ، وَ كَانَ أَبُو رَافِعٍ يُؤْذِي رَسُولَ اللّٰهِ ﷺ وَ يُعِينُ عَلَيْهِ، وَ كَانَ فِي حِصْنٍ لَهُ بِأَرْضِ الْحِجَازِ، فَلَمَّا دَنَوْا مِنْهُ، فَإِنِّي مُنْطَلِقٌ وَ مُتَلَطِّفٌ لِلْبَوَّابِ، لَعَلِّي أَنْ أَدْخُلَ، فَأَقْبَلَ حَتَّى دَنَا مِنَ الْبَابِ، ثُمَّ تَقَنَّعَ بِثَوْبِهِ كَأَنَّهُ يَقْضِي حَاجَتَهُ، وَ قَدْ دَخَلَ النَّاسُ، فَهَتَفَ بِهِ الْبَوَّابُ، يَا عَبْدَ اللّٰهِ: إِنْ

۲۰۔ ایک وَسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اور ایک صاع تقریباً چار کلو نوے گرام کا۔

كُنْتَ تُرِيدُ أَنْ تَدْخُلَ فَادْخُلْ، فَإِنِّي أُرِيدُ أَنْ أُغْلِقَ الْبَابَ، فَدَخَلْتُ فَكَمَنْتُ، فَلَمَّا دَخَلَ النَّاسُ أَغْلَقَ الْبَابَ، ثُمَّ عَلَّقَ الْأَغَالِيقَ عَلَى وَتَدٍ، قَالَ: فَقُمْتُ إِلَى الْأَقَالِيدِ فَأَخَذْتُهَا، فَفَتَحْتُ الْبَابَ، وَ كَانَ أَبُو رَافِعٍ يُسْمَرُ عِنْدَهُ، وَ كَانَ فِي عَلَالِيَّ لَهُ، فَلَمَّا ذَهَبَ عَنْهُ أَهْلُ سَمَرِهِ صَعِدْتُ إِلَيْهِ، فَجَعَلْتُ كُلَّمَا فَتَحْتُ بَاباً أَغْلَقْتُ عَلَيَّ مِنْ دَاخِلٍ، قُلْتُ: إِنِ الْقَوْمُ نَذِرُوا بِي لَمْ يَخْلُصُوا إِلَيَّ حَتَّى أَقْتُلَهُ، فَانْتَهَيْتُ إِلَيْهِ، فَإِذَا هُوَ فِي بَيْتٍ مُظْلِمٍ وَسْطَ عِيَالِهِ، لَا أَدْرِي أَيْنَ هُوَ مِنَ الْبَيْتِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا رَافِعٍ، قَالَ: مَنْ هٰذَا؟ فَأَهْوَيْتُ نَحْوَ الصَّوْتِ فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً بِالسَّيْفِ وَ أَنَا دَهِشٌ، فَمَا أَغْنَيْتُ شَيْئًا وَصَاحَ، فَخَرَجْتُ مِنَ الْبَيْتِ، فَأَمْكُثُ غَيْرَ بَعِيدٍ، ثُمَّ دَخَلْتُ إِلَيْهِ، فَقُلْتُ: يَا أَبَا رَافِعٍ؟ فَقَالَ: لِأُمِّكَ الْوَيْلُ؟ إِنَّ رَجُلًا فِي الْبَيْتِ ضَرَبَنِي قَبْلُ بِالسَّيْفِ، قَالَ: فَأَضْرِبُهُ ضَرْبَةً أَثْخَنَتْهُ وَ لَمْ أَقْتُلْهُ، ثُمَّ وَضَعْتُ ظُبَةَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ حَتَّى أَخَذَ فِي ظَهْرِهِ، فَعَرَفْتُ أَنِّي قَتَلْتُهُ، فَجَعَلْتُ أَفْتَحُ الْأَبْوَابَ بَابًا بَاباً، حَتَّى انْتَهَيْتُ إِلَى دَرَجَةٍ لَهُ، فَوَضَعْتُ رِجْلِي، وَ أَنَا أُرَى قَدِ انْتَهَيْتُ إِلَى الْأَرْضِ فَوَقَعْتُ فِي لَيْلَةٍ مُقْمِرَةٍ، فَانْكَسَرَتْ سَاقِي فَعَصَبْتُهَا بِعِمَامَةٍ، ثُمَّ انْطَلَقْتُ حَتَّى جَلَسْتُ عَلَى الْبَابِ، فَقُلْتُ: لَا أَخْرُجُ اللَّيْلَةَ، حَتَّى أَعْلَمَ: أَقَتَلْتُهُ؟ فَلَمَّا صَاحَ الدِّيكُ قَامَ النَّاعِي عَلَى السُّورِ، فَقَالَ أَنْعَى أَبَا رَافِعٍ تَاجِرَ الْحِجَازِ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى أَصْحَابِي، فَقُلْتُ النَّجَاءَ، فَقَدْ قَتَلَ اللّٰهُ أَبَا رَافِعٍ، فَانْتَهَيْتُ إِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَحَدَّثْتُهُ، فَقَالَ: "ابْسُطْ رِجْلَكَ" فَبَسَطْتُ رِجْلِي فَمَسَحَهَا، فَكَأَنَّهَا لَمْ أَشْتَكِهَا قَطُّ (۲۱)

حضور علیہ السّلام نے (کچھ حضرات کو) جو انصار تھے ابورافع یہودی کی

۲۱۔ صحيح البخاری، كتاب المغازی، باب قتل أبی رافع عبد الله بن أبی الحقيق، برقم: ۴۰۳۹، ۳/۲۷۔۲۸، و برقم: ۴۰۴۰، ۳/۲۸

طرف بھیجا، اُن لوگوں کا قائد حضرت عبداللہ بن عتیک کو بنایا یہ ابو رافع
نبی علیہ السّلام کو ایذا دیتا تھا اور آپ کے خلاف لوگوں کی مدد کیا کرتا تھا
وہ سرزمینِ حجاز میں اپنے ایک قلعے میں رہتا تھا، جب وہ گروہ قلعہ کے
قریب گیا تو سورج غُروب ہو چکا تھا اور لوگ اپنے ٹھکانوں پر واپس
آ رہے تھے، اب عبداللہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا تم حضرات اپنی جگہ
پر بیٹھ جاؤ میں چلتا ہوں دربان کو نرم کرنے کی کوشش کروں گا شائد میں
اِس طرح قلعے میں داخل ہو جاؤں وہ آگے بڑھتے گئے یہاں تک کہ
دروازے کے قریب پہنچ گئے پھر انہوں نے چادر لپیٹ لی گویا وہ رفع
حاجت کر رہے ہیں، لوگ قلعے میں داخل ہو گئے دربان نے پکارا، اے
اللہ کے بندے! تو اندر داخل ہو کیونکہ میں دروازہ بند کرنا چاہتا ہوں،
اب میں (عبداللہ بن عتیک) اندر چلا گیا، میں چُھپ گیا جب سب
لوگ اندر آ گئے تو اُس (دربان) نے دروازہ بند کر دیا پھر اُس نے
چابیاں اندر ایک میخ پر لٹکا دیں اور وہ اپنے ایک بالا خانے میں تھا جب
اُس کے پاس سے قصہ گو چلے گئے، اب میں اُوپر چڑھا میں جو دروازہ
بھی کھولتا اندر سے اُسے بند کر کے آگے بڑھتا تھا تاکہ اگر لوگوں کو پتہ
بھی چل جائے تو مجھ تک نہ پہنچ پائیں تاکہ میں اُسے قتل کر سکوں، میں
اب اُس تک پہنچ گیا وہ ایک تاریک گھر (کمرہ) میں اپنے اہلِ خانہ کے
درمیان سو رہا تھا مجھے پتہ چل رہا تھا کہ وہ کس حصے میں ہے، میں نے
پکارا اَے ابو رافع! اُس نے کہا یہ کون ہے؟ میں آواز کی طرف لپکا اور
اُسے تلوار کی ایک ضرب لگائی مجھ پر دہشت طاری تھی یہ ضرب کافی نہیں
تھی، وہ چلّایا میں کمرے سے نکل گیا میں کچھ فاصلے پر رُک گیا پھر اندر
داخل ہو کر کہا اے ابو رافع! یہ آواز کیا تھی وہ بولا تیری ماں مرے (اُس
نے اَب اُسے کوئی اپنا محافظ سمجھا ہوگا) ابھی ایک شخص نے کمرے میں

مجھے تلوار ماری ہے، فرماتے ہیں پھر میں نے اُسے شدید زخم بھری
تلوار ماری مگر وہ تا حال مرا نہیں تھا پھر میں نے تلوار کا کنارہ اُس کے
پیٹ میں اُتار دیا تلوار پُشت کی طرف سے نکل گئی مجھے یقین ہو گیا کہ وہ
مر گیا ہے، میں ایک ایک دروازہ کھول کر باہر نکل کر ایک سیڑھی سے اُترا
میں نے سمجھا کہ میں زمین پر پہنچ گیا ہوں مگر میں تو چاندنی رات میں
گر چکا تھا میری پنڈلی ٹوٹ گئی، میں نے پگڑی سے اُسے باندھ دیا، پھر
چل کر میں گیٹ پر آ کر بیٹھ گیا اور اپنے طور پر کہا کہ میں رات کو باہر نہیں
نکلوں گا جب تک مجھے پتہ نہ چل جائے کہ میں نے اُسے قتل کر دیا ہے،
جب (سحری کو) مُرغ چلّایا تو موت کی خبر دینے والا قلعے کی دیوار پر آیا
اور کہا میں اہلِ حجاز کے تاجر ابو رافع کی موت کی خبر دے رہا ہوں اب
میں اپنے ساتھیوں کے پاس گیا اور کہا نجات ہو گئی اللہ تعالیٰ نے ابو رافع
کو مار دیا، اَب میں سیّدِ کُل علیہ السّلام کی خدمت عالیہ میں حاضر ہوا
سارا واقعہ آپ کو سُنایا، آپ نے فرمایا ''پاؤں پھیلا دے''، میں نے اپنا
پاؤں پھیلا دیا، آپ نے اُس پر (ہاتھ مبارک) پھیرا، ایسا معلوم ہوا کہ
اسے کبھی کچھ بھی نہیں ہوا تھا۔

عبداللہ ابن خطل نبی کریم ﷺ کی ہجو کرتا تھا (۲۲) اور اُس کی دو لونڈیاں بھی حضور ﷺ
کی گُستاخی کرتی تھیں، فتح مکہ کے بعد جب وہ غلافِ کعبہ میں چُھپا ہوا تھا۔ رسول کریم ﷺ نے
فرمایا ''اُسے قتل کر دو کیوں نہ یہ کعبے کے پردے میں پناہ لیے ہو''۔(۲۳) ''صحیح بخاری'' (۲۴)

۲۲۔ یعنی وہ ایسے اشعار کہتا کہ جن جس میں حضور ﷺ کی بُرائی بیان کرتا تھا۔

۲۳۔ صحیح بخاری، کتاب الجهاد والسّیر، باب قتل الأسیر و قتل الصّبر، برقم: ۳۰٤٤، ۲/۲۸٤، و کتاب المغازی، باب أین رکز النبیّ الرّأیة یوم الفتح، برقم:٤۲۸٦، ۳/۹۰

۲۴۔ ابن خطل پناہ لینے کے لئے بیت اللہ شریف کی طرف بھاگا، وہ ہتھیار پھینک کر جنگ چھوڑ کر امان کا طالب ہوا کہ اُس کے معاملے میں غور ہو اور حضور ﷺ نے یہ سب کچھ جاننے کے باوجود حکم فرمایا کہ اُسے قتل کیا جائے اور صرف ارتداد کے قتل میں یہ طریقہ نہیں ہے، اِس سے معلوم ہوا کہ اُس کے قتل میں

ایک شخص بارگاہِ نبوی میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ ﷺ! میرا باپ آپ کی گُستاخی کیا کرتا تھا میں نے اُسے قتل کر دیا یہ بات آپ پر گراں نہ گذری اور اِس طرح اُس کا خون ''ھدر'' رہا، یہ روایت ابن قانع کی ہے۔(۲۵)

ہارون الرشید نے حضرت امام مالک سے مسئلہ پوچھا گُستاخ رسول کی سزا کیا کوڑے سے مارنا کافی نہیں اِس پر حضرت امام نے فرمایا:

اے امیر المؤمنین! گُستاخِ رسول گُستاخی کے بعد بھی زندہ رہے تو پھر اُمّت کو زندہ رہنے کا حق نہیں۔ رسول اللہ ﷺ کے گُستاخ کو فی الفور گرفتار کر کے قتل کر دیا جائے۔ (۲۶)

''ردالمختار''(۲۷) میں امام محمد بن سحنون کی روایت ہے:

اِس قدر سختی صرف سبّ وشتم کی وجہ سے تھی، شاتم اگرچہ مرتد ہے مگر وہ محض مرتد کے مرتبے میں نہیں ہے، شاتم کے قتل میں تاخیر نہیں کی جاتی اور توبہ کر لے تب بھی اُسے قتل کیا جاتا ہے جب کہ محض مرتد توبہ کے بعد قتل نہیں کیا جا سکتا۔ اور شاتم کے قتل پر اُمت کا اجماع ہے چنانچہ امام ابوبکر محمد بن ابراہیم بن المنذر نیشاپوری متوفی ۳۰۹ھ لکھتے ہیں: عوام اہلِ علم کا اِس بات پر اِجماع ہے کہ جو نبی کریم ﷺ کو گالی دے اُس پر قتل ہے (یعنی اُس کی سزا قتل ہے) جن ائمہ کرام نے یہ کہا اُن میں امام مالک، لیث بن سعد، احمد اور اسحاق (شامل) ہیں اور یہی امام شافعی کا مذہب ہے، اور کہا کہ اِس باب میں جس سے استدلال کیا جاتا ہے وہ کعب بن اشرف (یہودی) کا قصّہ ہے اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا فرمان ہے کہ ''یہ سزا رسول اللہ ﷺ کے بعد کسی کے لئے نہیں ہے'' ملخصاً (الأشراف: باب ذکر مایجب علی مَن سَبّ نبی اللہ ﷺ ۳/ ۱۶۰) اور دوسری کتاب میں لکھتے ہیں کہ اُن کا اِس پر اِجماع ہے کہ جس نے نبی کریم ﷺ کو گالی دی اُس کی سزا قتل ہے (الإجماع لابن المنذر: کتاب المرتدین، برقم: ۷۲۰، ص ۱۲۸)

۲۵۔ الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الأول، الفصل الثّانی: فی الحجّہ فی إیجاب قتل من سبّہ أو عابہ ﷺ، ص ۳۷۳

۲۶۔ الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الاوّل، الفصل الثّانی: فی الحجۃ فی إیجاب قتل من سبّہ أو عابہ ﷺ، ص ۴۷۴

۲۷۔ ردّ المحتار علی الدرّ المختار، کتاب الجہاد، باب المرتد، مطلب مہم: فی حکم سابّ الأنبیاء، تحت قولہ: و تمامہ فی الدّرر، ۶/ ۳۵۷

تمام علماء کا اِس پر اِجماع ہے حضور ﷺ کو گالی دینے والا آپ کی شان میں کمی کرنے والا کافر ہے اور تمام اُمّت کے نزدیک وہ واجب القتل ہے۔(۲۸)

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت محمد رضی اللہ عنہ کے دَور میں ایک امام جس کا نام عبداللہ بن نواحہ تھا قرآن کی آیات کا مذاق اڑایا اور مفاہیم کے ردّ و بدل سے یہ الفاظ کہے:

''قسم ہے آٹا پیسنے والی عورتوں کی جو اچھی طرح گوندھتی ہیں پھر روٹی پکاتی ہیں پھر ثرید بناتی ہیں پھر خوب لقمے لیتی ہیں''۔ اِس پر حضرت نے اُسے قتل کا حکم سُنایا اور لمحہ بھر بھی تاخیر نہ فرمائی۔(۲۹)

حضرت عمر بن عبدالعزیز کے تاریخی الفاظ ملاحظہ ہوں:(۳۰)

''جو شخص حضور ﷺ کی بارگاہ میں گُستاخی کرے اُس کا خون حلال اور مباح ہے''۔(۳۱)

اِس جملے کا صاف مطلب یہ ہے کہ اُس کے لئے عدالتی کارروائی ہو تو فبہا ورنہ پورا معاشرہ سُستی اور کوتاہی پر مُجرم ہوگا۔(۳۲) اِن ہی خیالات کا اظہار بارہا پنجاب ہائی کورٹ

۲۸۔ الدُّرَرُ الحکّام، کتاب الجہاد، باب الوظائف، فصل فی الجزیۃ، تحت قولہ: ان إمتنع عن الجزیۃ، ۱/ ۳۰۰
أیضاً حسب المفتیین، کتاب الحدود، ق ۳۳۷/ب

۲۹۔ جیسا کہ المصنّف لابن أبی شیبۃ کے کتاب الجہاد، باب ما قالوا فی الرجل یسلم ثم یرتدّ، ما یصنع بہ (برقم: ۳۳۴۱۱، ۳۳۴۱۲، ۴۳۶ـ ۴۳۷، ۴۳۸) میں ہے۔

۳۰۔ امام سبکی نے نقل کیا کہ خُلَید سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت عمر بن عبدالعزیز کو گالی دی آپ نے لکھا کہ کسی شخص کو نہ قتل کیا جائے مگر اُسے قتل کیا جائے جو رسول اللہ ﷺ کو گالی دے (السیف المسلول، الباب الأول، الفصل الأول، المسألۃ الأول ص ۹۹)

۳۱۔ الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ، القسم الرابع، الباب الأول، الفصل الثانی: الحجۃ فی إیجاب قتل مَن سبّہ أو عابہ ﷺ، ۳۷۴

۳۲۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے اِس فرمان میں ہمارے ملک کے حکمران طبقے اور دانشوروں کے لئے غور وفکر کا سامان ہے، وہ مُلکِ پاکستان اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کے مُلک کا موازنہ کر لیں، اُن کی

کے معزز جج ''میاں نذیر اختر'' فرما چکے ہیں۔

اب سُنیے حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے بارے میں آپ نے ایک موقع پر شاتمینِ دین ورسول کو قتل کرنے کے بعد جلا دینے کا حکم صادر فرمایا، یہ روایت بھی ''بخاری'' کی ہے۔(۳۳)

حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرماتے ہیں میرے والد گرامی کہتے تھے کہ حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''جو کسی نبی کو سبّ کرے اُسے قتل کردو اور جو کسی صحابی کو بُرا بھلا کہے اُسے کوڑے مارو''۔(۳۴)

''الاشباہ والنظائر''(۳۵) میں ہے:

''کافر اگر توبہ کرے تو اُس کی توبہ قبول کر لی جائے لیکن اُس کافر کی توبہ

مملکت کتنی وسیع وعریض تھی اور آج ہمارا ملک اُس کے مقابلے میں کتنا چھوٹا ہے پھر اپنے مقام کے لحاظ سے اپنے فرض کو پہچان لیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکومت دی ہے تو ہم پر فرض ہے کہ ہر شاتم کو اس کے انجام پہچانے میں تاخیر نہ کریں اور اس میں کسی مصلحت اور رواداری کو آڑے نہ آنے دیں اور اس میں کسی کا دباؤ قبول نہ کریں۔

۳۳۔ صحیح البخاری، کتاب الجهاد و السّیر، باب: لا یعذَّب بعذاب الله، برقم:۳۰۱۷، ۲/۲۷۷، و کتاب استتاب المرتدین والمعاندین و قتالهم، باب: إثم مَن أشرك بالله إلخ، برقم: ۶۹۲۲، ۴/۳۱۳

أیضاً المصنّف لابن أبی شیبة، کتاب الحدود، باب فی الزّنادقة: ما حدُّهم؟، برقم:۲۶۹۱، ۱۴/۵۹۹، و کتاب السّیر، باب مَن رخّص فی التّحریق فی أرض العدو وغیرها، برقم:۳۳۸۲۴، ۱۷/۵۸۸۔ ۵۸۹،

أیضاً المصنَّف لعبد الرّزاق، کتاب الجهاد، باب القتل بالنّار، برقم: (۲۵۵۲)۔۹۴۷۶،۵/۱۴۵

۳۴۔ المعجم الصّغیر للطبرانی، باب العین، مَن اسمه عبدان، ۱/۲۳۵۔۲۳۶

۳۵۔ الإشباه و النّظائر، الفن الثّانی، الفوائد، کتاب السّیر، باب الرّدة، ص۱۸۹ **میں مذکور عبارت سے مستفاد یہی ہے۔**

قبول نہیں جو نبی کریم ﷺ کے حُضور گُستاخیاں کرتا ہے''۔

''نسائی شریف''(۳۶) کی حدیث ہے کہ ایک شخص نے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو سبّ کیا آپ کے ایک عقیدت مند نے اجازت چاہی کہ اُسے قتل کر دیا جائے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کہ ''یہ حق صرف حضرت محمد ﷺ کا ہے کہ اُنہیں (بکواس کرنے والے کو) قتل کر دیا جائے''(۳۷)

۳۶۔ سُنَن النّسائی، کتاب تحریم الدّم، باب الحکم فیمن سبّ النبی ﷺ، برقم:۴۰۷۷، ۴/۷/۱۱۴، و باب ذکر الاختلاف علی الأعمش فی هذا الحدیث، برقم: ۴۰۷۸، ۴۰۷۹، ۴۰۸۰، ۴۰۸۱، ۴۰۸۲، ۴۰۸۳، ۴/۷/۱۱۴، ۱۱۵، ۱۱۶

أیضاً سُنَن أبی داؤد، کتاب الحدود، باب الحکم فیمن سبّ النبی ﷺ، برقم: ۴۳۶۲، ۴/۳۴۵۔

أیضا، مسند أبی یعلیٰ، مسند أبی بکر رضی الله تعالیٰ عنه، برقم:۷۹/۷۹، ۸۰/۸۰، ۸۱/۸۱،۸۲/۸۲ ص ۵۲۔ص ۵۳

أیضاً المسند للإمام أحمد، ۱/۹

۳۷۔ **قاضی عیاض نقل کرتے ہیں کہ قاضی ابومحمد بن نصر نے فرمایا کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے اِس فرمان کی صحابہ کرام علیہم الرضوان میں سے کسی نے بھی مخالفت نہیں کی۔**(الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ القسم الرّابع، الباب الأول فی بیان ماهو فی حقّه ﷺ سبّ أو نقص الخ، فصل الحجة فی إیجاب قتل من سبّه أو عابه ﷺ ص ۳۷۴) **اِس روایت سے بہت سے علماء نے نبی کریم ﷺ کو سبّ کرنے والے کے قتل کے جواز پر استدلال کیا ہے، اُن میں سے ابوداؤد، قاضی اسماعیل بن اسحاق، ابوبکر بن عبدالعزیز اور قاضی ابویعلی وغیرہم ہیں**(الصّارم المسلول، المسئلة الأولیٰ، الحدیث الخامس، ص۶۸) **اور قاضی عیاض نے لکھا ہے کہ ائمہ دین نے اِس حدیث سے اُس شخص کے قتل پر استدلال کیا ہے جو نبی کریم ﷺ کو ناراض کرے یا ایذاء پہنچائے یا گالی دے**(الشّفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الأول، فصل: الحجة فی إیجاب قتل الخ، ص ۳۷۴) **اور امام سبکی شافعی اِس کے تحت لکھتے ہیں کہ: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا کلام ہے جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ نبی کریم ﷺ کا حق ہے کہ اُسے قتل کر دیا جائے جو آپ ﷺ کو غیظ دلائے برخلاف دوسروں کے اور اِس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آپ ﷺ کو سبّ کرنا آپ کو غیظ دلانا ہے۔**(السیف المسلول علی من سبّ الرّسول ﷺ، الباب

''ابن ماجہ'' نے روایت کیا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے ایک مرتد کو قتل کی سزا دی۔ (۳۸) اِس پر ''فتح القدیر'' (۳۹) کا مؤلّف لکھتا ہے کہ جو شخص حضور ﷺ کے خلاف غلیظ زبان استعمال کرے اُس کی گردن اڑا دی جائے۔

مُحدِّث عبد الرزاق روایت فرماتے ہیں:

''خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے کچھ مُرتدوں کو آگ میں جلا دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی اے ابوبکر! آپ نے خالد کو کھلا چھوڑ دیا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں اللہ کی تلوار کو نیام میں نہیں ڈال سکتا'' (۴۰)

''سُنَن ابی داوٗد'' کی حدیث ہے:

عَنْ عِكْرَمَةَ قَالَ أَخْبَرَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ: "أَنَّ أَعْمٰى كَانَتْ لَهُ أُمُّ وَلَدٍ تَشْتِمُ النَّبِيَّ ﷺ وَ تَقَعُ فِيهِ، فَيَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي وَ يَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ، قَالَ فَلَمَّا كَانَتْ ذَاتَ لَيْلَةٍ جَعَلَتْ تَقَعُ فِي النَّبِيِّ ﷺ وَ تَشْتِمُهُ، فَأَخَذَ الْمِغْوَلَ فَوَضَعَهُ فِي بَطْنِهَا وَ اتَّكَأَ عَلَيْهَا فَقَتَلَهَا فَوَقَعَ بَيْنَ رِجْلَيْهَا طِفْلٌ فَلَطَخَتْ مَا هُنَاكَ بِالدَّمِ، فَلَمَّا أَصْبَحَ ذُكِرَ ذٰلِكَ

الأول، الفصل الأول، المسألة الأولىٰ، ص۹۸) اور حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے جواب سے ثابت ہوا کہ حضور ﷺ کے وصال باکمال کے بعد بھی آپ کا یہ حق باقی ہے کہ آپ کے سبّ و شتم کرنے والے کو قتل کر دیا جائے بلکہ آپ ﷺ کے وصال باکمال کے بعد یہ تو مزید مؤکّد ہو گیا، اور آپ ﷺ کی حُرمت آپ کے وصال باکمال کے بعد اکمل ہے اور آپ کی عزّت کے بارے میں تساہل ممکن نہیں ہے، پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ارشاد سے مستفاد یہی ہے کہ نبی کریم ﷺ کو سبّ فی الجملہ قتل کو مباح کر دیتا ہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے جواب کا عموم اِس بات کا فائدہ دیتا ہے کہ اِس میں کافر اور مسلمان میں کوئی فرق نہیں یعنی شاتم چاہے کافر ہو یا مسلمان دونوں کا ایک ہی حکم ہے۔

۳۸۔ سُنَن أبی داؤد، کتاب الحدود، باب الحکم فیمن ارتد، برقم: ٤٣٥٤، ٤/٣٤١

۳۹۔ فتح القدیر، کتاب السیّر، باب أحکام المرتدین، تحت قوله: لما روینا "من بدّل دیناً فاقتلوه"، ٢/٣١١

۴۰۔ المصنّف لعبد الرّزاق، کتاب الجهاد، باب القتل بالنّار، برقم: ٩٤٧٥، ٥/١٤٥

لِلنَّبِيِّ ﷺ، فَجَمَعَ النَّاسَ، فَقَالَ أَنْشُدُ اللّٰهَ رَجُلًا فَعَلَ مَا فَعَلَ لِي عَلَيْهِ حَقٌّ إِلَّا قَامَ، قَالَ فَقَامَ الْأَعْمٰى يَتَخَطَّى النَّاسَ وَ هُوَ يَتَزَلْزَلُ حَتّٰى قَعَدَ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ ﷺ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ! أَنَا صَاحِبُهَا كَانَتْ تَشْتِمُكَ وَ تَقَعُ فِيكَ فَأَنْهَاهَا فَلَا تَنْتَهِي، وَ أَزْجُرُهَا فَلَا تَنْزَجِرُ وَلِي مِنْهَا ابْنَانِ مِثْلُ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ، وَ كَانَتْ بِي رَفِيقَةً، فَلَمَّا كَانَ الْبَارِحَةَ جَعَلَتْ تَشْتِمُكَ وَ تَقَعُ فِيكَ، فَأَخَذْتُ الْمِغْوَلَ فَوَضَعْتُهُ فِي بَطْنِهَا وَ اتَّكَأْتُ عَلَيْهَا حَتّٰى قَتَلْتُهَا، فَقَالَ النَّبِيُّ ﷺ: "أَلَا اشْهَدُوا إِنَّ دَمَهَا هَدَرٌ" (٤١)

حضرت عکرمہ روایت کرتے ہیں کہ یہ بات ہمیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتائی ایک اندھے کی اُمِّ ولد تھی وہ حضور ﷺ کو گالیاں بکتی تھی اور اسلام کے خلاف اعتراض کرتی تھی، وہ نابینا شخص اُس کو روکتا لیکن وہ باز نہ آتی۔ ڈانٹ ڈپٹ کے باوجود وہ اپنے ہفوات سے باز نہ آئی'' ایک رات وہ حضور ﷺ کو سبّ و شتم کرنے لگی تو نابینا صحابی اٹھا اور خنجر لیا اُس کے پیٹ میں اُتار دیا اور اُس عورت کو قتل کر دیا۔ صبح یہ واقعہ رحمتِ عالم ﷺ کو سُنایا گیا۔ آپ ﷺ فرمانے لگے ''جس آدمی نے ایسا کیا ہے اُس پر میرا حق ہے وہ کھڑا ہو جائے''، وہ شخص لڑکھڑاتے ہوئے آگے بڑھا اور حضور ﷺ کے سامنے بیٹھ گیا اور تسلیم کیا کہ یارسول اللہ ﷺ میں اُس عورت کا قاتل ہوں، یہ آپ کو گالیاں دیا کرتی تھی اور اسلام پر اعتراض کیا کرتی تھی، پس میں نے گذشتہ رات خنجر سے اُسے قتل کر دیا حالانکہ میرے اُس سے موتیوں جیسے دو بیٹے تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ''سنو! سنو! تم سب گواہ ہو کہ اُس

۴۱۔ سُنَن أبی داؤد، کتاب الحدود، باب الحکم فیمن سبّ النّبیّ ﷺ، برقم: ٤٣٥١، ٤/٣٤٤-٣٤٥

کا خون ''ھدر'' (۴۲) ہے''۔ (۴۳)

اِس حدیث میں غور وفکر کے لئے کافی مواد موجود ہے کہ اُس عاشقِ رسول ﷺ نے ماورائے عدالت اُس عورت کو قتل کیا لیکن حضور ﷺ نے اُس کے خون کو ''ھدر'' قرار دیا۔ (۴۴)

۴۲۔ ''ہدر'' اُسے کہتے ہیں جس کا ضمان نہ قصاص کے ساتھ لیا جائے اور نہ دِیت اور کفّارے کے ساتھ

۴۳۔ اس سے معلوم ہوا کہ سبّ وشتم نے اُس کے خون کو مباح کر دیا کیونکہ جب اُس صحابی نے نبی کریم ﷺ کو خبر دی کہ اُس نے اُسے اِس لئے قتل کیا ہے کہ اُس نے آپ کو سبّ شتم کیا تھا اور آپ ﷺ نے اُس عورت کے خون کو ''ہدر'' فرما دیا، لہٰذا ثابت ہوا کہ نبی کریم ﷺ کو سبّ وشتم قتل کا موجب ہے جیسا کہ یہ واقعہ اِس پر ظاہر ظہور دلالت کر رہا ہے اور اِس حدیث شریف کے تحت محشّی صحاح ستّہ علامہ ابوالحسن کبیر محمد بن عبدالہادی سندھی متوفی ۱۱۳۸ھ لکھتے ہیں کہ اِس میں اِس بات کی دلیل ہے کہ ذِمّی جب اللہ و اُس کے رسول سے اپنی زبان نہ روکے تو اُس کے لئے کوئی ذمہ نہیں، پس اُس کا قتل حلال ہے (حاشية السّندی علی السُّنن للنّسائی، کتاب تحريم الدّم، باب الحكم فيمن سبّ النّبیّ ﷺ، برقم: ٤٠٧٦، ٤/٧/١١٤، وحاشية السّندی علی السُّنَن لأبی داؤد، كتاب الحدود، باب الحكم فيمن سبّ النبی ﷺ، برقم: ٤٣٦١، ٤/٢٧٦) اور اِس حدیث شریف کے تحت امام خطابی لکھتے ہیں کہ میں نہیں جانتا کہ مسلمانوں میں سے کسی نے مسلم شاتم رسول ﷺ کے قتل کے واجب ہونے میں اختلاف کیا ہو (معالم السُّنَن، کتاب الحدود، باب الحكم فيمن سبّ النّبیّ ﷺ، برقم: ٤٣٦١، ٤/٥٢٨)

۴۴۔ یہ تو شاتمِ رسول ﷺ کا معاملہ تھا صرف مرتد کے بارے میں اِس حدیث شریف اور اِس طرح کی دیگر احادیث مبارکہ کی بنا پر فقہاء کرام نے لکھا ہے کہ کوئی شخص مرتد ہو گیا اور کسی نے اُس کے اِرتداد کی بنا پر کسی نے اُسے قتل کر دیا تو قاتل پر کچھ نہیں، چنانچہ امام حسن بن منصور اُوزجندی متوفی ۵۹۲ھ جو قاضیخان کے نام سے معروف ہیں لکھتے ہیں کہ ''أجمعَ أصحابُنا علی أنّ الرِّدَّةَ تبطلُ عِصمةَ النّكاح ...... و ردّةُ الرَّجلِ تبطلُ عِصمةَ نفسِهِ حتیّ لو قتلَه القَاتلُ بغير أمرِ القاضی عمداً أو خطأً أو بغيرِ أمر السُّلطانِ أو أتلفَ عُضواً من أعضائِهِ لا شئً علَيه (فتاویٰ قاضيخان، كتاب السّير، باب الرّدّة وأحكام أهلها، ٣/٥٨١، أيضاً الفتاویٰ تنقيح الحامدية، كتاب الشركة، باب الرّدّة والتعزير، مطلب: تقع الفرقة بنفس الرّدة، ١/١٠١) یعنی، ہمارے اصحاب (احناف) کا اِس پر اجماع ہے رِدّۃ عصمتِ نکاح کو باطل کر دیتی ہے......اور آدمی کا مرتد ہونا خود اُس کی اپنی عِصمۃ کو باطل کر دیتا ہے یہاں تک کہ قاتل نے اُس مرتد کو قاضی (جج) کے حکم کے بغیر

حضور انور ﷺ مدینہ کی طرف ہجرت فرمائی تو شہر نُور میں ایک بوڑھا جس کی عمر ایک سو بیس سال تھی اور نام اُس کا ابو عَفک تھا اُس نے انتہائی دشمنی کا اظہار کیا، لوگوں کو وہ حضور ﷺ کے خلاف بھڑکاتا، نظمیں لکھتا جن میں اپنی بد باطنی کا اظہار کرتا۔ جب حارث بن سوید کو موت کی سزا سنائی گئی تو اُس ملعون نے ایک نظم لکھی جس میں حضور ﷺ کو گالیاں بکیں۔ حضور ﷺ نے جب اُس کی گُستاخیاں سُنیں تو فرمایا:

''تم میں سے کون ہے جو اِس غلیظ اور بدکردار آدمی کو ختم کر دے''

سالم بن عمیر نے اپنی خدمات پیش کیں وہ ابو عَفک کے پاس گئے دراں حالیکہ وہ سو رہا تھا، سالم نے اُس کے جگر میں تلوار زور سے کھبو دی ابو عَفک چیخا اور آنجہانی ہو گیا۔ (۴۵)

عمداً یا خطاءً یا بادشاہ کے حکم کے بغیر قتل کر دیا یا اُس کے اعضاء میں کسی عضو کو تلف کر دیا تو اُس قتل کرنے والے پر کچھ نہیں۔

لہٰذا مندرجہ بالا اجماع فقہاء احناف بتا رہا ہے کہ ایسے شخص کے ماورائے عدالت قتل کی صورت میں قاتل پر کسی قسم کا نہ قصاص ہے اور نہ دیت اور نہ اور کوئی اور سزا اور نہ ہی گُناہ، پھر اگر کسی کا شاتم ہونا ثابت ہو جائے دوسرا شخص اُس شاتم مرتد کے قول صریح کی فاسد تاویل کرے اور اُسے کفر سے بچانے کی سعی لاحاصل کرے یا بلا تاویل ایسا کرے تو اُس کا بھی وہی حکم ہوگا جو شاتم کا ہے چنانچہ غزالی زمان علامہ احمد سعید کاظمی لکھتے ہیں ''شاتم کے قول صریح کی تاویل کر کے اُس مُرتکب کو کفر سے بچانے والا بھی اُسی قتل کا مستحق ہے جیسا کہ خود توہین کرنے والا مستوجبِ حد ہے'' (تحفّظ عقائد اہلِ سنّت، گُستاخِ رسول کی سزا قتل از علامہ احمد سعید کاظمی ص ۱۶۴) یا صرف اُس کا مرتد ہونا ثابت ہو جیسا کہ کوئی شخص سؤر کو حلال سمجھ کر کھاتا ہو یا شراب حلال سمجھ کر پیتا ہو، یا نماز یا زکوٰۃ کی فرضیت کا منکر ہو یا علماء حقّہ اہلِ سنّت وجماعت کی توہین کا مرتکب ہو، بہرحال اِن میں سے کوئی بھی صورت ہو ماورائے عدالت اُس مُرتد کے قتل کی وجہ سے قتل کرنے والے پر مندرجہ بالا سطور میں ذکر کردہ فقہاء کے اِجماع، امام سرخسی کے قول اور متعدد احادیث کی تصریح کے مطابق کسی قسم کی کوئی سزا لازم نہیں آئے گی، ہاں اگر نہ اُس کا شاتم ہونا ثابت ہو اور نہ ہی مرتد ہونا تو اِس صورت میں اُس کا قتل ناجائز و حرام قرار پائے گا اور قاتل سزا کا مستحق ٹھہرے گا۔

۴۵۔ كتاب المغازی للواقدی، سرية قتل أبی عَفَك، ١/١٦٣

أيضاً السّيرة النّبويّة لا بن هشام، سرية سالم قتل أبی عَفك، ٤/٢٤٤

أيضاً الصّارم المسلول علی شاتم الرّسول، المسئلة الأولیٰ أنّ مَن سبّ النّبیّ ﷺ، ص٧٥، ٧٦

أيضاً مختصر الصّارم المسلول، المسئلة الأولیٰ، الموضوع الخامس، الحديث السّابع، ص٥٦، ٥٧

حویرث بن نقیذ رسول اللہ ﷺ کو گالیاں دیا کرتا ایک بار حضرت عباس مکہ سے مدینہ جارہے تھے۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اور حضرت اُمِّ مکتوم رضی اللہ عنہما مدینہ جانے کے لئے اُن کے ساتھ نکلیں۔ ظالم حویرث نے سواری کو اِس طرح ایڑھ لگائی کہ دونوں شہزادیاں سواری سے گرگئیں۔ رسول ﷺ نے اُسے موت کی سزا سُنائی۔ فتحِ مکہ کے موقع پر حُویرث نے خود کو ایک مکان میں بند کر دیا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اُسے تلاش کر لیا اور اپنے آقا ﷺ کے حکم پر اُسے قتل کر دیا۔(۴۶)

''بخاری شریف'' کی روایت ہے معاویہ بن مغیرہ نامی ایک گُستاخ کو رسول اللہ ﷺ نے گرفتار کروالیا اور فرمایا: ''ایک سچا مسلمان ایک ہی سانپ سے دو بار نہیں ڈسا جاتا، اے معاویہ بن مغیرہ! تم اب کسی صورت میں بھی واپس نہیں جاسکتے''۔

پھر فرمایا: ''اے زبیر! اے عاصم! اِس کا سر قلم کردو''(۴۷)

''فتاویٰ بزازیہ''(۴۸) میں ہے اور یہ حنفی فقہ کی معروف کتاب ہے۔

جب کوئی شخص حضور ﷺ یا انبیاء میں سے کسی بھی نبی کی توہین کرے اُس کی شرعی سزا قتل ہے۔ اور اُس کی توبہ یقیناً قبول نہیں ہوگی۔

۴۶۔ کتاب المغازی للواقدی، شان غزوة الفتح، ۲۸۱/۲ مختصراً،
ایضاً، السّیرة النّبویّة لابن هشام، شعار المسلمین یوم الفتح، من أمر بقتلهم الرّسول ﷺ یدخل الحرم، ۹۳/۴

۴۷۔ امام بیہقی نے ابوعزّۃ عبداللہ بن عمرو بن عبداللہ الجمحی کے بارے میں روایت کی کہ وہ ایک شاعر تھا اور اس نے حضور ﷺ کی ہجو کی اور مشرکوں کو حضور ﷺ کے ساتھ جنگ کے لئے اُکسایا، غزوہ بدر میں حضور ﷺ نے اُس پر احسان کرتے ہوئے اُسے چھوڑ دیا اور اُحد میں پکڑا گیا اور آپ نے حضرت عاصم سے فرمایا ''اے عاصم! اِس کا سر قلم کردو'' (السُّنن الکبری للبیهقی، کتاب قسم الفیء والغنیمة، باب ماجاء فی من الإمام علی من رأی، برقم: ۱۲۸۳۹، ۵۲۰/۶ وکتاب السّیر، مایفعل بالرّجال البالغین منهم، برقم: ۱۸۰۲۹، ۱۱۱/۹)

۴۸۔ الفتاویٰ البزازیة علی هامش الفتاویٰ الهندیة، کتاب السّیر، الباب الرّابع فی المرتد إلخ، الفصل الثّانی، النّوع الأوّل فی المقدمة، ۲۳۱/۶

''فتاویٰ قاضی خان''(۴۹) میں ہے کہ حضور ﷺ کے ساتھ منسوب کسی چیز میں عیب نکالنے والا شخص کافر ہے جب کہ ''الاشباہ'' کے مصنف نے فرمایا اور وہ واجب القتل ہوگا۔ جیسے کسی شخص نے حضور ﷺ کے بال مبارک کے بارے میں (بطورِ اہانت) تصغیر کا صیغہ استعمال کر کے تنقیص کی۔

علامہ جصّاص رازی لکھتے ہیں:

مسلمانوں میں کوئی اختلاف نہیں کہ اپنے آپ کو مسلمان کہنے والا جو شخص حضور ﷺ کی ذات پاک کے خلاف بے ادبی کی جسارت کرے وہ مُرتد ہے اور قتل کا مستحق ہے۔(۵۰)

''عالمگیری'' میں ہے کہ جو شخص کہے حضور ﷺ کی چادر یا بٹن میلا کُچیلا ہے اور اِس قول سے مقصود عیب لگانا ہو، اُس شخص کو قتل کر دیا جائے گا۔(۵۱)

علامہ خفاجی ''نسیم الریاض'' میں فرماتے ہیں اگر کسی شخص نے کسی شخص کے علم کو حضور

۴۹۔ فتاویٰ قاضیخان، علی هامش الفتاوی الهندیة، کتاب السّیر، باب ما یکون کفراً من المسلم و ما لایکون، ۵۷۴/۳، وفیه: إذا عابَ الرّجلُ النّبیَّ علیه السلام فی شیءٍ کان کافراً، قال بعض العلماء: لو قال: شعر النّبیّ ﷺ شعراً فقد کَفَر

۵۰۔ أحکام القرآن للرّازی، سورة البراءة، مطلب: فی حکم مَن شتم النّبیّ ﷺ، ۱۲۸/۳

۵۱۔ ولوقال: حامهٔ پیغمبر ربمناك (أی، ملابس الرّسول قذرة) فقد قیلَ یکفُر، وقد قیل یکفر إذا قالَ علی وجهِ الإهانةِ (الفتاوی الهندیة، کتاب السّیر الباب التّاسع فی أحکام المرتدین، مطلب: موجبات الکفر أنواع منها إلخ ۲۶۴/۲)
وری ابنُ وهبٍ عن مالك من قال: إنّ رداءَ النّبیّ ﷺ۔ ویُروی زِرَّ النّبیّ ﷺ۔ وَسِخٌ رَادَ بـه عَیبَهُ قُتِلَ (الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الأول: فی بیان ماهو فی حقّه ﷺ إلخ، ص۳۷۰)

ﷺ کے علم سے زیادہ جانا اُس نے توہین کی، اِس لیے وہ واجب القتل ٹھہرا۔(۵۲)

قاضی عیاض فرماتے ہیں:

وَ بَلَغَ الْمُهَاجِرَ بْنَ أَبِیْ أُمَيَّةَ أَمِيْرَ الْيَمَنِ لِأَبِیْ بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ أَنَّ امْرَأَةً هُنَاكَ فِی الرِّدَّةِ غَنَّتْ بِسَبِّ النَّبِیِّ ﷺ فَقَطَعَ يَدَهَا وَ نَزَعَ ثَنِيَّتَهَا فَبَلَغَ أَبَا بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ: لَو لَا مَا فَعَلْتَ لَأَمَرْتُكَ بِقَتْلِهَا، لِأَنَّ حَدَّ الْأَنْبِيَاءِ لَيْسَ يُشْبِهُ الْحُدُوْدَ (۵۳)

''یمن کے گورنر مہاجر بن اُمیّہ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو اطلاع دی وہاں ایک عورت مرتد ہوگئی، اُس نے حضور ﷺ کی شان میں گستاخی والا گیت گایا، گورنر نے اُس کا ہاتھ کاٹ دیا اور سامنے والے دو دانت توڑ دیے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو پتہ چلا تو آپ نے فرمایا! اگر تو فیصلہ کر کے عمل نہ کرا چکا ہوتا تو میں اُس عورت کے قتل کرنے کا حکم صادر کرتا اِس لیے کہ نبیوں کے گستاخ قابل معافی نہیں ہوتے''۔

حضور ﷺ کے گستاخ کی سزا یہی ہے کہ وہ واجب القتل ہے۔ اس کی توبہ قبول نہیں چاروں مسالک یہی ہیں۔

علامہ زین الدین ابن نجیم ''البحر الرائق'' (۵۴) میں ارشاد فرماتے ہیں حضور ﷺ کو سبّ و شتم کرنے والے کی سزا قتل ہے اُس کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی۔

۵۲۔ نسیم الرّیاض، القسم الرّابع، الباب الأول: فی بیان ماھو إلخ ١٤٦/٤ (٣٣٥/٤) بتغییرٍ یسیرٍ

۵۳۔ الشّفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الأول، الفصل الثانی: فی الحجّة فی إیجاب قتل مَن سبّه أو عابه ﷺ، ٣٧٣

أیضاً الصّارم المسلول علی شاتم الرّسول ﷺ، المسئلة الأولیٰ: إنّ من سبّ النّبیّ ﷺ إلخ، فصل: و أمّا إجماع الصّحابة، ص١٣٨

۵۴۔ البحر الرّائق شرح کنز الدّقائق، کتاب السّیر، باب أحکام المرتدّین، تحت قوله: و یحبس ثلاثة أیام إلخ، ٢١١/٥

علامہ خطابی فرماتے ہیں اُمّت اِس بات پر مجتمع ہے کہ کسی بھی نبی کی بے ادبی کفر ہے اور شاتم واجب القتل ہے۔ میں نہیں جانتا کہ اِس حقیقت سے کسی نے انکار کیا ہو۔(۵۵)

''مبسوط'' میں امام سرخسی (۵۶) فرماتے ہیں نبیوں کو گالی دینے والے کو قتل کیا جائے گا، اُس سے توبہ کا مطالبہ نہیں ہوگا۔(۵۷)

امام سیوطی رحمہ اللہ نے ''الخصائص الکبریٰ'' (۵۸) میں سفیان ہذلی کے بارے میں یہ روایت لکھی کہ حضور ﷺ نے اُس گستاخ کی نشاندہی خود فرمائی اور کہا کہ اِس وقت وہ وادیٔ نخلہ یا وادیٔ عُرَنہ میں ہے۔ تم جاؤ اور اُسے قتل کرو، رسول ﷺ نے عبداللہ بن اُنیس کو اپنا عصا مبارک بطورِ انعام عطا فرمایا۔ حضور ﷺ نے اپنے ایک گستاخ کو قتل کرنے والے کو یہ انعام عطا فرمایا تمہیں کوئی فتنہ ضرر نہیں دے سکے گا۔(۵۹)

بیہقی نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کیا حضور ﷺ کے خلاف بکنے والے کی سزا یہ ہے کہ اُسے قتل کیا جائے گا۔

۵۵۔ الصّارم المسلول علی شاتم الرّسول، المسئلة الأولیٰ: أن من سبّ النّبیّ ﷺ إلخ، ص٩

۵۶۔ المبسوط للسّرخسی، کتاب السّیر، باب المرتدین

۵۷۔ یہ امام مالک کا قول ہے جسے ابواسحاق اسماعیل بن اسحاق بصری مالکی متوفی ۲۸۲ھ نے اپنی کتاب ''المبسوط'' میں نقل کیا ہے جیسا کہ امام سبکی نے "السیف المسلول" (کے باب اول، فصل اول، المسئلة الأولیٰ ص ١٠٠) میں لکھا ہے اور علامہ ابوعمر عثمان بن عیسیٰ بن کنانہ متوفی ۱۸۶ھ نے اپنی کتاب ''المبسوط'' میں لکھا ہے کہ مسلمانوں میں سے جس نے نبی کریم ﷺ کو شتم کیا اُسے قتل کیا جائے یا وہ سولی دیا جائے اور اُس کی توبہ قبول نہ کی جائے جیسا کہ امام سبکی نے "السیف المسلول" کے باب اول، فصل اول (المسئلة الأولیٰ ص ١٠٠) میں اِسے نقل کیا ہے۔

۵۸۔ الخصائص الکبریٰ، باب ما وقع فی قتل سفیان بن نبیح الهذلی، ٢٣٥/٢

۵۹۔ حضرت عبداللہ بن اُنیس رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ! آپ نے مجھے یہ عصا کیوں عطا فرمایا ہے تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ میرے اور تیرے درمیان قیامت میں علامت ہے''۔ پس حضرت عبداللہ بن اُنیس نے اُس دن سے اِسے اپنی تلوار کے ساتھ ملا لیا جب آپ کا وصال ہوا تو آپ نے حکم دیا کہ اِسے میرے کفن کے ساتھ ملا دیا جائے۔(الخصائص الکبریٰ، باب ما وقع فی قتل سفیان بن نبیح الهذلی، ٢٣٥/٢)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کا فیصلہ قبول نہ کرنے والے منافق کی گردن اڑادی۔(۶۰)

نُصوصِ قرآن اور احادیث مبیضہ کی روشنی میں قاضی عیاض ''شفا شریف'' میں لکھتے ہیں۔وہ سب لوگ جو نبی ﷺ کی گُستاخی کریں، سبّ وشتم کریں،عیب لگائیں یا آپ کی پاک ذات نسب مبارک، آپ کے دین یا آپ کی کسی عادت میں نقص نکالیں،تعریض کریں یا بطور سبّ آپ کوکسی سے تشبیہ دیں،شان میں کمی کریں یا آپ کی ذات اقدس میں اعتراض کریں یہ سب باتیں سبّ وشتم ہیں،ان کے مُرتکب کوقتل کیا جائے گا۔(۶۱)

ابن حاتم طلیلی اُندلسی نے ایک مناظرہ میں ازراہِ استحقار حضور ﷺ کوعلی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا سسر کہہ کرآپ کے زُہدکواحتیاج کی بناپر مجبوری قرار دیا،تو اُندلس کے تمام فقہاء نے اُسے سولی پرلٹکانے کی سزا کا فتویٰ دیا۔(۶۲)

''جسٹس میاں نذیراختر'' اپنے ایک مقالے میں گراں قدر خیالات کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

> ''یہ مُسلّمہ قانون ہے کہ توہینِ رسالت کی سزا موت ہے۔عہدِ نبوی اور دَورِ صحابہ میں بہت سے مُجرموں کو اِس جرم میں سزا دی گئی۔ برطانوی اور مُغلیہ دَور میں بھی توہینِ رسالت کے مُرتکب افراد کوموت کی سزا دی گئی اور کبھی حکومتی سطح پر قانون پرعمل نہ ہوسکا تو مسلمان غازی علم الدین کی پیروی کرتے ہوئے خود ہی توہینِ رسالت کے مُرتکب افراد کوسزا

۶۰۔ تفسیر ابن أبی حاتم الرّازی، سورة النّساء، الآية: ٦٥، برقم:٥٥٩٧، ٧٤/٣
أيضا الدُّرُّالمنثور فی التّفسير بالماثور، سورة النّساء، الآية: ٦٥، ٥٤٧/٢۔
أيضاً الصّارم المسلول، المسئلة الأولیٰ أنّ مَن سبَّ النَبِیّ ﷺ، فصل، ص٣٢، ٣٣

۶۱۔ الشّفا بتعريف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الأول فی بيان ما هو فی حقه ﷺ سبّ أو نقص إلخ، ص٣٤٩

۶۲۔ الصّارم المسلول علی شاتم الرّسول، المسئلة الرّابعة فی بيان السّبّ المذكور إلخ، فصل: قد ثبت أنّ كلّ سبّ إلخ، ص٣٦٣
أيضا السَّيف المسلول، الباب الأول، الفصل الأوّل، المسئلة الأولیٰ، ص١٠٢

> دیتے رہے گویا اِس قانون پر اُمت متفق ہے اِس میں کوئی ابہام نہیں ہے''۔(۶۳)

''جسٹس میاں نذیراختر'' کے یہ الفاظ مزید غور وفکر کا تقاضا کرتے ہیں:

> یہ قانون چودہ صدیوں سے مسلمانوں کے قلوب پرنقش ہے اگر سزا ختم کی گئی تو فرق یہ پڑے گا کہ غازی علم الدین کی طرح عُشّاق سزائیں خود نافذ کرلیں گے۔

سرکار کی عظمت ہے ہمیں سب سے مقدم
پیغام یہ کُفّار کو سب مل کے سُنائیں
جو کوئی بھی مُجرم ہے توہینِ رسالت کا
عبرت کی اُسے ۔۔۔تصویر بنائیں
زندہ ہیں ابھی عالَم اِسلام کی مائیں

اعلیٰ حضرت فاضل بریلوی (۶۴) سے ایک موقع پرکسی نے سوال کیا کہ حضور ﷺ کی طرف ایک مقرر نے تکبر کی نسبت کی اُس پرآپ نے جواب دیا یہ صریح کُفر ہے۔ایسے شخص کا ایمان جاتا رہا۔اُس کی عورت اُس کے نکاح سے نکل گئی۔مسلمانوں کا اُس سے سلام کلام حرام ،اُس کے پاس بیٹھنا حرام ،بیمار پڑے تو اُسے پوچھنا حرام ،مرجائے تو اُس کے جنازے پر جانا حرام ،اُسے غسل وکفن دینا حرام ،مرنے کے بعد اُسے کوئی ثواب پہنچانا حرام بلکہ اُس کے کُفر پر مطلع ہوکر جو اُسے مسلمان سمجھتا رہا اور اُس کے ساتھ مسلمانوں کا سا معاملہ کرے بلکہ اُس

۶۳۔ تقریر ایوانِ اقبال وسنّی سیکرٹریٹ

۶۴۔ امام اہلسنّت امام احمد رضا دوسرے مقام پر لکھتے ہیں: اُسے کیا اختیار تھا کہ گُستاخی کی جائے رسول اللہ ﷺ کی شانِ اقدس میں اور یہ معاف کردے۔''درمختار'' (الدُّرّ المختار، كتاب الجهاد، باب المرتد، ص٣٤٥) میں ہے کہ جوکسی نبی کوگالی دینے کی وجہ سے کافر ہوا،اُس کی توبہ کسی حال میں قبول نہیں۔اور اگر اللہ تعالیٰ کوگالی دی تو توبہ مقبول ہے کیونکہ یہ اللہ تعالیٰ کا حق ہے اور پہلا بندے کا حق ہے جوتوبہ سے زائل نہیں ہوتا اور جس نے بھی اُس کے عذاب وکفر میں شک کیا وہ کافر ہوجائے گا۔(فتاویٰ رضويه مع التخريج ، كتاب السّير، مسئله: ٥٣، ٣٠٦/١٤، ملخصاً)

کے کُفر میں شک بھی کرے تو وہ کافر ہو جائے گا۔(۶۵)

''تاریخ بغداد'' میں یہ روایت موجود ہے:

> حضور ﷺ نے فرمایا میرے صحابہ کو گالی مت دو، اِس لیے کہ آخر زماں ایک ایسی قوم پیدا ہوگی جو میرے صحابہ کو گالی دے گی اگر وہ بیمار ہو جائیں تو بیمار پرسی نہ کرنا اور اگر وہ مر جائیں تو اُن پر نماز جنازہ نہ پڑھنا۔ اُن سے نکاح کے رشتے نہ قائم کرنا۔ انہیں وراثت میں حصہ نہ دینا اور انہیں سلام بھی نہ دینا اور اُن کے لیے دعائے رحمت بھی نہ کرنا۔ (۶۶)

اِس حدیث سے حضور ﷺ کی توہین کرنے والے کے لیے نرم دل رکھنے والے کا حکم آپ خود معلوم کر سکتے ہیں۔

اب میں چاہوں گا کہ تعزیرات پاکستان کی دفعہ 295-C،(۶۷) کی طرف آؤں لیکن قبل اِس کے کہ اُس پر تشریحاتی گفتگو کی جائے اُس پر دی گئی آئینی توضیح ملاحظہ ہو۔

۶۵۔ مستفاد از فتاویٰ رضویه، کتاب السیر، مسئله ۲۷۳، و ۲۷٤، ١٤/٦٤٦

۶۶۔ تاریخ بغداد، باب الحاء ماذکر من اسمه الحسین، وابتداء اسم أبیه حرف الوأو، برقم: ٢٤٦٠،٦/٢٥٢

۶۷۔ دفعہ 295-C یہ ہے کہ ''جو کوئی عملاً، زبانی یا تحریری طور پر یا بطورِ طعنہ زنی، بہتان تراشی، بالواسطہ یا بلاواسطہ، اشارۃً یا کنایۃً (حضرت) محمد (ﷺ) کی توہین یا تنقیص یا بے حُرمتی کرے گا وہ سزائے موت یا عمر قید کا مستوجب ہوگا، اُسے جرمانے کی سزا بھی کی جا سکتی ہے'' اور اِس قانون کے بارے میں ''ماہنامہ تحفّظ کے ایڈیٹر محترم جناب محمد شہزاد قادری ترابی لکھتے ہیں کہ ۱۹۸۵ء کی قومی اسمبلی میں ادارے کے سر پرست اعلیٰ قائد اہلسنّت حضرت علامہ مولانا سید شاہ تراب الحق قادری صاحب، شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا عبدالمصطفیٰ ازہری، حاجی حنیف طیب اور محترمہ قمر النّساء قمر اور دیگر حضرات کی کوششوں سے 295-C کا اضافہ کیا گیا، جسے قومی اسمبلی اور سینیٹ دونوں ایوانوں نے مکمل اتفاق رائے سے منظور کیا۔ اُس وقت علمائے اہلسنّت کے علاوہ دیوبند، اہلحدیث، شیعہ نمائندوں نیز پارسیوں کے نمائندے ایم پی بھنڈرا، ہندو نمائندے سیٹھ چمن داس، عیسائی نمائندے موجود تھے (ماہنامہ تحفّظ، جلد نمبر ۷، شمارہ نمبر ۴، مارچ ۲۰۱۱ء/ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ) بعد میں اکتوبر ۱۹۹۵ء وفاقی شرعی عدالت کے ایک فیصلے کی روشنی میں سزائے عمر قید ختم کر کے ''سزائے موت'' کو برقرار رکھا گیا جیسا کہ اس کا ذکر آئے گا۔

"The following is the text of 295C PPC which provides for the death penalty or life imprisonment for blasphemy.In 1992,by order of the Federal Shariat Court, 295-C PPC was amended to make death the only possible penalty for blasphemy. The National Assembly did not amend the PPC or appeal the decision of the Court in the time allowed by the decision. By order of the Court, failure to amend or appeal the decision in the allotted time resulted in the allowance for life imprisonment to be deemed struck. While the wording has not changed, death is now the mandatory penalty"

مجموعہ تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 295-C توہینِ رسالت پر عمر قید یا سزائے موت دیتی ہے 1992 میں وفاقی شرعی عدالت کے حکم کے ذریعے 295-C میں توہینِ رسالت کی سزائے طور پر صرف موت ہی کو ممکنہ سزا بنانے کی ترمیم کر دی گئی۔ قومی اسمبلی نے عدالت کی جانب سے مقررہ معیاد میں نہ تو قانون میں ترمیم کی اور نہ ہی عدالتی فیصلے کے خلاف اپیل کی گئی۔ عدالتی حکم کے مطابق دیئے گئے وقت میں ترمیم یا اپیل نہ کرنے کی صورت میں نتیجۃً عمر قید کی سزا خود بخود کالعدم متصوّر ہوگی باوجودیکہ عبارت میں تبدیلی نہیں کی گئی۔ اب

موت ہی لازمی سزا ہے۔(۶۸)

تعزیراتِ پاکستان کی یہ شق ملاحظہ کرنے کے بعد یہ حقیقت اظہر مِنَ الشّمس ہوگئی کہ یہ قانون انسانی ذہن کی پیداوار نہیں اور یہ خیرات میں بھی نہیں دیا گیا۔ اِس قانون کے عقب میں اسلامی تحریکات کے اربوں جذبے، قربانیاں اور شہادتیں موجود ہیں جن کے نتیجے میں قرآن وسنّت کا نُفوذ شرعی عدالت کے ذریعے عمل میں آیا ہے اور آئینی سطح پر اِس کی توثیق کی گئی۔(۶۹) اب یہ بات بخوبی سمجھ لینی چاہیے کہ توہینِ رسالت کی سزا قتل صرف آئینِ پاکستان کی تجویز نہیں بلکہ یہ کتاب وسنت کا سپریم لاء جس کا انکار کُفر ہے۔ اُسے ''کالا قانون'' (۷۰) کہنا رسالت مآب

۶۸۔ مجموعہ تعزیراتِ پاکستان توضیحی نوٹ 295-C

۶۹۔ ممتاز صحافی حامد میر لکھتے ہیں کہ توہینِ رسالت ﷺ کی سزا کا معاملہ پاکستان کی اعلیٰ عدالتوں اور پارلیمنٹ نے طے کردیا لیکن وقفے وقفے سے غیر ملکی طاقتیں اِس معاملے میں مداخلت کرتی رہتی ہیں۔ امریکہ اور بعض مغربی ممالک ماضی میں کُھل کر توہینِ رسالت ﷺ کی سزا سے متعلق قانون 295-C کی ختم کرنے یا تبدیل کرنے کا مطالبہ کرچکے ہیں۔ جنرل پرویز مشرف کے دَور میں غیر ملکی سفیروں کا ایک وفد اُس وقت کے وزیرِ قانون رضا حیات ہراج سے ملا اور اِس قانون میں تبدیلی کا مطالبہ کیا۔ رضا حیات ہراج نے غیر ملکی سفیروں سے صاف صاف کہا کہ توہینِ رسالت ﷺ کی سزا موت ہے، یہ سزا ختم نہیں ہوسکتی۔ سفیر صاحبان مایوس ہوکر واپس لوٹ گئے۔ اب صدر آصف علی زرداری کے قریبی دوست اور پنجاب کے گورنر سلمان تاثیر نے 295-C کو'' کالا قانون'' قرار دیا۔ قومی اسمبلی کے کچھ اقلیتی ارکان نے اِس قانون کو غیر مسلموں کی جان ومال کے لئے خطرہ قرار دے دیا ہے تاہم اس صورت حال میں وفاقی وزیر قانون بابر اعوان نے دینی غیرت وحمیّت کا مظاہرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک وہ وزیرِ قانون ہیں توہینِ رسالت ﷺ کا قانون تبدیل نہیں ہوسکتا۔ بابر اعوان سے لاکھ اختلافات لیکن اِس معاملے میں اُن کا موقّف غیر لچکدار اور پاکستانی عوام کی اکثریت کے حقوق کی پاسداری کے مترادف ہے۔ پاکستان میں غیر مسلموں کے حقوق کا خیال رکھنا ہم سب پر فرض ہے لیکن اِس کا مطلب یہ قطعاً نہیں کہ ہم اپنے پیارے نبی ﷺ کی شان میں گُستاخی کی کُھلی اجازت دے دیں۔(روزنامہ جنگ، کراچی، پیر ۲۹ نومبر ۲۰۱۰ء)

۷۰۔ گورنر پنجاب سلمان تاثیر کا وہ بیان جس میں اُس نے قرآن وسنّت کے اِسی سپریم لاء کو'' کالا قانون'' کہا تھا اخبارات میں شائع ہوا میرے سامنے ۲۳ نومبر ۲۰۱۰ء کا'' ایکسپریس، کراچی'' ہے جس میں ہے کہ اُس نے کہا کہ'' آسیہ بی بی غریب اور بے بس خاتون ہے، اُسے قائداعظم اور ذوالفقار علی بھٹو کے دیئے ہوئے قانون کے تحت نہیں بلکہ ضیاء الحق کے'' کالے قانون'' کے تحت سزا ہوئی'' اور اِسی میں

ﷺ کی توہین ہے۔ اُسے دقیانوسیّت سے تعبیر کرنا جہالت ہے۔ اُسے بدلنے کی کوشش احکام رسالت سے بغاوت ہے (۷۱) اور اُسے غیر موزوں، غیر صحیح اور نامناسب کہنا مغرب پرستی ہے۔ (۷۲) وہ شخص جو خواہ مخواہ اُس میں کیڑے نکالے گا وہ ریاست کا دشمن اور شرعی عدالت کی توہین کا مجرم ٹھہرے گا۔ (۷۳) اُس پر دینی حلقے اگر جذباتی ہیں تو وہ 295-C کے الفاظ کے لئے نہیں

ہے کہ'' نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے سلمان تاثیر نے کہا کہ آسیہ بی بی غریب اور بے بس خاتون ہے جسے'' کالے قانون'' کے تحت موت کی سزا سے نہ صرف پاکستان بلکہ باہر کے ملکوں میں ہمارا مذاق بن گیا ہے (روزنامہ ایکسپریس، کراچی مورخہ ۲۳ نومبر ۲۰۱۰ء) اور'' روزنامہ نوائے وقت'' میں ہے کہ'' توہینِ رسالت ﷺ کا قانون، سزائے موت جنرل ضیاء الحق کا بنایا ہوا قانون ہے اور یہ'' کالا قانون'' ہے (روزنامہ نوائے وقت، کراچی، ۲۳ نومبر ۲۰۱۰ء) اور ممتاز صحافی حامد میر نے اِس کا تذکرہ یوں کیا کہ'' اب صدر آصف علی زرداری کے قریبی دوست پنجاب کے گورنر سلمان تاثیر نے 295-C کو'' کالا قانون'' قرار دیا ہے الخ (روزنامہ جنگ، کراچی، پیر ۲۹ نومبر ۲۰۱۰ء) اور ۶ جنوری ۲۰۱۱ء کے'' روزنامہ جنگ'' اُن واقعات کی مختصر فہرست دی جو گورنر تاثیر کے قتل کا سبب بنے چنانچہ اِس میں ہے کہ'' ۱۱ نومبر ۲۰۱۰ء کو جب ننکانہ صاحب کی سیشن عدالت نے ایک مسیحی خاتون آسیہ بی بی کو سزائے موت دی تو مقتول گورنر سلمان تاثیر پہلی مرتبہ ۲۰ نومبر کو سامنے آئے اور آسیہ سے ملاقات کرنے شیخوپورہ جیل پہنچ گئے، وہاں انہوں نے تحفّظ ناموس رسالت قانون کو'' کالا قانون'' قرار دیا'' اِلخ (روزنامہ جنگ کراچی، جمعرات یکم صفر المظفر ۱۴۳۲ھ، ۶ جنوری ۲۰۱۱ء، جلد ۵۷، نمبر ۶)

۷۱۔ اور سلمان تاثیر کو تو توہینِ رسالت قانون میں تبدیلی کے مطالبے پر فخر تھا، دیکھئے: جمعۃ المبارک ۷ المحرم الحرام ۱۴۳۲ھ، ۲۴ دسمبر ۲۰۱۰ء کا'' روزنامہ اُمّت'' جلد نمبر ۱۵، شمارہ ۱۳۸

۷۲۔ سلمان تاثیر نے'' قانون توہینِ رسالت ﷺ'' کو غیر موزوں، غیر صحیح اور نامناسب ہی نہیں بلکہ توہین رسالت ﷺ پر دی جانے والی سزا کو ظالم سزا کہا ہے چنانچہ پریس کانفرنس میں اس کے اپنے کلمات ملاحظہ ہوں اُس نے کہا'' توہینِ رسالت ﷺ پر دی جانے والی سزائے موت ایک سخت اور بڑی ظالم سزا ہے اور قائداعظم محمد علی جناح کے پاکستان میں ایسا قانون نہیں تھا اور نہ اس قسم کی ظالم سزا ہوسکتی تھی دیکھیں: Asia Bibi Press Conference (http://www.salmantaseer.com/main.asp) بحوالہ رسالہ عاشق رسول ﷺ، ازخود فیصلہ فرمائیں کہ۔۔۔۔ص ۳۹۔

۷۳۔ اسی بنا پر علماء دین مفتیان شرع متین کی جانب سے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کے خلاف ایک فتویٰ جاری ہوا جو اخبارات میں شائع ہوا اور وہ یہ ہے، لاہور (نمائندہ جنگ) علماء کرام نے فتوی دیا ہے کہ گورنر

،قرآن وحدیث کے سینکڑوں شواہد پر جان چھڑکنے کے لئے تیار ہیں اور یہ باتیں اگر کسی کو پسند نہیں تو اُس کا کیا کیا جا سکتا ہے۔

یہ بات درست ہے کہ سوچنا، سمجھنا اور فیصلہ کرنا انسان کا حق ہے مگر سچائی کو قبول کرنا اُس کا فرض ہے۔ مغربی استعمار کی سوچوں کا رُخ اپنا ہے لیکن مسلمان اپنی مدنی سوچوں اور افکار کو کسی کی غلامی کی بھینٹ نہیں چڑھا سکتے اور یہ بھی صحیح ہے کہ انسان کو صیاد نہیں ہونا چاہیے

پنجاب سلمان تاثیر آسیہ کو چھڑوانے کی وجہ مُرتد اور دائرۂ اِسلام سے خارج ہو گئے ''دارالعلوم حزب الاحناف'' میں جیّد مفتیانِ عظام اور شیخ الحدیث اور علماء دین کا ایک اجلاس ہوا جس کی صدارت صاحبزادہ پیر سید مصطفیٰ اشرف رضوی نے کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر فتوی جاری کیا گیا جس کی تصدیق مولانا غلام حسین قادری، انجینئر مولانا سلیم اللہ خان، مفتی نعیم اختر قادری، علامہ مفتی آصف رضا قادری، علامہ قاری مظفر حسین کھرل، مفتی صفدر علی کاظمی، مفتی محمد علی قادری جلالی، مفتی محمد خان قادری برکاتی اور علامہ مفتی الطاف حسین نے کی اور مشترکہ طور پر فتوی کی تائید کی ہے کہ گورنر سلمان تاثیر مُرتد اور منافق ہیں، آئین کے مطابق منافق اور مُرتد پاکستان کے کسی اعلیٰ عہدے پر فائز نہیں ہوسکتا (''روزنامہ جنگ'' کراچی جلد ۶۷، نمبر ۳۲۴، جمعرات ۱۸ ذی الحج ۱۴۳۱ھ ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء و''روزنامہ ایکسپریس'' کراچی، جمعرات ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء) اِس پر چاہیئے تھا کہ حکومت ایسے گورنر کو معزول کر کے اُس کے جُرم کی اُسے سزا دیتی مگر ہوا یہ کہ اُلٹا اُن علماء دین کو جنہوں نے سلمان تاثیر کو منافق اور مُرتد قرار دیا تھا ''علماءِ سُوء'' کہا گیا چنانچہ پیپلز پارٹی پنجاب کے سکیریٹری اطلاعات کا ایک بیان آیا جو اخبارات میں شائع ہوا جس کی ہیڈنگ یہ تھی ''گورنر پنجاب کے خلاف علماء کے فتووں کی کوئی حیثیت نہیں، پیپلز پارٹی پنجاب'' لاہور (نمائندہ جنگ) پیپلز پارٹی پنجاب کے سیکٹری اطلاعات فخر الدین چوہدری نے کہا ہے کہ گورنر پنجاب کے بارے میں فتوی جاری کرنے والے ''عُلماء سُوء ہیں'' میں اُن کے فتووں کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے قائد اعظم کو کافر اعظم کہا اور شہید ذوالفقار علی بھٹو اور شہید بینظیر بھٹو کے خلاف بھی فتوی دیئے (روزنامہ ایکسپریس، کراچی جمعرات ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء) یاد رہے کہ پاکستان کے قیام سے قبل وطن عزیز کے حصول کے مخالف اور آزادی کی جدوجہد کرنے والوں کے دشمن، محمد علی جناح کے لئے ایسے کلمات بولنے اور لکھنے والے کانگریسی مولوی تھے جن کا تعلق دیوبند وغیرہ سے تھا۔ تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو مفکر اسلام پیر طریقت حضرت علامہ سید شاہ تراب الحق قادری کی تصنیف ''تخلیق پاکستان میں علماء اہلِ سنّت کا کردار'' اور ''دارالعلوم حزب الاحناف'' اور اِس فتوی کے اجراء میں شامل علماء تو وہ ہیں کہ جن کے اسلاف جدوجہدِ آزادی کے روحِ رواں تھے اُن پر یہ الزام تاریخ پاکستان سے لاعلمی کے سوا کچھ نہیں ہے۔

جو جان وجسم، مال واسباب اور انسانی وقار کو خواہشات کو نشانہ بنائے لیکن وقار واحترام کے محور انبیاء اور مرسلین کی عزّت اور ناموس کو نشانہ بنانے کی وحشت کی اجازت بھی نہیں دی جا سکتی۔ رُوشن خیالات کے نام پر انسانی زندگی کے سمندر میں حضور ﷺ ہی نہیں تمام انبیاء کے ناموس کو مقدس جاننے والی چھوٹی مچھلیاں بڑے وحشی ناگوں کی خوراک نہیں بن سکتیں۔

پروفیسر لاسکی کا کہنا ہے آزادی اُس فضا کا نام جسے حقوق پیدا کرتے ہیں۔ اِس حوالے سے ممالک کے اندر دو قسم کے قوانین اِس وقت رائج ہیں ''پبلک لاء'' جس کی پابندی سے طاقتور عناصر فرد کی آزادی میں مداخلت سے باز رہتے ہیں دوسرا ''پرائیویٹ لاء'' جس کی رُو سے ریاست کے باشندے ایک دوسرے کی آزادی میں مداخلت نہیں کرتے اسلامی ریاست کا قانونی مزاج یہی ہے لیکن اسلام اٹل قانون ہے کہ اِس میں اللہ تعالیٰ کی ذات اور حضور ﷺ کی ذات پر بحث نہیں کی جا سکتی اللہ تعالیٰ کا منزّہ عن العُیوب ہونا اور حضور ﷺ نہ صرف آپ بلکہ تمام انبیاء معصوم عَنِ الخطاء ہونا تسلیم کیا جاتا ہے۔ اگر کوئی نقص وعیب کی طرف بڑھے تو اُس کا یہ اقدام اُس کے اسلام کی چادر کو پھاڑ دیتا ہے۔ اگر کسی معاشرے میں کوئی شخص حضور ﷺ کی توہین کرتا ہے تو پورا معاشرا ایک دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے۔ (۴۷) یا وہ اسلام، اسلام کی اعلی اقدار، روشن تاریخ، فقہا کے عدالتی فیصلے، عِصمتِ انبیاء اور اپنے ایمان کے ساتھ چلنا اختیار کرے یا وہ اپنے اسلام سے دستکش ہو جائے دوسری صورت ناممکن قطعی مشکل، ازبس دشوار ہے یہ ہے وہ وجہ کہ اسلامی معاشرے میں گُستاخِ رسول، رسول کے دامن پر حملہ کر کے عزّت نہیں پا سکتا۔ اِس گھناؤنے فعل کے ارتکاب کے بعد اُس کا جنازہ

۴۷۔ تاریخ زندہ مثالوں سے بھری پڑی ہے چاہے وہ صحابہ کا دَور ہو یا اُمت کے زوال کا دَور، ناموسِ رسالت ﷺ کے باب میں اُمت حد درجہ حساس رہی ہے اور والہانہ عقیدت سے سرشار رہی ہے اِس لئے اِس بات کی ضرورت ہے کہ نظریاتی سرحدوں کی بھی اُسی طرح حفاظت کی جائے جس طرح جغرافیائی حدو بندیوں کی، کی جاتی ہے اور معاشرے کا استحکام بھی تبھی ممکن ہے کہ شر پسند عناصر جو توہینِ رسالت ﷺ کے مُرتکب ہوں اُن کے لئے سخت ترین قانون موجود ہوتا کہ وطن عزیز فتنہ فساد سے پاک رہ سکے، کیونکہ دنیا کے ہر قانون میں ہتکِ عزّت کا قانون موجود ہے (از ڈاکٹر سمیہ راحیل قاضی، روزنامہ جنگ، کراچی، اتوار، پیر، منگل، ۲۸، ۲۹، ۳۰ نومبر ۲۰۱۰ء بحوالہ رسالہ بنام آسیہ مسیح (ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ) ص ۱۱-۱۲)

پڑھنا، اُس سے تعلق رکھنا چہ معنیٰ دارد، گل سڑ جانے والا عضوِ بدن بھی جسم سے جُدا کر دینا ناگزیر ہوتا ہے۔

مغرب کے روشن خیال لوگوں کی خدمت میں بھی ہم گذارش کریں گے کہ وہ تورات اور انجیل ہی کا مطالعہ کرلیں۔ (۵۷) ''کتاب مقدس'' ص198 احبار باب 24 آیت 10 تا 17

۵۷۔ یہودیوں اور عیسائیوں کی مقدس کتابوں ''عہد نامہ قدیم'' اور ''عہد نامہ جدید'' پر نظر ڈالی جائے تو عہد نامہ قدیم میں واضح طور پر یہ الفاظ ملتے ہیں:

''Shall not revile God (Exodus 22.28)'' اس کا مطلب ہے کہ ''خُدا کو نہ کوسنا'' اور ''بُرا بھلا نہ کہنا'' (کتاب مقدس پرانا اور نیا عہد نامہ، ص۵۷، بائیبل سوسائٹی، لاہور ۱۹۹۳ء) ''عہد نامہ قدیم'' میں آگے چل کر مزید وضاحت اور متعیّن الفاظ کے ساتھ یہ بات کہی گئی:

''اور جو خُداوند کے نام پر کُفر بکے ضرور جان سے مارا جائے، ساری جماعت اُسے قطعی سنگسار کرے خواہ وہ دیسی ہو یا پردیسی جب وہ پاک نام پر کُفر بکے تو ضرور جان سے مارا جائے'' (احبار، باب نمبر۲۴، آیت ۱۵ تا ۱۷ ص۱۱۸) انگریزی کے الفاظ بھی غور سے دیکھنے کے قابل ہیں:

And he that blasphemeth the name of the Lord, he shall surely be put to death, and all the congregation shall certainly him as wall as the stranger, as he that is born in Land, when he blasphemeth the name of the Lord, shall be put to death (Leveticm 24:11-16)

میثاق جدید کے یہ الفاظ بھی قابلِ غور ہیں:

Wherefore I say unto you, all manner of sin and blasphemy shall be forgiven unto men but to blasphemy against the Holy christ, shall and be forgiven unto men (Mathen 12:31)

اس کا مفہوم: ''اس لئے میں تم سے کہتا ہوں کہ آدمیوں کا ہر گُناہ اور کُفر تو معاف کیا جائے گا مگر جو کُفر روحِ مقدس کے بارے میں ہو وہ معاف نہ کیا جائے گا'' (متی باب ۱۲:۳۱، کتاب مقدس، مطبوعہ بائیبل سوسائٹی، انارکلی لاہور، ۱۹۹۳ء، میثاقِ جدید، ص۱۵ بحوالہ ترجمان القرآن دسمبر ۲۰۱۰ء، ص۴-۵) جب اِن کی کُتُب میں صراحۃً ایسے لوگوں کی سزا مذکور ہے کہیں تو ہے کہ ''ساری جماعت اُسے سنگسار کردے'' کہیں ہے کہ ''باہر لے جا کر سنگسار کردے تا کہ وہ مر جائے'' اور کہیں ہے کہ ''وہ

میں لکھا ہے:

''یہ واقعہ ہے کہ دبری کی بیٹی سلومیت کے بیٹے نے پاک نام پر کُفر بکا اور لعنت کی اُسے حوالات میں ڈال دیا گیا تا کہ اللہ فیصلہ فرمائے اب موسیٰ کی طرف سے حکم ملا اِس لعنت کرنے والے کو لشکر گاہ کے باہر نکال کرلے جا اور جتنوں نے اُسے لعنت کرتے سُنا وہ سب اپنے اپنے ہاتھ اُس کے سر پر رکھیں اور ساری جماعت اُسے سنگسار کردے''۔

سلاطین باب اکیس میں ہے:

''اللہ اور بادشاہ کی توہین کرنے والے کی سزا سزائے موت ہے۔ دو شریر آدمیوں کو اُس مُجرم کے سامنے کرو کہ وہ اُس کے خلاف گواہی دیں تو نے خُدا پر اور بادشاہ پر لعنت کی ہے پھر اُسے باہر لے جا کر سنگسار کروتا کہ وہ مر جائے''۔

بات اصل میں یہ ہے کہ کسی جُرم پر مُجرم کو سزا دینا اِس لئے ضروری سمجھا جاتا ہے کہ یہ عمل اُس شخص کی سوزشِ قلبی کا علاج ہو جس پر جُرم کے ارتکاب سے زیادتی کی گئی ہے۔ جدید

پاک نام پر کُفر بکے تو ضرور جان سے مارا جائے'' اور کہیں یہ مذکور ہے کہ ''جو کُفر روح مقدس کے بارے میں ہو وہ معاف نہ کیا جائے'' تو اسلام کو الزام دینا کیسا؟ اور پھر پوپ بینیڈکٹ اور اقلیتوں کے وفاقی وزیر شہباز بھٹی وغیرہما کا آسیہ مسیح کی سزا پر شور مچانا کیسا؟ اور ان لوگوں کی طرف سے قانون توہینِ رسالت ﷺ کی مخالفت کیوں؟ مغرب روحانی اقداروں سے بیگانہ ہو گیا اور یہ زمانہ اپنی روح کے اعتبار سے مادے پر استوار عقلیت (Rationalism) کا شکار ہے، مسلمان بھی اِسی مادی ماحول سے متاثر ہو کر ایمان کو اپنے جلیل القدر ربّ العالمین اور حضور ﷺ کے احکام کی روشنی میں پرکھنے کی بجائے یورپی مادی عقلیت کے میزان میں تولتے ہیں اور اپنی غیرت اور خودداری سے غافل ہو جاتے ہیں اور اِس غفلت کی پیدا کردہ محرومی کا مداوا یہی ہے اُمت کی روح میں سوزِ عشق مصطفیٰ ﷺ کی تپش تیز کردی جائے، عشق مصطفیٰ ﷺ لازمۂ ایمان ہے اور ہر مسلمان کی رگ وپے میں خون کی طرح جاری وساری ہے حقیقی مسلمان کبھی بھی یہ برداشت نہیں کرسکتا کہ کوئی دریدہ دہن حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کا مرتکب ہو (از ڈاکٹر سمیہ راحیل قاضی صاحبہ، روزنامہ جنگ، کراچی، اتوار، پیر، منگل/ ۲۸، ۲۹، ۳۰ نومبر ۲۰۱۰ء بحوالہ رسالہ بنام آسیہ مسیح (سٹرکٹ جیل شیخوپورہ ص۱۱)

قوانین نے بھی اپنی توجہ اِس طرف پھیری ہے کہ وہ جرم جو اجتماعی ناموس کو مجروح کرنے والے ہوں اُن کی سزا کڑی رکھی جائے تا کہ معاشرتی بگاڑ کا کلیۃً ازالہ ہو جائے۔ وہ شخص جو توہینِ رسالت کرتا ہے وہ دراصل رسول کو ماننے والے ہر غلامِ رسول کے گھر میں داخل ہو کر گویا ڈکیتی کا ارتکاب کرتا ہے۔ وہ مُفسِد فی الارض ہوتا ہے اور یقیناً اُس کی سزا قتل ہوتی ہے۔

پاکستان ایک آزاد مملکت ہے۔ اُس کے آئین میں اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کی بات کی گئی ہے۔ یہ آزاد ریاست آئینی قدروں کے سائے میں پُرسکون آگے بڑھ رہی تھی کہ ایک شیری رحمٰن نامی عورت (۷۶) نے 295-C کے خلاف ترمیمی بل پیش کر کے معاشرتی پُرامن اور پُرسکون فضا کو درہم برہم کر دیا۔ (۷۷) بحیثیت رُکن اسمبلی اُن کو اندازہ کرنا چاہئے تھا کہ ملک

۷۶۔ قانون توہینِ رسالت ﷺ میں ترمیم کے نام پر ''تنسیخ'' کا بل پیش کرنے والی اِس عورت کا تعلق پیپلز پارٹی سے ہے جو رُکن پارلیمنٹ ہے اِسی پارٹی کی جانب سے اعلیٰ عہدوں پر فائز رہی ہے اور ایک شاتمہ عورت کی حمایت میں قانون توہینِ رسالت ﷺ کو ''کالا قانون'' کہنے والے صوبہ پنجاب کے گورنر کا تعلق بھی اُسی پارٹی سے ہے حالانکہ ایک زمانے میں جب اُس وقت کے وزیرِاعظم میاں نواز شریف نے اِس قانون میں ترمیم کرنا چاہی تو اُس ترمیم کا راستہ روکنے کی کوشش کرنے والوں میں پیپلز پارٹی کی چیئر پرسن اُس وقت کی قائد حزبِ اختلاف بے نظیر بھٹو پیش پیش تھیں چنانچہ ممتاز صحافی حامد میر لکھتے ہیں: ''برادرم ارشاد احمد عارف صاحب نے وزیرِاعظم یوسف رضا گیلانی کی کتاب ''چاہِ یوسف کی صداء'' کے صفحہ ۱۴۰ کے حوالے سے لکھا ہے کہ ۱۹۹۰ء میں وزیرِاعظم بننے کے بعد میاں نواز شریف، توہینِ رسالت ﷺ کے قانون میں ترمیم کرنا چاہتے تھے لیکن اُس وقت کی اپوزیشن لیڈر بے نظیر صاحبہ نے اِس قانون کا راستہ روکنے کے لئے بھرپور کوشش کی، بے نظیر بھٹو صاحبہ نے محمد خان جونیجو، غلام مصطفیٰ جتوئی اور اعجاز الحق کی مدد سے اس ترمیم کا راستہ روکا، جناب یوسف رضا گیلانی سے گذارش ہے کہ اپنی کتاب کا صفحہ نمبر ۱۴۰ صدر آصف علی زرداری کو بھی پڑھ کر سُنا دیں اور مناسب سمجھیں تو اس قانون کے خاتمے کا مطالبہ کرنے والی غیر ملکی شخصیات کو بھی یہ بتا دیں کہ توہینِ رسالت ﷺ کے قانون کو چھیڑنے سے پاکستان میں انتہا پسندی بڑھے گی، لوگ آئین اور جمہوریت سے متنفر ہو جائیں گے اِس لئے آپ ہمارے اندرونی معاملات میں مداخلت نہ کریں۔ (روزنامہ جنگ، کراچی، پیر ۲۹ نومبر ۲۰۱۰ء)

۷۷۔ ۲۴ نومبر ۲۰۱۰ء کو پارلیمنٹ میں جو بل داخل کیا گیا ہے اُس میں محرک نے یہ درخواست کی کہ مروجہ

میں بسنے والے کروڑوں لوگ جس ہستی پر ایمان رکھتے ہیں اور انہیں آزاد شہری کی حیثیت سے تمام حقوق حاصل ہیں اُن کے دل پر کیا گزری ہوگی۔ (۷۸) جلتی پر تیل سلمان تاثیر نامی ایک

قانون توہینِ رسالت ﷺ 295-C اور اُس سے متعلقہ دیگر دفعات میں بنیادی تبدیلیاں کی جائیں۔ بِل میں جو تبدیلیاں تجویز کی گئی ہیں اُن کا مقصود ''ترمیم'' نہیں، بلکہ اُس قانون کی عملی ''تنسیخ'' ہے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ترمیم کی ضرورت پر غور کر لیا جائے۔ ترمیم کا عمومی مقصد قانون کی روح کو برقرار رکھتے ہوئے کسی ایسے پہلو کا دُور کرنا ہوتا ہے جو قانون کے نفاذ میں رُکاوٹ پیدا کر رہا ہو یا کسی ایسے پہلو کی تکمیل مقصود ہو جو مروّجہ قانون میں رہ گیا ہو۔ اِس حیثیت سے اگر حالیہ قانون کی دفعہ 295-C اور مجوّزہ ترمیم کے الفاظ کا مقابلہ کیا جائے تو صورت حال کچھ مختلف نظر آتی ہے۔ مروّجہ قانون میں 295-B میں ارتکاب جُرم کرنے والے کے لئے سزا عمر قید ہے۔

Shall be punishable with imprisonment to bile

295 میں الفاظ ہیں:

shall be punishable with death

جبکہ مجوزہ بل میں 295-B کے لئے جو متبادل الفاظ تجویز کئے گئے ہیں وہ ہیں:

Shall be punishable with imprisonment of either descriptoin for a term wich may extend of five years or with fine or both.

اسی طرح 295-C کے لئے جو تبادل الفاظ تجویز کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں:

Shall be punishable with imprisonment of either discription for a term which may extend to ten years or with fine or with both.

گویا دونوں مجوّزہ دفعات میں اگر کوئی فرق ہے تو صرف قید کی مدت یعنی 295-B میں حد سے حد پانچ سال اور 295-C میں حد سے حد دس سال! جو انسان بھی باہوش وحواس اِس تقابل کو دیکھے گا وہ یہی کہے گا اِس تجویز کا اصل نام ''تنسیخ'' ہے ''ترمیم'' نہیں۔ یاد رہے کہ اِس قید اور جُرمانے کے درمیان ''یا'' کا رشتہ قائم کیا گیا ہے۔ گویا سزا کے بغیر صرف جُرمانہ، جس کا بھی تعیّن نہیں کیا گیا ادا کر کے کوئی بھی شاتم رسول ﷺ اُمتِ مُسلمہ کا خون اور اُن کی آنکھوں میں دُھول جھونک سکتا ہے (ترجمان القرآن، دسمبر ۲۰۱۰ء، ص ۱۵۔۱۶)

۷۸۔ اگر یہ احساس ہوتا تو تو سلمان تاثیر، فوزیہ وہاب جیسے لوگ ''قانون توہینِ رسالت ﷺ کو ختم کرنے کے درپے نہ ہوتے، چنانچہ سلمان تاثیر کا اپنا بیان ملاحظہ ہو'' ملک مولویوں نے ٹھیکہ پر نہیں لیا ہوا جو ہر

شخص کا سیاہ کردار ثابت ہوا۔عدالت میں حضور ﷺ کی توہین کرنے والی آسیہ نامی ایک عورت کو آزادی دلوانے کے لئے تاثیر نے جس سیاہ کرتوت کا ارتکاب کیا۔اپنی بیٹی اور بیوی کی معیّت میں پاکستان کا عدالتی سسٹم تباہ کر کے ایک گُستاخ رسول کا مُحسن بنا نہ صرف مُحسن بنا بلکہ توہینِ رسالت کے قانون کو'' کالا قانون'' قرار دیا اور صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اپنی موت سے تین چار دن پہلے جو انٹرویو دیا اس میں اصرار، ڈھٹائی اور ضد کے ساتھ ایک بار پھر توہینِ رسالت پر تاریخی اعتبار سے جو فیصلے کتاب وسنّت کی روشنی میں ہوئے اور مُجرموں کو سزائے موت سنائی گئی اُن کا مذاق اڑایا۔شرعی عدالت کے فیصلے کو'' نا موزوں''،''غیر صحیح'' اور'' کالا'' قرار دیا۔(۷۹) اُس پر حملہ کر کے قتل کرنے والے ممتاز حسین قادری کا بیان ہے کہ صرف اتنا ہی نہیں یہ شخص اپنی عمومی زندگی میں بھی اسلام کا مذاق اڑاتا رہتا تھا۔اسلام کا ایک عام طالب علم اگر تھوڑی دیر کے لئے سلمان تاثیر کی گورنری کا غلاف اُتار دے اور غور وفکر کرے تو بات کو واضح کرنے کے لئے میں اُسے کربلا لے جاؤں گا۔اور اُس ماحول میں انسانی ضمیر سے فتویٰ لینا چاہوں گا کہ ایک ایسا شخص ہو جس نے ہندو عورت کے پیٹ سے بچے پیدا کئے ہوں۔اُس

بات پر شور مچاتے ہیں،۱۹۷۳ء کے آئین پر قوم متفق ہے اور یہی آئین جمہوریت کی بقا ہے''ناموسِ رسالت ﷺ کے قانون کو جلد ختم کر دیا جائے گا اور میں اپنے مؤقف پر قائم ہوں'' دیکھیں روزنامہ جناح، ہفتہ، ستمبر ۱۹، ۲۰۰۹ء بحوالہ رسالہ عاشق رسول ﷺ، از خود فیصلہ فرمائیں کہ......ص ۳۹) اور کچھ ترمیم کے نام پر اِس قانون کو ختم کرنا چاہتے ہیں چنانچہ پیپلز پارٹی کی مرکزی سکریٹری اطلاعات فوزیہ نے اصرار کیا ہے کہ توہینِ رسالت کے قانون میں ترمیم ضرور ہوگی، دیکھئے "روزنامہ اُمت""، بدھ، ۱۹ جنوری ۲۰۱۱ء

۷۹۔ یاد رہے کہ ممتاز حسین قادری نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر کو اسی لئے قتل کیا کہ اس نے توہین رسالت ﷺ کے قانون کو'' کالا قانون'' کہا تھا جیسا کہ موصوف کے اپنے بیان سے ظاہر ہے جو مختلف اخبارات میں بھی شائع ہوا چنانچہ''روزنامہ جنگ'' میں ہے کہ'' گورنر پنجاب نے توہینِ رسالت کے قانون کو'' کالا قانون'' کہا تھا اس لئے انہیں قتل کیا''۔ممتاز حسین قادری (روزنامہ جنگ، کراچی، بدھ ۵ جنوری ۲۰۱۱ء) اور''روزنامہ ایکسپریس'' میں ہے کہ''ناموس رسالت ﷺ ایکٹ کو'' کالا قانون'' کہنے پر گورنر کو قتل کیا''۔ممتاز حسین قادری، (روزنامہ ایکسپریس، کراچی، بدھ ۵ جنوری ۲۰۱۱ء)

کا لختِ جگر لکھتا ہو کہ میرا اَبا سور کا گوشت حلال سمجھ کر کھاتا ہے۔(۸۰)
اور اس کی بیٹی کہتی ہو کہ میرا والد نہ صرف یہ کہ ناموسِ رسالت کے قانون میں ترمیم چاہتا تھا بلکہ وہ احمدیوں (۸۱) کو غیر مسلم قرار دیے جانے والی قانون کی شق کا بھی مخالف تھا(۸۲)

۸۰۔ خنزیر حرام قطعی ہے اور اُسے حلال جاننا کفر ہے چنانچہ قاضی عیاض مالکی فرماتے ہیں جن چیزوں کو اللہ تعالیٰ نے حرام فرمایا اُن میں سے کسی چیز کو حلال جاننے والے کی تکفیر پر اہلِ اسلام کا اجماع ہے۔ (الشفاء بتعريف حقوق المصطفىٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الثّالث، الفصل الرّابع: في بيان ما هو من المقالات كفر و ما يتوقف إلخ، ص ۴۰۹)، سؤر کا گوشت کھانا یقیناً کبیرہ گُناہ ہے مگر کُفر نہیں، ہاں اُسے حلال جاننا یہ کفر ہے کیونکہ اہلسنّت کا عقیدہ ہے کہ''مسلمان کی کسی گُناہ کی بنا پر تکفیر نہیں کی جاتی جب تک اُسے حلال نہ جانے(شرح بدء الأمالي، باب لا يكفر المسلم بذنب ما لم يستحله، ص ۳۱۹) جیسے نماز نہ پڑھنا کبیرہ گُناہ ہے مگر ترکِ نماز کو حلال جاننا کُفر ہے چنانچہ امام ابوبکر رازی حنفی لکھتے ہیں کہ''اِس طرح تارکِ نماز کی تکفیر نہ کی جائے گی جب تک ترکِ نماز کو حلال نہ جانے (شرح بدء الأمالی،ص ۳۲۴) لہٰذا سلمان تاثیر کے فرزند ارجمند کا اپنے باپ کے بارے میں یہ بیان اگر درست ہے تو سلمان تاثیر پہلے ہی دائرہ اسلام سے خارج ہو چکا تھا۔

۸۱۔ یعنی مرزائیوں/ قادیانیوں

۸۲۔ سلمان تاثیر کی بیٹی شہر بانو نے تاثیر نے اپنے ایک انٹرویو میں کہا: میرے والد مرزائیوں/ قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے والی شق کے خلاف تھے۔اُس کی بیٹی کا یہ تفصیلی انٹرویو انڈیا کے ایک نجی ٹی وی NDTV چینل نے پروگرام The Buck Stops Here میں نشر کیا جس میں اپنے والد کے قتل کے اسباب کو بیان کرتے ہوئے اُس نے کہا وہ گوجرہ کے عیسائیوں کے لئے کھڑے ہوئے انہوں نے مرزائیوں/ قادیانیوں سے ملاقات کے لئے گئے جن کے عبادت خانے میں گزشتہ سال ظالمانہ طریقہ سے حملہ کیا گیا، اُن کے ملنے ہسپتال گئے اور انہیں (مرزائیوں/ قادیانیوں) آپ کو پتا ہے کہ کافر قرار دیا گیا ہے......اِس پروگرام کے دوران جو جو باتیں بیٹی نے کیں اُن کا خلاصہ ٹی وی اسکرین پر دکھایا گیا اور اُس میں یہ لکھا تھا کہ وہ اُس آئینی شق کے خلاف تھے جس میں مرزائیوں/ قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا گیا ہے: دیکھیں:Jang news: 11 Jan 2011 بحوالہ رسالہ عاشق رسول ﷺ ص۴۲) ورقادیانی یقیناً کافر ہیں اور اس ملک کے آئین کے مطابق بھی وہ کافر غیر مسلم ہیں، اس لئے اُن کو مسلم جاننے والا، ان کو غیر مسلم قرار دیئے جانے کو غلط سمجھے اور کہنے والا کبھی بھی مسلمان نہیں ہو سکتا وہ شریعت مطہرہ اور ملکی قانون دونوں کی رُو سے مُجرم ہیں، ایسے شخص کا مسلمان سے کیا تعلق؟ چہ جائیکہ اُسے کسی اعلیٰ عہدے پر فائز کیا جائے

اور وہ شراب بھی جائز سمجھ کر پیتا ہو(۸۳) اور دھت رہتا ہو۔ اور اُسے حلال کو حرام اور حرام کو حلال کہنے میں شرم محسوس نہ ہوتی ہو۔ اور وہ مسلمان کا نکاح مُشرکہ عورت سے جائز سمجھتا ہو اور نہ صرف جائز سمجھتا ہو بلکہ اس نے تجربہ عملی طور پر نبھایا ہو وہ توہینِ رسالت کے جرم پر قتل کی سزا دینے کے شرعی قوانین کو ''کالا'' اور ''سیاہ'' قرار دیتا ہو نہ صرف یہ بلکہ ایک مُجرمہ شاتمہ بدکردار عورت کو رہائی دلوانے کی اپنی سی کوشش بھی کی ہو۔ اب میں پوچھنا چاہوں گا کہ آپ اگر کربلا میں حسین کے پرچم تلے کھڑے ہو جائیں تو لگے گا یہ ساری صفات رکھنے والا یزید ہی ہو سکتا ہے۔ سلمان تاثیر کے بارے میں جو کچھ اُس کے بیٹے نے لکھا اور جو کچھ انہوں نے خود بیان کیا وہ کافی ہے۔ ایسے عالم میں یہ کیسے ممکن تھا کہ پاکستان میں یزید کی شناخت غیر ممکن رہتی۔ تاثیر کے متعلق اُس کے بیٹے آتش تاثیر کی گواہی ملاحظہ ہو:

> My father, who drank Scotch every evening, never fasted or prayed, ever ate pork, and once said, It was only when I was in jail and all they gave me to read was the Koran-and I read it back to front several times that I realised there was nothing init for me. (Stranger to History, Page No21,22) (84)

۸۳۔ قاضی عیاض مالکی لکھتے ہیں کہ مسلمانوں کا اُس شخص کی تکفیر پر اجماع ہے جو شراب نوشی کو حلال جانتا ہو (الشفا بتعریف حقوق المصطفیٰ ﷺ، القسم الرّابع، الباب الثّالث، الفصل الرّابع: فی بیان ما ھو من المقالات کفر و ما یتوقف إلخ، ص۴۰۹) یہ اِس لئے کہ سود، شراب، جُوا وغیرہا کو حرام جاننا ایمان سے ہے (المسایرة، الخاتمة: فی بحث الإیمان، النّظر الثّانی، ص۲۹۸) ظاہر ہے کہ جب اِن کو حرام جاننا ایمان سے ہے تو حلال جاننا کُفر ہوگا۔

۸۴۔ سلمان تاثیر کے بیٹے آتش تاثیر نے اپنے باپ کے بارے میں جو لکھا اس کا مفہوم یہ ہے کہ ''میرے والد جو کہ ہر شام Scotch (شراب) پیتے تھے، انہوں نے نہ کبھی روزہ رکھا نہ ہی نماز پڑھی حتیٰ کہ وہ سوئر کا گوشت بھی کھاتے تھے اور ایک بار انہوں نے کہا جب میں جیل میں تھا (اور انہوں نے مجھے پڑھنے صرف قرآن دیا) تب میں نے اُسے اول تا آخر کئی بار پڑھا اور میں نے جان لیا اس (قرآن) میں میرے لئے کچھ نہیں''۔

میرا خیال ہے علمائے اہلِ سنّت کا فتویٰ پورے تدبّر تاریخی مطالعہ عمیق تجزیے اور آئینی دائرے میں رہ کر دیا گیا ہے۔ کہا یہ جاتا ہے کہ علمائے اہلِ سنّت کو سلمان تاثیر کے خلاف سخت فتویٰ دینے کی بجائے 295-c کے تحت مقدمہ درج کروانا چاہئے تھا۔ یہ مشکل اپنی جگہ کہ کسی منصب پر فائز شخصیت کے خلاف مقدمہ دائر کرنا پاکستان میں کتنا مشکل اور کتنے مالی وسائل کا تقاضا کرتا ہے لیکن چلئے اس کو تھوڑی دیر کے لئے کوتاہی سمجھ لیا جائے تو بھی سپریم کورٹ جو اللہ کے فضل سے اتنی زیرک اور چابکدست ہے کہ اشیائے خورد و نوش کے نرخ میں اضافہ ہو جائے تو سوموٹو ایکشن لے لیتی ہے تعجب ہے کہ گستاخِ رسول ﷺ کے صریح اقدامات کے باوجود نہ عدالت نے سوموٹو ایکشن لیا اور نہ ہی وزارتِ قانون نے خود مقدمہ درج کروایا۔ حالانکہ آئینی دفعات کے تحفظ کی ذمہ داری تو حکومت کی ہوتی ہے۔(۸۵) اگر یہ ضروری ہے کہ فتویٰ دینے والے، مسجدوں میں جلسے کرنے والے، سڑکوں پر ریلیاں نکالنے والے لاکھوں کو شاملِ تفتیش کیا جائے(۸۶) تو کیا یہ ضروری نہیں کہ صدر، وزیرِاعظم، شیری رحمٰن، وزارتوں، اسمبلیوں اور عدالتوں میں بیٹھے ہوئے تمام افراد شاملِ تفتیش کر لئے جائیں کہ

۸۵۔ ممتاز صحافی عبدالجبار مرزا نے لکھا کہ انہی دنوں جب سلمان تاثیر نے آسیہ کے ساتھ پریس کانفرنس میں توہینِ رسالت ایکٹ میں ترمیم کی بات کی تھی اگر ایوان صدر کی طرف سے اس کی تردید یا وضاحت آجاتی تو یہ صورتحال نہ ہوتی جو بن چکی ہے، (روزنامہ جنگ، کراچی پیر۵صفر المظفر ۱۴۳۲ھ، ۱۰ جنوری ۲۰۱۱ء ص۶، عنوان ''مخلص قیادت اور عوامی بیداری'') یقیناً یہاں حکمرانوں سے بہت بڑی خطا ہوئی، آئندہ انہیں چاہیے کہ ہر اُس شخص کو حکومت سے علیحدہ کر دیں جو قرآن وسنت اور ملکی آئین کا مخالف ہو اور ''گستاخِ رسول کی سزائے موت'' یہ قرآن وسنت و اجماع اُمت سے ثابت ایک متفقہ قانون ہے اور یہ قانون آئین پاکستان کا حصہ بھی ہے، اسی طرح قادیانیوں کا غیر مسلم ہونا قرآن و سنت و اجماع امت سے ثابت ہے اور یہ آئین پاکستان کا حصہ بھی ہیں لہٰذا جو بھی ان کا مخالف ہوا اُسے کسی بھی اعلیٰ عہدے پر فائز نہ کیا جائے اور اُسے کسی سطح پر بھی مسلمانوں پر حاکم مقرر نہ کیا جائے کیونکہ ایسا شخص قرآن وسنت اور ملکی آئین کے ساتھ غداری کا مرتکب ہے۔

۸۶۔ انہیں شاملِ تفتیش کرنے کی بات پیپلز پارٹی کی حکومت کے ایک مسیحی وزیر شہباز بھٹی نے کی کہ ''اُکسانے اور فتوے جاری کرنے والوں کو بھی شاملِ تفتیش کیا جائے۔ وزیرِاقلیتی اُمور (روزنامہ امت، کراچی، بدھ۵جنوری۲۰۱۱ء)

گُستاخ گورنر چلو اُس پر تھوڑی دیر کے لیے تسلیم کر لیتے ہیں کہ گُستاخی کا محض الزام تھا مقدمہ قائم کرنے میں کیوں سستی کی گئی ۔ ۔ ۔ جہاں تک ممتاز حسین قادری کا تعلق ہے اُس کے ساتھ ہمارے تعلق کی بنیاد محض دینِ اسلام کا رشتہ ہے ۔ دنیوی اعتبار سے تو ممتاز حسین قادری ہماری نسبت گورنر سے زیادہ قریب تھا ۔ جیسے روشنی کو مٹھی میں بند نہیں کیا جا سکتا ایمان کو زنجیریں نہیں پہنائی جا سکتیں ۔ ممتاز حسین قادری نے جو کچھ کیا اِس پر ہم اگر جذباتی نہ بھی ہوں تو (وفاقی وزیر داخلہ) عبد الرحمٰن ملک نے جو کہا کہ میرے سامنے بھی اگر کوئی حضورﷺ کی گُستاخی کرے میں بھی اُسے گولی ماردوں گا ۔ (۸۷) تو جناب! عبد الرحمٰن ملک صاحب کا تو ممتاز حسین قادری سے کوئی تعلق نہیں ۔ کچہریوں میں ممتاز حسین قادری کو چومنے والے سینکڑوں وُکلاء علمائے اہلِ سنّت کے فتوے پر تو اُسے چوم نہیں رہے ۔ (۸۸) بات صرف اتنی ہے کہ جس ملک میں قانون کو ویران کرنے کی کوشش کی جائے، قادری ایسے لوگ خود بخود مختلف

۸۷۔ وزیر داخلہ عبدالرحمٰن ملک کے بیان پر ممتاز صحافی عبدالجبار مرزا نے لکھا کہ ''وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک نے بہت عرصے بعد کوئی واضح بات کی ہے کہ ''کوئی اُن کے سامنے شانِ رسول ﷺ میں گُستاخی کرے تو وہ اُسے گولی ماردیں گے'' اِسی جذبہ کا مظاہرہ ممتاز قادری نے کیا (روزنامہ جنگ، کراچی پیر۵صفرالمظفر ۱۴۳۲ھ،۱۰جنوری۲۰۱۱ء ص۶،عنوان ''مخلص قیادت اور عوامی بیداری'')

۸۸۔ شانِ رسالت ﷺ میں گُستاخی کے مُرتکب فرد کے لئے موت کی سزا کے قانون کی تائید وحمایت اور گُستاخِ رسول ﷺ یا اُس کے حمایتی، اُس کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرنے والے کے قاتل کی حمایت وتائید کچھ فقہاء، علماء اور جنونیوں ہی کا جُرم نہیں تعلیم یافتہ حضرات جو مقام مصطفیﷺ سے آگاہ رہے کسی بھی مداہنت کے بغیر اس مذہبی جنون کے ''جُرم'' میں شریک رہے غازی علم الدین شہید (پیدائش ۸ ذوالقعدہ ۱۳۲۶ھ/ ۸ دسمبر ۱۹۰۸ء شہادت ۲۶ جمادی الاُخری ۱۳۴۸ھ/ ۳۱ اکتوبر ۱۹۲۹ء بروز جمعرات) نے شانِ رسالتﷺ میں گُستاخی پر مبنی کتاب کے ناشر راج پال کو بروز ۱۶، اپریل ۱۹۲۹ء میں قتل کیا تو اُس کے بارے میں ممتاز صحافی اشتیاق بیگ لکھتے ہیں کہ علامہ اقبال کی درخواست پر قائداعظم محمد علی جناح نے علم دین کا مقدمہ لڑا، قائداعظم نے ایک موقع پر علم دین سے کہا وہ جرم کا اقرار نہ کرے ۔ غازی علم دین نے کہا میں یہ کیسے کہہ دوں کہ میں نے قتل نہیں کیا، مجھے اس قتل پر ندامت نہیں بلکہ فخر ہے، کورٹ نے علم دین کو سزائے موت دی، قائداعظم لبرل تصوّر کئے جاتے تھے اور اُس وقت ہندو مسلم اتحاد کے بہت بڑے حامی تھے، ہندو اخبارات نے اُن پر کڑی تنقید کی، لیکن قائداعظم نے اس تنقید کو ردّ کرتے ہوئے کہا ''مسلمانوں کے لئے حضور اکرمﷺ کی ذات مبارکہ ہر چیز سے بڑھ کر ہے''، علامہ اقبال نے غازی علم دین شہید کی میّت کو کندھا دیا اور اپنے ہاتھوں سے

اُنہیں قبر میں اُتارا اور اس موقع پر علامہ اقبال نے نم آنکھوں کے ساتھ کہا تھا ''ترکھان کا بیٹا آج ہم پڑھے لکھوں پر بازی لے گیا اور ہم دیکھتے ہی رہ گئے'' (روزنامہ جنگ، کراچی بدھ ۷صفرالمظفر ۱۴۳۲ھ، ۱۲جنوری ۲۰۱۱ء، ص۶، عنوان ''قانون توہینِ رسالت ﷺ اور غازی علم الدین شہید'') شانِ رسالت ﷺ میں گُستاخی کے جُرم میں ایک خانساماں نے ایک انگریز میجر کی بیوی کا کام تمام کر دیا، سر میاں محمد شفیع (م: جنوری ۱۹۳۲ء) نے جو برطانیہ کے زیرِ تسلط ہندوستان میں وائسرائے کی ایگزیکٹو کونسل کے رُکن بھی تھے اِس مقدمے کی پیروی کی ۔ دورانِ بحث اُن کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے ۔ ہائی کورٹ کے انگریز جج نے اُنہیں بڑی حیرت سے دیکھتے ہوئے پوچھا ''سر شفیع کیا آپ جیسے ٹھنڈے دل ودماغ کا بلند پایہ وکیل بھی اس طرح جذباتی ہو سکتا ہے؟'' سر میاں محمد شفیع نے رنج اور حسرت بھرے لہجے میں جواب دیا'' جناب آپ کو نہیں معلوم ایک مسلمان کو اپنے پیغمبرﷺ کی ذات سے کتنی گہری عقیدت اور محبت ہوتی ہے ۔ سر شفیع بھی اگر اس وقت وہاں ہوتا تو وہ بھی یہی کر گزرتا جو اِس ملزم نے کیا ہے'' (ترجمان القرآن، دسمبر ۲۰۱۰ء، توہینِ رسالت کا مقدمہ، ص۵۲) سیکولر لابی عام طور پر اس معاملہ میں علماء کرام کو ہی اپنی تنقید کا نشانہ بناتی ہے کہ یہ مسئلہ ان مولویوں کا پیدا کردہ ہے وورنہ روشن خیال، وسیع القلب، تعلیم یافتہ لوگوں کو تو اس معاملہ میں کوئی دلچسپی نہیں وہ ایسے مسائل کی تائید نہیں کرتے، ان کی اسلام سے دُوری، ان کے ایمانوں کی کمزوری، دینی بے حمیتی اور غلط بیانی کی واضح دلیل ایسے شخصیات کا کردار ہے جنہیں سیکولر لابی روشن خیال، وسیع القلب اور تعلیم یافتہ تسلیم کرتی ہے اور اُس کے ساتھ ساتھ مغربی قانون اور فلسفہ، قانون پر اُن کی ماہرانہ حیثیت مسلّم ہے، عرض یہ کہ کسی بھی طرح اُنہیں مولوی قرار نہیں دیا جاتا، اُن میں سے ایک برطانیہ میں تعلیم پانے والے اُصول پسند انسان محمد علی جناح جو جھوٹا یا مشتبہ مقدمہ لڑنا بھی پسند نہیں کرتے تھے دوسرے ڈاکٹر محمد اقبال ہیں جنہیں قوم اپنا محسن مانتی ہے، غازی علم الدین شہید کے معاملے میں ان کا کردار آپ نے پڑھا اور تیسرے ماہر قانون دان وائسرائے آف انڈیا کی ایگزیکٹو کونسل کے رُکن سر میاں محمد شفیع ہیں جن کا تذکرہ ایک شاتمہ کے قتل کیس کے ضمن میں ابھی ہوا، اب سیکولر لابی سے سوال ہے کہ یہ لوگ ماہر قانون دان، حُریّت کے علمبردار ہو کر توہینِ رسالتﷺ کے معاملے میں ایسے جذبات کیوں رکھتے ہیں؟ اور پھر سلمان تاثیر کے قتل پر ممتاز حسین قادری کو وُکلا نے چُوما اور اُسے ہار پہنائے اُن میں سے کوئی بھی مولوی تو نہیں تھا کہ جنہیں جاوید قریشی جیسے صحافی اور نام نہاد مسلمان سیاستدان مذہبی انتہا پسند کہیں، سب کے سب مغربی تعلیم سے آراستہ، اعلیٰ تعلیم یافتہ تھے پھر اس واقعہ پر بہت سے لوگوں کو دُکھ، رنج وملال ہوا خصوصاً اِس واقعہ پر ہونے والے ردِّعمل سے جیسا کہ ایک صحافی

اقدامات کرنے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔(۸۹)

باقی رہا نمازِ جنازہ پڑھنا اِس معاملے میں جذباتی ہونے کی ضرورت نہیں جنازے مسلمانوں کے پڑھے جاتے ہیں جنازے اللہ کو ماننے والوں کے پڑھے جاتے ہیں جنازے رسولِ معظم کو رسول جان کر انکی عزّت کرنے والوں کے پڑھے جاتے ہیں جنازے اسلام پر دل وجان سے یقین رکھنے والوں کے پڑھے جاتے ہیں بلاشبہ گُناہ گار لوگوں کو بھی جنازوں کے بغیر پھینک نہیں دیا جاتا لیکن وہ اپنی سرکشیوں پر ڈٹتے نہیں، اللہ سے توبہ کرتے رہتے ہیں، نمازِ جنازہ تو دعا ہے، مومن کا اعزاز ہے، مسلمان کے لیے تقریب وداع ہے جسمیں اللہ کی کبریائی کا اظہار ہوتا ہے اور امام کے سامنے پڑی مسلمان کی میّت کی آنر ہوتی ہے کہ مسلمان اُسے دعائے مغفرت سے الوداع کرتے ہیں۔ جنازے کی نماز میں حضور ﷺ پر درود وسلام پڑھا جاتا ہے۔

درود وسلام تو عاشقوں کا وظیفۂ محبت ہے، قرآنِ حکیم میں درود والی آیت کے معاً بعد حضور ﷺ کو دکھ دینے والوں کو لعنتی کہا گیا ہے۔(۹۰) سواَصحابِ لعنت پر نمازِ جنازہ کی خوشبوئیں کیسے چھڑکی جاسکتی ہیں۔اے کاش! جتنے سلمان تاثیر کے چاہنے والے اُن کی نماز

جاوید قریشی نے لکھا اور اپنی تحریر کو ''خونِ ناحق'' کا عنوان دیا اور اِسے ''روزنامہ ایکسپریس، کراچی'' نے اپنی منگل ۶ صفر المظفر ۱۴۳۲ھ۔۱۱ جنوری ۲۰۱۱ء کی اشاعت میں شائع کیا، تو میری جاوید قریشی اور اُس جیسے نظریات رکھنے والے دیگر حضرات سے عرض ہے کہ کیا کسی بھی گُستاخ رسول ﷺ یا گُستاخِ رسول ﷺ کے ساتھ ہمدردی رکھنے والے، اُسے آزادی دلانے کی تگ ودو کرنے والے، قادیانیوں کو کافر قرار دیئے جانے پر ناراض ہونے والے، اُن سے ہمدردی کا اظہار کرنے والے، توہینِ انبیاء علیہم السلام کا راستہ روکنے کے لئے قرآن وسنت، قضایا صحابہ وقضاۃ المسلمین کے فیصلوں کی روشنی میں بنائے جانے والے قانون کو ''کالا قانون'' قرار دینے والے کے قتل پر اہلِ ایمان کے ردّعمل پر بھی مایوسی کا اظہار کیا جاسکتا ہے؟ کوئی ایمان والا اس ردّعمل سے مایوس نہیں ہوسکتا، ہاں وہ ضرور مایوس ہوسکتا ہے کہ جس کے دل میں ایمان کی حرارت سرد اور دل محبت رسول ﷺ سے خالی ہو اور وہ دینی محبت سے عاری ہو۔

۸۹۔ اور یہ بات کسی پر پوشیدہ نہیں کہ اس ملک میں قانون کو ویران کرنے کی کوشش کی گئی اور اُن میں سب سے آگے گورنر پنجاب سلمان تاثیر تھے۔

۹۰۔ قرآن کریم میں ہے:﴿إِنَّ الَّذِينَ يُؤْذُونَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ

جنازہ کے لیے تڑپ رہے ہیں وہ خود بھی اُس وقت کو یاد رکھ لیتے۔

تاثیر نے تو پنجاب یونیورسٹی میں توہینِ رسالت کے قانون پر اظہارِ ضد کرتے ہوئے ایک طالب علم جس نے آیت پڑھی تھی ﴿إِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِينَ﴾ (۹۱) ''مذاق کرنے والوں کے لئے ہم کافی ہیں'' بڑے تکبر سے کہہ دیا تھا کہ میں مانتا ہوں وہی کافی ہے ہمیں قانونِ توہین بنانے کی کیا ضرورت ہے پھر اللہ نے تاثیر صاحب کو بتا دیا کہ وہ کافی ہے۔

ایک بات ضروری سمجھتا ہوں کہ علماء کو منظور ہوگا عدالت ممتاز حسین قادری کو بیل آؤٹ کرکے سلمان تاثیر کے گُستاخانہ لفظوں کا جائزہ لے کہ وہ توہینِ رسالت بنتی ہے یا نہیں۔ اگر سلمان تاثیر مُجرم ثابت ہو جائے تو جنہوں نے نمازِ جنازہ پڑھی۔ وہ سب توبہ کریں (۹۲) کہ گُستاخ رسول کے ساتھ یہ عقیدت کیسی؟ اور یہ بھی کہ ممتاز حسین قادری کو بری کر دیا جائے یقیناً عدالتوں کے جج جانتے ہیں کہ حضور ﷺ کی پسند کدو کے مقابلے میں کدو کو پسند نہ کرنے والے کو امام ابو یوسف نے کافر اور مرتد قرار دیا تھا۔ علماء کے نزدیک سلمان تاثیر کا مُجرم ہونا بھی مسلّمہ ہے۔

یہ بھی کہہ دوں کہ فتویٰ تلوار نہیں، لڑائی نہیں، جھگڑا نہیں کسی کی حق تلفی نہیں یہ اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے صادر ہونے والے احکام اور ہدایات کی ترسیل کا دوسرا نام ہے فتویٰ نسل انسانی کو اُلوہی ہدایات کے معاملے میں احتیاط سکھانے کا منہاج قویم ہے۔ فتویٰ کتاب وسنّت کو معیارِ زندگی قرار دینے کی جرأت ہے۔ صاحب فتویٰ دراصل عظمتوں کے

وَأَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِينًا﴾ (الأحزاب: ۵۷/۳۳)، ترجمہ: بے شک جو ایذاء دیتے ہیں اللہ اور اس کے رسول کو اُن پر اللہ کی لعنت ہے دنیا و آخرت میں اور اللہ نے اُن کے لئے ذلت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔ کنز الایمان

۹۱۔ الحجر: ۹۵/۱۵۔ ترجمہ: بے شک ان ہنسنے والوں پر ہم تمہیں کفایت کرتے ہیں۔ کنز الایمان

۹۲۔ کیا فرماتے ہیں علماء کرام ومفتیانِ شرع متین اِس مسئلہ کے بارے کہ ایک شخص قانون ناموسِ رسالت کو ''کالا قانون'' کہتا ہے اور اس کی میڈیا میں خوب تشہیر ہوتی ہے، وہ مرگیا، کیا ایسے شخص کا جنازہ پڑھنا، پڑھانا جائز ہے اور ایسے شخص کا جنازہ پڑھنے، پڑھانے والوں کا حکم کیا ہے؟ شریعت مطہرہ کی روشنی میں جواب سے نوازیں؟ سائل: حافظ محمد شہزاد ہاشمی گوجرانوالہ

الجواب: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم: مسئولہ صورت میں مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعظیم وتکریم ہر مسلمان پر فرض اعظم ہے اور جانِ ایمان ہے، قرآن کریم میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی تعظیم وتکریم کا حکم دیا ہے اور نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بے ادبی و گُستاخی سے منع فرمایا اور اس بے ادبی وتوہین کو موجبِ لعنت قرار دیا اور ایسے شخص کو عذاب الیم ومہین کی وعید سُنائی، اور احادیث مبارکہ سے ثابت ہے کہ خود نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے بے ادب گُستاخوں کو قتل کرنے کا حکم فرمایا، اللہ تبارک وتعالیٰ نے فرمایا:﴿لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُعَزِّرُوْهُ وَتُوَقِّرُوْهُ وَتُسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا﴾ یعنی تاکہ ''اے لوگوں تم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لاؤ اور اس کے رسول کی تعظیم وتوقیر کرو''، اور فرمایا:﴿يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ﴾ یعنی: ''اے ایمان والو: راعنا نہ کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور ہم پر نظر رکھیں اور پہلے ہی سے بغور سُنو اور کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے''، اِس آیہ کریمہ سے واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ایسے لفظ کے استعمال سے منع فرمادیا جس سے اشارۃً، کنایۃً بھی نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی بے ادبی و گُستاخی کا پہلو نکلتا ہو، الغرض کہ مذکورہ شخص نے قانونِ رسالت کو ''کالا قانون'' کہہ کر کُھلی اور علی الاعلان بے ادبی و گُستاخی کی اور میڈیا میں اس کلمہ ملعونہ کی تشہیر ہوئی، تو نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے ناموس وحُرمت کی حفاظت کے قانون کو ''کالا قانون'' کہنا علی الاعلان نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی گُستاخی کرنا صریح کُفر ہے، امام قاضی عیاض علیہ الرحمہ ''شفاء شریف'' میں فرماتے ہیں ''مِنْ إعظامِهِ وَإكبَارِهِ صلى الله عليه واله وسلم إعظامُ جَميعِ أَسبَابِهِ وإِكرامُ مَشَاهِدِهِ وأَمكِنَتِهِ مِن مكّةَ والمدينَةِ ومَعَاهِدِهِ ومالَمَسَهُ عليه الصّلوة والسّلام أو عُرِفَ بِهِ (الشّفا بتعريف حقوق المصطفى ٢، ٤٤) یعنی ''حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے تمام متعلقات کی تعظیم اور آپ کے نشانات اور مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ کے مقامات اور آپ کے محسوسات اور آپ کی طرف منسوب ہونے کی شہرت والی اشیاء کا احترام یہ سب حضور علیہ الصلوۃ والسلام کی تعظیم وتکریم ہے''۔ اور توہین اور گستاخی ایسا کفر ہے جس کی سزا دنیا میں قتل ہے، اور جو ایسے شخص کے کفر میں شک کرے اس کا ایمان بھی جاتا رہا اور اس کا بھی یہی حکم ہے۔ (نبی کریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے حکم سے گستاخوں کا قتل) ابورافع کا قتل حضرت براء بن عازب فرماتے ہیں ''بَعَثَ رَسُولُ اللهِ صلى الله عليه واله وسلم إِلٰى أَبِىْ رَافِعٍ اليَهُوْدِيِّ رِجَالًا مِنَ الأَنصَارِ أَمَّرَ عَلَيْهِم عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَتِيْكٍ، وَكَانَ أَبُوْ رَافِعٍ يُؤْذِى رَسُوْلَ اللهِ صلى الله عليه واله وسلم وَيُعِيْنَ عَلَيْهِم'': یعنی، ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے ابورافع یہودی کی جانب انصار کرام کے کچھ لوگوں کو بھیجا اور ان

پر عبد اللہ ابن عتیک کو امیر بنایا، ابورافع رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ایذاء دیتا تھا اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مخالفین کی مدد کرتا تھا۔ ''عمدۃ القاری'' میں اسی حدیث کے تحت علامہ بدر الدین عینی علیہ رحمۃ اللہ الباری فرماتے ہیں: ''جوازُ الاغتيال على من أَعانَ على رسول الله صلى الله عليه واله وسلم بيدٍ أو مالٍ أو رأى وكان أبو رافعٍ يعادى رسو ل الله صلى الله عليه واله وسلم ويعلم النّاس عليه'': یعنی جو شخص اپنی رائے مال اور ہاتھ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے خلاف مدد کرے یہ حدیث اس کے قتل کے جواز پر دلیل ہے۔ اور ابورافع رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا دشمن تھا اور لوگوں کو بھی دشمنی پر ابھارتا تھا۔ (عمدة القارى ١٤، ٣٧٨)

ابن خطل حضرت انس بن مالک بیان کرتے ہیں، ''أَنَّ رَسُولَ اللهِ صلى الله عليه واله وسلم دَخَلَ عَامَ الفَتْحِ وعَلَى رَأسِهِ المِغْفَرُ فَلَمَّا نَزَعَهُ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَال ابنُ خطلٍ مُتَعَلِّق بِاسْتَارِ الكَعْبَةِ فَقَال اقْتُلُوْهُ'' یعنی: جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم فتح مکہ کے سال (مکہ میں) داخل ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے سر اقدس پر خود تھا جب اس کو اتارا ایک صاحب حاضر ہوئے اور عرض کیا ابن خطل کعبہ کے پردوں میں چھپا ہوا ہے اور فرمایا اسے قتل کردو۔ اور اس کے علاوہ کتب احادیث میں دیگر گستاخان رسول کے حوالے بھی ملتے ہیں کہ انہیں نبی مکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے قتل کروایا۔ لہذا کسی مسلمان سے صراحتاً، اشارتاً کنایۃً کسی بھی طرح گستاخی ثابت ہو اس کی سزا قتل ہے۔

''کتاب الخراج''، امام ابو یوسف رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، ''قال أبو يوسف: وأيُّما رجلٍ مسلمٍ سبَّ رسولَ الله صلى الله عليه واله وسلم أو كذّبَه أو عابه او تنقّصه فقد كَفر بالله وبانتُ زوجتُه'' یعنی: جو شخص کلمہ گو ہو کر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برا کہے یا تکذیب کرے یا کوئی عیب لگائے یا شان گھٹائے وہ بلاشبہ کافر ہو گیا اور اس کی عورت نکاح سے نکل گئی (كتاب الخراج فصل فى الحكم المرتد عن الاسلام ص:١٩٧،٨) ''ذخیرۃ العقبیٰ'' میں ہے: ''قد اجمعتِ الأمةُعلى أنّ الإستخافَ بنبيِّناصلى الله عليه واسلم وبأىّ نبيٍّ كان عليهم الصّلوة والسّلام كفر سواء فعلَه ذلك مستحلاًّ أم فعلَه معتقد الحُرمةِ وليس بين العلماء خلاف فى ذلك ومن شكَّ فى كُفرهِ وعذابِهِ كفَرَ'' یعنی: بے شک تمام اُمتِ مرحومہ کا اجماع ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم خواہ کسی نبی کی تنقیص شان کرنیوالا کافر ہے خواہ اُسے حلال جان کر اس کا مرتکب ہوا ہو یا حرام جان کر بہر حال جمیع علماء کے نزدیک کافر ہے اور جو اس کے کفر میں شک کرے وہ کافر ہے، اسی میں ہے لا يغسلُ ولا يصلّى عليه ولا يكفنُ، یعنی، اُس کو غسل نہ دیا جائے اور نہ ہی نماز

علم و دانش اور عقل و بصیرت روایت و درایت اور آیات و احادیث کے تاریخی ریکارڈ کے ساتھ حق و حقیقت سے ملتحق رہنے کا نام فتویٰ ہے۔ ''جماعت اہلِ سنّت پاکستان'' کے پانچ سو مفتیان کرام صرف عدد بیانی ہے وگرنہ ہزاروں ائمہ اور مفتیانِ متین رسول کریم ﷺ کے گستاخ کے بارے میں نرمی کا سوچ بھی نہیں سکتے، رہ گئے پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے بلبلے تو اُن سب کا معاملہ ہم اللہ پر چھوڑتے ہیں اور قارئین کو رسول کریم ﷺ کے ناموس کے معاملے میں اللہ یاد کرانے کے لئے قرآن کریم کی طرف رُجوع کرتے ہیں۔

اللہ کی کتاب میں ایک سورت ''سورہ لہب'' نام کی بھی اُتری ہے جو ہمیں سکھاتی ہے کہ وہ رشتہ داریاں اور تعلق جن میں ایمان و عقیدہ نہ ہو اُس کی کوئی حیثیت نہیں ہوتی مردانِ خُدا ہمیشہ مُنحرف، جبار اور سرکش لوگوں کی بدتمیزیوں کے خلاف برسرِ پیکار رہتے ہیں کیوں نہ وہ

جنازہ پڑھی جائے، جو اس کو مسلمان جانیں یا اس کا جنازہ پڑھے یا اس کے دعائے مغفرت کرے اس کا اپنا ایمان و نکاح جاتا رہے گا قرآن مجید میں ہے ﴿وَ لَا تُصَلِّ عَلٰۤى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّ لَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ مَاتُوْا وَ هُمْ فٰسِقُوْنَ﴾ ''ترجمہ: کبھی نماز نہ پڑھ ان کے کسی مردے پر نہ اس کی قبر پر کھڑا ہو انہوں نے اللہ اور اس کے رسول کے ساتھ کفر کیا اور فسق ہی مر گئے (سورۃ توبہ: ۹/ ۴۸) لہذا ایسے شخص کا جنازہ پڑھنا حرام اور جنہوں نے جنازہ پڑھا ان پر تجدید ایمان و نکاح کے بعد توبہ استغفار لازم ہے۔

کتبہٗ مفتی محمد تنویر القادری

دالافتاء جامعہ نظامیہ رضویہ، اندرون لوہاری گیٹ لاہور پاکستان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اِھانتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مُرتکب شخص کی سزا اُسے قتل کیا جانا ہے جو کہ قرآن سنت اور اجماعِ اُمت کے دلائل سے ثابت ہے اور اسی کے مطابق ملکی قانون بھی ہے لہذا شخص مذکور کا اُسے ''کالا قانون'' کہنا صریح کفر ہے اور اھانتِ رسول صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے مرتکب افراد کی حمایت کے مترادف ہے اس لئے ایسا شخص دائرہ اسلام سے خارج ہے اُس کی سزا بھی شرعاً وہی ہے جو شاتم نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی ہے فتوی مذکورہ درست ہے لہذا اس کی تائید کی جاتی ہے۔

....

الجواب الصحیح: عبدالستار سعیدی غفرلہ دارالافتاء جامعہ نعیمیہ، گڑھی شاہو لاہور

لوگ اُن کے رشتہ دار ہی ہوں ''سورہ لہب'' اعلان کرتی ہے ابولہب کے ہاتھ توڑ دیئے گئے ہیں۔ کُفر، گستاخی اور بدی دریا کی جھاگ کی طرح اُبھرتے ہیں لیکن اُن کا منطقی انجام قعر مُذلّت ہوتا ہے۔ قرآن کریم کا یہ حصہ ہمیں یہ بھی سکھاتا ہے کہ گُستاخوں کے ساتھ مداہنت برتنے کی تمام رسیاں کاٹ دی گئی ہیں۔

''سورہ لہب'' گُستاخِ رسول ﷺ کے لئے ایک سنگین تعزیر بھی ہے اور عشقِ رسول ﷺ رکھنے والوں کے لئے درود و سلام کا ایک آہنگ بھی۔ آؤ ''سورہ لہب'' پڑھکر اِس بات کا اظہار کریں کہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں کی جانے والی تمام گُستاخیاں، بے باکیاں اور بدتمیزیاں قعرِ مُذلّت میں پٹخ دی گئی ہیں، اَب ہم قرآن مجید کا یہ اعلان سمع و اطاعت کے جذبے سے سُنتے ہیں کیوں نہ کوئی ملّت فروش، چشمہ پوش اور شیدائے نا ؤ نوش اسکو بُرا جانے۔

﴿تَبَّتْ يَدَاۤ اَبِیْ لَهَبٍ وَّ تَبَّ O مَاۤ اَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَ مَا كَسَبَ O سَیَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ O وَّ امْرَاَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ O فِیْ جِیْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍO (۹۳)

ابولہب کے دونوں ہاتھ تباہ ہو جائیں اور وہ ہلاک ہو ہی گیا۔ (۹۴) اُسے اُس کا مال کچھ کام نہ آیا اور نہ ہی وہ جو اُس نے کمایا (۹۵) وہ جلد ہی اُس آگ میں جا ملے گا جس کے شعلے بھڑک رہے ہیں۔ اور اُس کی وہ بیوی (۹۶) بھی

۹۳۔ اللھب: ۱۱۱/ ٤

۹۴۔ ابولہب کا نام عبدالعزی ہے، عبدالمطلب کا بیٹا اور سید عالم ﷺ کا چچا تھا، بہت گورا خوبصورت آدمی اس لئے اُس کی کنیت ابولہب ہے اور اِسی کنیت سے وہ مشہور تھا اور دونوں ہاتھ سے مراد اُس کی ذات ہے (تفسیر خزائن العرفان، سورۃ اللّھب، ۱۱۱/ ۱، ص ۷۱۵)

۹۵۔ یعنی اُس کی اولاد مروی ہے کہ ابولہب نے جب پہلی آیت سُنی تو کہنے لگا کہ جو میں اپنی جان کے لئے اپنے مال اور اولاد کو فدیہ کر دوں گا، اِس آیت سے اُس کا ردّ فرمایا گیا کہ یہ خیال غلط ہے کہ اُس وقت کوئی چیز کام آنے والی نہیں، (تفسیر خزائن العرفان، سورۃ اللّھب، ۱۱۱/ ۱، ص ۷۱۵)

۹۶۔ اُمّ جمیل بنت حرب بن اُمیہ ابوسفیان کی بہن جو رسول اللہ ﷺ سے نہایت عناد و عداوت رکھتی تھی اور باوجودیکہ بہت دولتمند اور بڑے گھرانے کی تھی لیکن سید عالم ﷺ کی عداوت میں انتہاء کو پہنچی تھی کہ خود اپنے سر پر کانٹوں کا گٹھا لا کر رسول کریم ﷺ کے راستہ میں ڈالتی تا کہ حضور اور حضور کے اصحاب کو ایذا و تکلیف ہو اور حضور کی ایذاء رسانی اُس کو اتنی پیاری تھی کہ وہ اِس کام کے لئے کسی دوسرے سے مدد لینا بھی گوارا نہ کرتی تھی۔

جو لکڑیوں کا گٹھا اٹھانے والی ہے۔ اُس کے گلے میں کھجور کی چھال کی رَسّی ہے۔(۹۷)

اے میرے اِلٰہ! تو نے جیسے ابولہب کو گُستاخیوں کی وجہ سے بھڑکتی آگ میں جھونکا آج بھی ہر رُشدی ملعون (۹۸) کے لئے آگ کے شعلے بھڑکا وہ قوم جو تیرے نبی کے خاکے بنا کر تیری قدرت کا مذاق اڑائے اُس پر آگ برسا شعلے بپا کر، انہیں دوزخ کا ایندھن بنا ۔۔۔۔۔۔! یا عشاق کے بازوؤں میں توانائی پیدا کر کہ وہ گندی قوم کا احتساب خود کر سکیں۔

ہمارے رب! تو نے اُمّ جمیل کی گندی گردن میں رَسے ڈالے، تیرے جلال کا تجھے عظیم واسطہ ہر تسلیمہ نسرین (۹۹) کی گردن میں بٹے ہوئے رسے ڈال مسلمانوں کو شعور عطا فرما

۹۷۔ جس سے کانٹوں کا گٹھا باندھتی تھی، ایک روز یہ بوجھ اٹھا کر لا رہی تھی کہ تھک کر آرام کرنے کے لیئے ایک پتھر پر بیٹھ گئی، ایک فرشتے نے بحکم الٰہی اُس کے پیچھے سے اُس گھٹے کو کھینچا وہ گرا اُسی سے اُس کے گلے میں پھانسی لگ گئی اور وہ مرگئی۔(تفسير خزائن العرفان، سورة اللّهب، ۱۱۱/۵، ص ۷۱۵)

۹۸۔ یہ ہندی نژاد برطانوی ملعون گُستاخ ہے اس نے رسوائے زمانہ کتاب ''شیطانی آیات'' لکھی جس کے منظر عام پر آنے پر ہر طرف غم و غصے کی لہر دوڑ گئی، عالمی سطح پر سلمان رُشدی کے خلاف احتجاج و مظاہرے ہوئے، خود انگلینڈ کے طول وعرض ہیں مسلمان جلسے وجلوس اور قراردادوں کے ذریعے اس مردود کتاب پر پابندی عائد کرنے اور اہانتِ رسول ﷺ کے جرم میں ملعون رُشدی کو قرار واقعی سزا دینے کا زبردست مطالبے کرنے لگے اور اس موذی کے واجب القتل ہونے کے فتاوی عالم اسلام میں متعدد مقامات سے جاری ہوئے اور اس کے ردّ میں بہت کچھ لکھا گیا اُن میں سے مشہور ردّ علامہ ابوالفصل عبداللہ بن صدیق غماری (متوفی ۱۴۱۳ھ) کا رسالہ ہے جو ''السَّيف البتّار لِمَن سبّ النّبيّ المُختار'' کے نام سے شائع ہوا، اور علامہ محمد ظہیر الدین قادری نے متعدد ردّ مختلف ناموں سے لکھے جو ''عقائد اہلِ سنّت'' (مطبوعہ: فرید بک اسٹال، لاہور) میں شائع ہوے۔

۹۹۔ تسلیمہ نسرین ایک ملعونہ گستاخ عورت ہے جس کے بارے میں ہفت روزہ ''راشٹر سہارا'' دہلی ۲۵ ستمبر ۱۹۹۴ء میں مذکور ہے کہ ۳۱ سالہ تسلیمہ نسرین ایک عام ڈاکٹر ہے۔ اگرچہ اب اُس نے اِس مشغلہ کو ترک کر کے عورتوں کی نام نہاد آزادی اور اُن کے حقوق کے سلسلے میں لکھنا شروع کر دیا ہے، کالج میں پڑھنے کے زمانے سے وہ اسلام دشمن طبیعت کی مالک رہی ہے۔ اکثر اپنے والدین سے نماز، روزہ اور

کہ وہ سمجھیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔، وہ جانیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اُن کا عقیدہ ہو: محکم ایمان، مضبوط نظریہ، نا قابل شکست تصدیق، ''آبروئے ما ز نام مصطفٰے است'' (۱۰۰)۔

تلاوت قرآن کریم کے بارے میں مباحثہ بھی کرتی رہتی اور اُن سے یہاں تک کہہ دیتی: امی جان! آخر اِن عبادات سے فائدہ کیا ہے؟ میں تو نہ اللہ کو مانتی ہوں نہ ہی اس جنّت پر ایمان رکھتی ہوں جس کی تمنّا تم کرتی ہو؟ اس کی ماں جواب میں کہتی ''بیٹی! یہ تمہارا موٴقف اسلام کے خلاف معاندانہ ہے'' اِس کے اس معاندانہ نظریہ کا اصل سبب اُس کی آزادانہ تفریح اور اجنبی مردوں کے ساتھ مجلسوں اور محفلوں میں اسلام کے مطالعہ کے بغیر اس پر بحث تنقید ہے، انہی نظریات کی مظہر اس کی تحریریں ہیں (تحفّظ عائدِ اہلِ سنّت، بنگلہ دیش کی تسلیم نسرین، سلمان رُشدی کی ہمزاد، ص ۲۶۵) اور اُس نے ''لجاء'' نامی بدنام ناولوں کے ذریعے اسلام اور احکام اسلام پر رکیک وذلیل حملے اور باغیانہ خیالات کا اظہار کیا تو ہر طرف احتجاج اور مظاہرے ہونے لگے اس کو فنا فی النار کرنے والے کے لئے بنگلہ دیشی کرنسی میں پچاس ہزار ٹکے کے انعام کی اعلان ہونے لگا، ایک بار پھر عالم اسلام کراہ اُٹھا۔۔۔ غیرت مند مسلمان کے جذبات بھڑک اُٹھے۔ تسلیم نسرین کے نظریات وافکار پوری طرح سلمان رُشدی کی طرح اسلام دشمنی پر مبنی ہیں اس لئے اگر یہ کہا جائے کہ تسلیم نسرین سلمان رُشدی کی ہمزاد ہے تو بے جانہ ہوگا تفصیل کے لئے دیکھئے۔ (تحفّظ عقائد اہلِ سنّت، ص ۲۶۵)

۱۰۰۔ یعنی ہماری آبرو مصطفٰی ﷺ کے نام سے ہے، جب آبرو کی بات آئی ہے تو اس کے تحت احقر عرض کرتا ہے کہ دنیا میں ایک عام آدمی کی ہتک عزّت قابلِ تعزیر جُرم ہے، ہر معاشرے، ہر ملک، ہر قوم میں اس کے لئے قانون وضع کیا گیا ہے، جب عام آدمی کی ہتکِ عزّت قابل تعزیر جُرم ہو تو اُس ذات کی ہتکِ عزّت کیوں نہ قابلِ تعزیر ہو، جو ارب سے زائد انسانوں کو اپنی جان و مال ہی نہیں بلکہ اپنی ذات سے بڑھ کر محبوب ہے، جس کی عزّت سے اُن کی عزّت وابستہ ہے، جس کے نام سے اُن کا نام متعلق ہے جس کی توہین سے اُن کی اپنی عزّت، اُن کے دین، اُن کے آئین اور اُن کی ملّت کی توہین ہوتی ہے، کیونکہ مسلمانوں کی آبرو حضور سرور کائنات ﷺ کے نام سے ہے ''آبروئے ما ز نام مصطفٰے است''۔

مآخذ ومراجع

☆ **القرآن الكريم**

☆ **الإجماع**، لابن المنذر، الإمام أبی بكر محمد بن إبراهيم النيسابوری (ت٣٠٩ھ) تحقيق: د۔ فواد عبد المنعم أحمد، دار المسلم، الرياض، الطبعة الأولىٰ ١٤٢٥ھ۔ ٢٠٠٤م

☆ **أحكام القرآن** للرّازی، الإمام أبی بكر أحمد بن علی الحنفی (ت٣٧٠ھ) دار الفكر، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠١م

☆ **الأشباه و النّظائر** ، لابن نجيم، الإمام زين الدّين بن إبراهيم بن محمد المصری الحنفی (ت٩٧٠ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولىٰ ١٤١٣ھ۔ ١٩٩٣م

☆ **الأشرف على مذهب أهل العلم**، لابن المنذر، الامام أبی بكر محمد بن إبراهيم النيسابوری (ت٣٠٩ھ) خرجّ أحاديثه عبد الله عمر البارودی، دار الفكر، بيروت، ١٤١٤ھ۔ ١٩٩٣م

☆ **البحر الرّائق شرح كنز الدقائق** ، لابن نجيم، العلامة زين الدين بن إبراهيم بن محمد المصری الحنفی (ت٩٧٠ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت، بيروت، الطبعة الأولى ١٤١٨ھ۔ ١٩٩٧م

☆ **تاريخُ بَغداد** (مدينةُ الإسلام)۔ للبغدادی، الإمام أبی بكر أحمد بن علی الخطيب (ت ٤٦٣ھ)، تحقيق صدقی جميل العطّار، دارالفكر، بيروت، الطّبعة الأولىٰ ١٤٧٤ھ۔ ٢٠٠٤م

☆ **تحفّظِ عقائدِ اهلِ سُنّت** مع ايمان آيات بجواب شيطانی خرافات، للعلامة محمد ظهير الدين القادری، فريد بك اسٹال، لاهور، طبع اول ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

☆ **تفسير ابن أبی حاتم**، الإمام الحافظ عبد الرحمن بن أبی حاتم ممحمد التّميمی الحنظلی الرّازی (ت٣٢٧ھ)، ضبطه أحمد فتحی عبد الرحمن حجازی، دار الكتب العلمية، بيروت، الطبعة الأولى ١٤٢٧ھ۔ ٢٠٠٦م

☆ تفسير خزائن العرفان = خزائن العرفان

☆ **الجامع لأحكام القرآن** ۔ للقُرطبی، الإمام أبی عبد اللّٰه محمد بن أحمد الأنصاری المالكی (٦٦٨ھ)، دار إحياء التّراث العربی، بيروت، الطّبعة الأولى ١٤١٦ھ۔ ١٩٩٥م

☆ حاشية السِّندی على السُّنن لأبی داؤد= فتح الودود

☆ **حاشيةُ السِّنْدی** على السُّنَن للنّسائی۔ لأبی الحسن الكبير، الإمام نورالدّين محمد بن عبدالهادی الحنفی (ت١١٣٨ھ)، دارالكتب العلمية، بيروت، الطّبعة الثّالثة ١٤٢٤ھ۔ ٢٠٠٣م

☆ **حسب المفتين**، للعلاّمه الأمير أبی المعالی الحنفی، مخطوط مصوّر، مخزون فی دار الكتب لجمعيّة اشاعة أهل السُّنّه، بجوار نور مسجد، ميٹهادر، كراتشی

☆ **خَزَائِنُ العِرفان**۔ لصدر الأفاضل، السّيّد محمد نعيم الدّين الحنفی (ت ١٣٦٧ھ)، المكتبة الرّضوية، كراتشی

☆ **الْخَصَائِصُ الكُبری**۔ للسّيوطی، جلال الدّين أبی الفضل عبدالرّحمٰن بن أبی بكر الشّافعی (ت٩١١ھ)، دارالكتب العلمية، بيروت

☆ **الدُّرُّ المنثور** فی التّفسير بالمأثور، للسّيوطی، الإمام جلال الدّين عبد الرحمٰن بن أبی بكر الشّافعی (ت٩١١ھ)، دار احياء التراث العربی، بيروت، الطّبعة الأولى ١٤٢١ھ۔ ٢٠٠٠م

☆ **الدُّرُّ المُختار** شرح تَنْوِير الأبْصَار۔ للحصكفی، العلامة محمد بن علی الحنفی (ت١٠٨٨ھ)، تحقيق عبدالمُنعم خليل إبراهيم، دارالكتب العلمية، بيروت، الطّبعة الأولىٰ ١٤٢٣ھ۔ ٢٠٠٢م

☆ **الدرر الحكام شرح غرر الأحكام**، للقاضی محمد بن فراموز الشّهير بملا خسرو الحنفی(ت٨٨٥ھ)، طبع فی سنة ١٣٢٩ھ فی مطبعة أحمد كامل

الکائنة فی دار السّعادة

☆ **رَدُّالمحتار علی الدّرّالمختار۔** لابن عابدین، العلامة السیّد محمد أمین الآفندی الشّامی الحنفی (ت۱۲۵۲ھ)، دار المعرفة، بیروت، الطّبعة الأولیٰ ۱۴۲۰ھ۔ ۲۰۰۰م

☆ **رسالہ بنام آسیہ مسیح** (ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ) ابو محمد سید عبد اللہ رضا ناصر، مکتبة تحفظ ایمان، کراچی، دسمبر ۲۰۱۰ء

☆ **رسالہ عاشق رسول ﷺ،** ابو محمد سید عبد اللہ رضا ناصر، مکتبہ تحفظ ایمان، کراچی، ۲۰۱۱

☆ **سُنَن إبن مَاجَة۔** للإمام أبی عبد اللّٰہ محمد بن یزید القَزْوِینی (ت۲۷۳ھ)، دار الکتب العلمیة، بیروت،الطّبعة الأولیٰ ۱۴۱۹ھ۔۱۹۹۸م

☆ **سُنَن أبِیْ داؤد۔** للإمام سلیمان بن أشعث السّجستانی (ت۲۷۵ھ)، دار ابن حزم، بیروت، الطّبعة الأولیٰ ۱۴۱۸ھ۔۱۹۹۷م

☆ **سُنَنُ النّسائی۔** للإمام أبی عبد الرّحمن أحمد بن شعیب الخُرَاسَانی (ت۳۰۳ھ)، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطّبعة الثّانیّة ۱۴۲۴ھ ۔ ۲۰۰۳م

☆ **السُّنَنُ الکُبْریٰ۔** للبیھقی، الإمام أبی بکرأحمد بن الحسین الشّافعی (ت۴۵۸ھ)، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطّبعة الأولیٰ ۱۴۲۰ھ۔ ۱۹۹۹م

☆ **االسّیرة النّبویّة لابن ھشام،** أبی محمد عبدالملك المعافری (ت۲۱۳ھ) (مع الرّوض الأُنف)، تعلیق طہ عبدالرّؤف سعد،، دارالفکر، بیروت ۱۴۰۹ھ۔۱۹۸۹م

☆ **السَّیفُ المسلُول علی من سب الرسول ﷺ،** للسُّبکی، الشَّیخ تقی الدّین أبی الحسن علی بن عبد الکافی الأنصاری الخزرجی الشّافعی (ت۷۵۶ھ)، تحقیق أبی أُسامة سلیم بن عید الھلالی، دار ابن حزم، بیروت، الطبعة الأولیٰ ۱۴۲۶ھ۔ ۲۰۰۵م

☆ **الشِّفا** بتعریف حُقُوقِ المُصطفیٰ۔ للقاضی أبی الفضل عیاض بن موسی بن عیاض الیَحصُبی المالکی(ت۵۴۴ھ)، دار إحیاء التُّراث العربی، بیروت، الطّبعة الأولی ۱۴۲۴ھ۔۲۰۰۳م

☆ **شرحُ الشّفا۔** للقاری، الإمام علی بن سلطان محمد الحنفی المعروف بالملا علی القاری (ت۱۰۱۴ھ)، صحّحه عبداللّٰه محمد الخلیلی، دارالکتب العلمیة، بیروت۔

☆ **شرح بدء الأمالی** ، للرازی، الإمام أبی بکر أحمد بن علی الرازی الحنفی، (ت۳۷۰ھ)، تحقیق: ابی عمرو الحسینی بن عمر بن عبد الرحیم، الطبعة الأولیٰ ۱۴۲۲ھ۔ ۲۰۰۱م

☆ **شماتت سرکار کی کوششیں اور مسلمانانِ ہند،** محمد رفیق شیخ حنفی قادری (ایم۔اے) مع حُرمتِ رسول ﷺ پر سب کچھ قربان، قادری رضوی کتب خانہ، لاہور ۲۰۰۸ء

☆ **الصّارم المسلول علی شاتم الرسول ﷺ،** لابن تیمیة، الشیخ تقی الدین أبی العباس أحمد بن عبد الحلیم النمیری الحرانی (ت۷۲۸ھ) دار ابن حزم، بیروت، الطبعة الأولی ۱۴۲۴ھ۔ ۲۰۰۳م

☆ **صَحِیْحُ الْبُخَارِیُ۔** للإمام أبی عبد اللّٰہ محمد بن إسماعیل الجُعفی (ت۲۵۶ھ)، دار الکتب العلمیة، بیروت، الطّبعة الأولیٰ۱۴۲۰ھ۔ ۱۹۹۱م

☆ **صَحِیْح مُسْلِم۔** للإمام أبی الحسین مسلم بن الحجاج القشیری (ت۲۶۱ھ)، دارالأرقم، بیروت، الطّبعة الأولیٰ۱۴۲۱ھ۔۲۰۰۱م

☆ **فتحُ القَدیر لابن الھمام،** الإمام کمال الدین محمد بن عبد الوحد الحنفی (ت۸۶۱ھ)، دار احیاء التراث العربی، بیروت

☆ **فتح الودود للسّندی،** للإمام أبی الحسن الکبیر نور الدین محمد بن عبد الھادی الحنفی (ت۱۱۳۸ھ)، مؤسسة قرطبة

☆ **الفَتاویٰ الرَّضَویَّة۔** مع التّخریج، لإمام أھل السّنّة، الإمام أحمد رضا بن نقی علی خان الحنفی(ت۱۳۴۰ھ)، رضافاؤنڈیشن، لاہور

☆ **فتاویٰ قاضیخان،** للإمام أبی حسن بن منصور بن أبی القاسم الحنفی

(ت۵۹۲ه) دار المعرفة، بيروت، الطبعة الثالثة ۱۳۹۳ه۔ ۱۹۷۳م

☆ **الفتاویٰ تنقيحُ الحامدية** ، لابن عابدين، العلامة السيد محمد أمين بن الشامی الحنفی (ت۱۲۵۲ه) المكتبة الحقانية، كوئتة

☆ **الفتاوی البزازية**، المسمّاة بالجامع الوجيز، للإمام حافظ الدين محمد بن محمد بن شهاب المعروف بابن البزار الكردری الحنفی (ت۸۲۷ھ) علی هامش الفتاوی الهندية، دار المعرفة، بيروت، الطّبعة الثّالثة ۱۳۹۳ھ۔ ۱۹۷۳م

☆ **فهم دين**، للدكتور محمد اشرف آصف الجلالی، صراط مستقيم پبلی کيشنز، لاهور ۲۰۰۷ء

☆ **كِتَابُ المَغَازِیٰ۔** للواقدی، أبی عبد اللّٰه محمد بن عمر(ت ۲۰۷ھ)، تحقيق محمد عبدالقادرأحمد عطا، دار الكتب العلمية، بيروت، الطّبعة الأولیٰ۱٤۲٤ھ۔ ۲۰۰٤م

☆ **كنزالإيمان** فی ترجمة القران، لإمام أهل السنّة، الإمام أحمد الرضا بن نقی علی خان القادری الحنفی (ت۱۳٤۰ھ)، مكتبة رضوية، كراتشی

☆ **قائد اعظم**: تقارير و بيانات، ترجمه اقبال احمد صديق، بزم اقبال، لاهور

☆ **قانون ناموسِ رسالت** ﷺ ، محمد اسماعيل سينئير ايڈوکيٹ سپريم کورٹ، فيصل پبلشرز، لاهور۔

☆ **المُصنَّف** لابن أبی شيبة، الإمام أبی بكر عبداللّٰه بن محمد العبسی الكوفی (۲۳۵ھ)، تحقيق محمد عوّامة، المجلس العلمی، دارقرطبة، بيروت، الطّبعة الأولیٰ ۱٤۲۷ھ۔ ۲۰۰٦م

☆ **المصنَّف۔** للإمام عبد الرّزاق بن همام الصنعانی (۲۱۱ھ)، تحقيق أيمن نصر الدّين الأزهری، دار الكتب العلمية، بيروت، الطّبعة الأولیٰ ۱٤۲۱ھ۔ ۲۰۰۰م

☆ **الُمُعجَمُ الصَّغِيُر۔** للطّبرانی، الإمام أبی القاسم سليمان بن أحمد (ت۳٦۰ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت،۱٤۰۳ھ۔ ۱۹۸۳م

☆ **المُسند**، للإمام أحمد بن حنبل (ت ۲٤۱ھ)، المكتب الإسلامی، بيروت

☆ **مُسْنَدأبی يعلیٰ۔** للإمام أبی يعلی أحمد بن علی الموصلی (ت۳۰۷ھ)، تحقيق الشّيخ خليل مأمون شيحا، دار المعرفة، بيروت، الطّبعة الأولیٰ ۱٤۲٦ھ۔ ۲۰۰۵م

☆ **المبسوط** للسّرخسی، الإمام أبی بكر محمد بن أبی سهل الحنفی (٤۸۳ھ)

☆ **مختصر الصّارم المسلول علی شاتم الرّسول** ﷺ ، اختصره العلامة بدر الدين محمد بن علی بن محمد البعلی الحنبلی (ت۷۷۸ه) تحقيق وتعليق عبد العزيز بن محمد الجرجوع، مدار الوطن للنشر، للرياض، الطبعة الأولیٰ ۱٤۲۸ه

☆ **مَعَالِمُ السُّنَن۔** للخطابی، الإمام محمد بن إبراهيم (ت۳۸۸ھ)، تعليق عزّت عبيد الدّعاس وعادل السيّد، دارالحديث، حِمص، سورية، الطّبعة الأولیٰ ۱۳۹۳ھ ۔ ۱۹۷۳م

☆ **المسايرة** فی العقيدة المنجية فی الآخرة، لابن الهمام، الإمام كمال الدّين محمد بن عبد الواحد الحنفی (ت ۸٦۱ھ)، تحقيق كما ل الدّين قاری و عزّ الدّين معميش، المكتبة العصرية، بيروت، الطّبعة الأولیٰ ۱٤۲۵ھ۔ ۲۰۰٤م

☆ **نسيم الرّياض** فی شرح شِفَاءِ القاضی عياض۔ للخفاجی، العلاّمة شهاب الدّين أحمد بن محمد المصری (ت۱۰٦۹ھ)، علّق عليه محمد عبدالقادر عطاء، دار الكتب العلمية، بيروت، الطّبعة الأولیٰ ۱٤۲۱ھ۔ ۲۰۰۱م

☆ **ماهنامه ترجمان القرآن**، دسمبر ۲۰۱۰ء

☆ **ماهنامه تحفُّظ**، کراچی، ربیع الثّانی ۱٤۳۲ھ۔ مارچ ۲۰۱۱ء

☆ **ماهنامه دلیلِ راه**، لاهور، ربیع الأول ۱٤۳۲ھ۔ فروری ۲۰۱۱ء

☆ **ماهنامه مصلح الدین**، ربیع الثّانی ۱٤۳۲ھ۔ کراچی، فروری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه جنگ**، کراچی ۲۱ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه جنگ**، کراچی ۲۸ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ۲۹ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه جنگ**، کراچی ۳۰ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ۵ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ٦ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ۱۰ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه جنگ** ، کراچی ۱۲ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه نوائے وقت**، کراچی ۲۳ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۲۰ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۲۳ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۵ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۱۱جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه ایکسپریس**، کراچی ۱۲جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه امت**، کراچی ۲٤ دسمبر ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه امت**، کراچی ۱۷ جنوری ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه امت**، کراچی ٦ جنوری ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه امت**، کراچی ۱۲ جنوری ۲۰۱۰ء

☆ **روزنامه امت**، کراچی ۱۹ جنوری ۲۰۱۱ء

☆ **روزنامه جناح**، ۱۹ ستمبر ۲۰۰۹ء

☆ **روزنامه آغاز**، کراچی ۲۵ نومبر ۲۰۱۰ء